www.mashriqquetta.com.pk

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 منگل 11 شوال 1447ھ 31 مارچ 2026ء صفحات 08 شمارہ 265
رجسٹرڈ BC-m-11 قیمت 35 روپے PTCL: 081-2827345, 081-2827344 Email: mashriqqta2008@gmail.com

صدر مملکت کی زیر صدارت اجلاس، صوبوں کی مخالفت پر ملک میں سمارٹ لاک ڈاؤن نافذ نہ کرنے کا فیصلہ

شرکا نے ملک کو درپیش معاشی، توانائی اور سکیورٹی چیلنجز پر مشاورت کی اور ان سے نمٹنے کے لیے جامع حکمت عملی پر اتفاق کیا، اجلاس میں صوبوں پر 254 ارب کے ریلیف پیکج میں حصہ ڈالنے پر زور

صدر مملکت کی ایندھن کے کم استعمال، پبلک ٹرانسپورٹ کے فروغ اور مشترکہ سفری سہولیات کو اپنانے کی حوصلہ افزائی کیلئے عوامی آگاہی مہم چلانے کی ہدایت، قومی سلامتی کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی غور

اسحاق ڈار نے اجلاس کو حکومت کی فعال سفارتی کوششوں سے آگاہ کیا اور ترکی، سعودی عرب اور مصر کی قیادت سے حالیہ رابطے اور تنازع میں شامل ممالک کے رہنماؤں سے بات چیت پر بریف کیا، اعلامیہ

صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی ملاقات، خطے کی بدلتی صورتحال اور اس کے پاکستان پر اثرات کا جائزہ لیا گیا قومی سطح پر مربوط حکمت عملی اور ادارہ جاتی ہم آہنگی پر زور

اسلام آباد (زاہد احمد خان) صدر مملکت آصف علی زرداری کی زیر صدارت اہم اجلاس میں حکومت نے صوبوں کی مخالفت پر ملک میں اسمارٹ لاک ڈاؤن نافذ نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف نے ایوان صدر میں صدر آصف علی زرداری سے اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار، سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری، وزیر داخلہ محسن نقوی اور قومی سلامتی کے مشیر لیفٹیننٹ جنرل عاصم ملک بھی شریک ہوئے۔ اجلاس میں قومی سلامتی کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی غور کیا گیا جبکہ خطے میں بدلتی ہوئی صورتحال اور اس کے پاکستان پر ممکنہ اثرات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ شرکا نے ملک کو درپیش معاشی، توانائی اور سکیورٹی چیلنجز پر مشاورت کی اور ان سے نمٹنے کے لیے جامع حکمت عملی پر اتفاق کیا۔ ملاقات میں قومی سطح پر مربوط حکمت عملی اختیار کی جائے ادارہ جاتی سطح پر ہم آہنگی کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ اجلاس میں چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ نے توانائی بچت اقدامات کے تحت ملک بھر میں اسمارٹ لاک ڈاؤن نافذ کرنے کی مخالفت کی جس پر اجلاس میں سمارٹ لاک ڈاؤن نہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں بریفنگ دی گئی کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے تیل کی......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرولیم مصنوعات کا ذخیرہ بڑھ کر 4 ہفتوں کا ہوگیا، خرم شہزاد

تیل سپلائی پر تشویش کی ضرورت نہیں، پیٹرولیم مصنوعات وافر مقدار میں ہیں

اسلام آباد (شاکر رحمان) مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد نے کہا ہے کہ ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کے ذخائر وافر مقدار میں موجود ہیں، پہلے پیٹرولیم مصنوعات کا ذخیرہ 24 دن کا تھا جو اب بڑھ کر 4 ہفتوں کا ہوگیا......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

صدر مملکت آصف زرداری سے وزیر اعظم شہباز شریف ملاقات کر رہے ہیں

ایکسپو سینٹر کوئٹہ منصوبہ بندی کے مطابق جاری رکھا جائے، وزیر اعلیٰ

منصوبہ پہلے ہی تاخیر کا شکار ہو چکا ہے، منتخب کردہ مقام صنعتی زون کے قریب واقع ہے جو مؤثر انداز میں کام کر رہا ہے

کاروباری برادری اور دیگر کی سہولت کیلئے ایئرپورٹ پر بھی ایک ایکسپو سینٹر قائم کرینگے، سینیٹ قائمہ کمیٹی میں اظہار خیال

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے تجارت کا اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس میں سینیٹر انوشہ رحمان کی زیر صدارت ہوا، جس میں ایکسپو سینٹر کوئٹہ منصوبے پر کمیٹی کی سابق مشاورت کی روشنی میں تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، سینیٹر فیصل سلیم رحمان، سینیٹر عامر ولی الدین چشتی، سینیٹر سلیم مانڈوی والا اور سینیٹر راحت جمالی شریک ہوئے جبکہ سینیٹر سرمد علی اور سینیٹر بلال احمد خان ویڈ......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

نامعلوم افراد کی فائرنگ سے شہید ہونیوالے جوانوں کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے، آئی جی پولیس و دیگر بھی شریک ہیں

جھل مگسی پولیس تھانہ پر مسلح افراد کا حملہ، جوابی کارروائی میں 3 دہشتگرد ہلاک

واقعہ میں ایک شہری جاں بحق ہوا، ایس ایچ او میر حسن، ہیڈ کانسٹیبل محمد اقبال اور کانسٹیبل نثار احمد سمیت 5 افراد زخمی ہو گئے

نورانی روڈ میں کیمپ پر بھی نامعلوم مسلح افراد کا حملہ، راکٹ لانچر فائر اور شدید فائرنگ، تین سیکورٹی اہلکار زخمی ہو گئے، پولیس

کوئٹہ (آن لائن+این این آئی) جھل مگسی تھانہ کوٹڑہ پر مسلح افراد نے حملہ کر دیا پولیس کی جوابی کارروائی میں 3 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ فائرنگ کے تبادلے میں ایس ایچ او و پولیس اہلکاروں سمیت 5 افراد زخمی ہو گئے پولیس کے مطابق گزشتہ روز بلوچستان کے ضلع جھل مگسی میں تھانہ کوٹڑہ پر مسلح افراد نے حملہ کر دیا پولیس نے جوابی کارروائی کی جس کے نتیجے میں 3 دہشت گرد مارے گئے فائرنگ کے......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو شیروزئی نواحی واقعہ کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہے ہیں

معاہدہ قبول نہ کیا تو ایران کے بجلی پیدا کرنیوالے مراکز، تیل کے کنوؤں اور خارگ جزیرے کو نشانہ بنائینگے، امریکی صدر، مطالبات حد سے زیادہ اور نامعقول ہیں، ایران

24 گھنٹے کا الٹی میٹم، ایران آبنائے ہرمز کھول دے ورنہ تمام توانائی تنصیبات تباہ کر دینگے، ٹرمپ کی دھمکی

امریکہ ایران میں اپنی فوجی کارروائیاں ختم کرنے کے لیے ایک نئی اور زیادہ معقول قیادت کے ساتھ سنجیدہ مذاکرات کر رہا ہے جس میں خاطر خواہ پیش رفت ہو چکی ہے، ایرانی تیل پر قبضہ کرنا پسندیدہ آپشن ہے

پاکستان کے ذریعے امریکہ، ایران بالواسطہ مذاکرات میں پیشرفت ہو رہی ہے، جلد ڈیل ہو سکتی ہے، رجیم چینج ہو چکی، کیونکہ پہلی حکومت مکمل طور پر ختم کر دی گئی، وہ سب مر چکے ہیں، امریکی صدر، انٹرویو

واشنگٹن ایسے منظرنامے کو ہمیشہ خوش آمدید کہے گا جس میں مختلف نظریات کے لوگ ایران کی رہنمائی کرتے ہوں ایسا کوئی موقع آتا ہے تو امریکہ جنگ روک دے گا، امریکہ ایران مذاکرات جاری ہیں، مارکو روبیو

امریکہ کے ساتھ براہ راست مذاکرات نہیں کیے، خطے کے ممالک کا جنگ کے خاتمے کے لیے فکرمند ہونا مثبت امر، تاہم اس بات کا بھی خیال رکھنا چاہیے کہ جنگ کا آغاز کس نے کیا ہے، ایرانی وزارت خارجہ

واشنگٹن، تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے معاہدہ نہ ہونے اور 48 گھنٹوں میں ا؟ بنائے ہرمز نہ کھولنے پر ایران کے بجلی گھروں، تیل کے کنوؤں اور ڈی سیلی نیشن پلانٹس پر حملوں کی دھمکی دے دی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایگل اسکواڈ کے 2 جوان شہید

جوابی کارروائی میں حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے، واقعہ کوئٹہ کے نواحی علاقے بھوسہ منڈی خالق شہید تھانہ کی حدود میں پیش آیا

واقعہ میں ایک اہلکار زخمی، ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کر دی گئیں، سی ٹی ڈی پولیس نے مقدمہ درج کر لیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے نواحی علاقے بھوسہ منڈی کے قریب نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کرکے ایگل اسکواڈ کے 2 اہلکاروں کو شہید کر دیا جبکہ ایک اہلکار زخمی ہو گیا جوابی کارروائی پر ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے پولیس کے مطابق سوموار کی شام کوئٹہ کے نواحی علاقے بھوسہ منڈی کے قریب تھانہ خالق شہید کی حدود میں ایگل اسکواڈ کے اہلکار موٹر......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

کسی بھی دوسرے ملک کے جہاز پر پاکستانی جھنڈا نہ لگانے کا فیصلہ

20 جہاز ملک کی ڈیڑھ ماہ کی پیٹرولیم ضروریات کیلئے کافی ہیں، ذرائع صنعت و توانائی

آبنائے ہرمز سے ایک ماہ میں خام تیل کے 8 سے 9، پیٹرول ڈیزل کے 6 جہاز پاکستان آتے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایران کی جانب سے 20 پاکستانی جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت دی گئی ہے، جس سے ملک میں پیٹرولیم ذخیرہ کرنے کی......... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

ترکیہ کا ایران کی جانب سے داغا گیا میزائل روکنے کا دعویٰ

انقرہ (م ڈ) ترکیہ نے دعویٰ کیا ہے کہ نیٹو کے فضائی دفاعی نظام نے ایک بیلسٹک میزائل کو غیر مؤثر بنا دیا ہے جو ترک فضائی حدود میں داخل ہوا تھا۔ ایکس پر جاری بیان میں ترک وزارت دفاع نے کہا کہ اس بات کا تعین......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سینیٹ کی قائمہ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

ایران کی نیول کمانڈر علی رضا تنگسیری کی شہادت کی تصدیق

تہران (م ڈ) ایران نے پاسداران انقلاب کی بحریہ کے کمانڈر علی رضا تنگسیری کی شہادت کی تصدیق کر دی۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق ایرانی پاسداران انقلاب نے علی رضا تنگسیری کی شہادت کی تصدیق کرتے......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

عالمی منڈی میں ایک بار پھر تیل کی قیمتیں بلند سطح پر پہنچ گئیں

جنگ کے پھیلاؤ نے دنیا بھر میں توانائی بحران کے خدشات کو شدت دے دی

سنگاپور سٹی (م ڈ) عالمی منڈیوں میں تیل کی قیمتوں نے خطرناک حد تک چھلانگ لگا دی جہاں برینٹ کروڈ ریکارڈ ماہانہ اضافے کی جانب بڑھ رہا ہے جبکہ جنگ......... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

ہم نارمل صورتحال میں نہیں، بڑی طاقتیں یہاں ملوث ہیں، ضیا لانگو

حکومت ہر ایک دہشتگرد کے پیچھے جائیگی، قیام امن کیلئے سخت فیصلے کئے، ریاستی اداروں کے علاوہ کسی کے پاس ہتھیار نہیں ہوگا

چند عناصر نے دہشتگردی کو کاروبار بنا رکھا ہے، معصوم بچوں کو دہشت گردی میں استعمال، خواتین کو ڈھال بنا رہے ہیں

امن و امان کی بحالی کو یقینی بنانے کیلئے ہم نے دہشتگردوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیاں کرنی ہیں، وزیر داخلہ کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو نے کہا ہے کہ سیکورٹی فورسز نے گزشتہ روز دہشتگردوں کی جانب سے فورسز پر حملوں کو ناکام بنایا ہے، عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ریاست اور حکومت اپنا موثر کردار ادا کرے گی شہری منفی پروپیگنڈا کا حصہ نہ بنیں ان حملوں میں معصوم بچے سمیت 2 افراد جاں بحق اور 11 زخمی ہوئے ہیں۔ دہشت گرد اپنے مذموم مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے ہماری بچیوں اور نوجوانوں کو ڈھال کے طور پر استعمال کر رہے ہیں ہم بحیثیت قوم ہمیں ایسے غلط کاموں کا حصہ نہیں بننا چاہیے حکومت صوبے میں تعلیم صحت اور عوام کی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

این ایف سی ایوارڈ نہ دینا آئین کی خلاف ورزی، سہیل آفریدی

1375 ارب روپے سے زائد کا این ایف سی ایوارڈ جاری نہیں کیا جا رہا

پاکستان کو کسی بھی بیرونی جنگ کا حصہ نہیں بننا چاہیے، وزیر اعلیٰ خیبرپختونخوا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی نے ایوان صدر میں قومی و عالمی بحران کے حوالے سے منعقدہ اہم اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پارٹی موقف واضح کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے ذاتی مفاد سے بالاتر ہو کر......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

حکومتی درخواست پر این اے 256 کے ضمنی انتخابات ملتوی

صوبائی حکومت نے امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر درخواست دی

الیکشن کمیشن کا بریفنگ کیلئے چیف سیکرٹری، آئی جی پولیس کو پیش ہونیکا حکم

کوئٹہ (آن لائن) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے بلوچستان حکومت کی جانب سے امن وامان کی صورتحال کے باعث ضمنی انتخاب کو ملتوی کرنے کی درخواست پر 5 اپریل کو ہونے والے قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 256 پر ضمنی انتخاب کو ملتوی کر دیا بلوچستان حکومت نے امن وامان کی صورتحال کے باعث ضمنی انتخاب کو ملتوی کرنے کی الیکشن کمیشن آف...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ کا ایران سے یورینیم نکالنے کیلئے فوجی آپریشن پر غور

امریکہ نے مشرق وسطیٰ میں فوجیوں کی تعداد 50 ہزار سے زائد کر دی

واشنگٹن (م ڈ) امریکی جریدے وال اسٹریٹ جرنل نے کہا ہے کہ امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران سے ایک ہزار پاؤنڈ یورینیم نکالنے کے لئے فوجی آپریشن پر غور......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

ایران، امریکی اور اسرائیلی حمایت یافتہ دو افراد کو پھانسی دے دی گئی

دونوں افراد پر ملک کی سیکورٹی فورسز کے خلاف حملے کرنے کے الزامات تھے

تہران (م ڈ) ایران میں دو افراد کو اس الزام میں پھانسی دے دی گئی کہ وہ امریکی اور اسرائیلی حمایت یافتہ ایرانی اپوزیشن گروپ، مجاہدین خلق کے ساتھ کام کر رہے......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: دہشتگردوں نے دھماکہ سے گیس پائپ لائن تباہ کر دی

18 انچ قطر پائپ لائن کو اختر آباد کے مقام پر دھماکہ خیز مواد نصب کر کے اڑایا گیا

دھماکہ کے بعد شدید آگ بھڑک اٹھی، متعدد علاقوں کو گیس سپلائی معطل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے نواحی علاقے مغربی بائی پاس اختر آباد کے قریب نامعلوم دہشت گردوں کی جانب سے دھماکہ خیز مواد سے 18 انچ قطر کی گیس پائپ......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

ایران پر امریکی و اسرائیلی حملوں کا 8 نکاتی منصوبہ تیار

جنوب مشرق سے 2 ہزار 500 امریکی فوجی داخل ہوں گے، رپورٹ

تہران (م ڈ) امریکا اور اسرائیل نے ایران کے خلاف آٹھ نکاتی جنگی منصوبہ تیار کیا ہے، جس میں اہم ایرانی قیادت کو ہدف بنانے، بڑے شہروں اور ایٹمی تنصیبات......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر مندوخیل سے پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کے صوبائی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر عبدالرحمن ملاقات کر رہے ہیں

مجتبیٰ خامنہ ای کا جنگ میں عراقی عوام کی حمایت پر اظہار تشکر

تہران (م ڈ) نئے ایرانی سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے عراقی عوام کا امریکا اور اسرائیل کے خلاف جنگ میں حمایت پر شکریہ ادا کیا ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق مجتبیٰ خامنہ ای نے تحریری پیغام جاری کیا ہے۔ ایرانی خبر رساں ادارے کے مطابق اپنے حالیہ پیغام میں......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

صدر مملکت کا چینی سفارتخانے کا غیر اعلانیہ دورہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے گزشتہ رات چینی سفارت خانے کا غیر اعلانیہ دورہ کیا۔ سفارتی ذرائع کے مطابق دورہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 4 ملکی مذاکرات مکمل ہونے کے بعد کیا گیا۔ صدارتی ترجمان کی جانب سے کسی......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ کی شام میں اپنے شہریوں کو وارننگ، ایرانی حملوں کا خدشہ

امریکی شہری محفوظ مقامات پر پناہ لیں اور اپنی ضروریات کا بندوبست کریں، بیان

دمشق (م ڈ) دمشق سے ایک تشویشناک انتباہ سامنے آیا ہے، جہاں امریکی سفارت خانے نے اپنے شہریوں کو ممکنہ ایرانی خطرات سے خبردار کر دیا ہے۔ دارالحکومت......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردوں نے 3 مقامات پر ریلوے ٹریک اڑا دیا، ٹرین سروس معطل

سیکورٹی کلیئرنس کے بعد مرمت کا کام شروع کیا جائیگا، سریاب اسپیزنڈ کے علاقے میں ٹریک پر نصب آئی ای ڈی ناکارہ بنا دیا

نوشکی احمد وال اور پدگ کے علاقے میں دو مقامات اور کوئٹہ میں ٹریک کو نقصان پہنچا، ٹرینوں کی آمد و رفت معطل کر دی گئی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ اسپیزنڈ اور نفتان سیکشن پر احمد وال کے علاقوں میں نامعلوم دہشت گردوں نے 3 مقامات پر ریلوے ٹریک کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا جس کی وجہ سے ٹریک اڑ گیا اور ٹرینوں کی آمد و رفت معطل ہو گئی ریلوے حکام کے مطابق سریاب اسپیزنڈ کے علاقے میں ٹریک پر نصب کی گئی آئی ای ڈی کو ناکارہ بنا دیا گیا سیکورٹی کلیئرنس کے بعد ریلوے......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان محکمے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وفاقی حکومت کا آئی ایم ایف کی شرائط کے تحت بجٹ سسٹم میں اصلاحات کا فیصلہ

حکومت نے بجٹ بنانے کا طریقہ مزید شفاف بنانے کی یقین دہانی کرا دی بجٹ میں بھی ہنگامی فنڈز رکھا جائے گا

آئی ایم ایف کا وفد بجٹ کی تیاریوں اور اصلاحات کا جائزہ لینے کیلئے جلد پاکستان آئے گا، وزارت خزانہ حکام

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی حکومت نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) شرائط کے تحت بجٹ سسٹم میں بڑی اصلاحات کا فیصلہ کیا ہے جبکہ آئی ایم ایف کا وفد بجٹ کا جائزہ لینے بھی آئے گا۔ وزارت خزانہ کے حکام کے مطابق آئندہ مالی سال 2026-2027 کے بجٹ کی تجاویز پر کام جاری ہے جبکہ پارلیمانی منظوری کے بغیر اضافی گرانٹس نے......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

ایران پر جوہری حملے کی تیاری کے دعوے نے تہلکہ مچا دیا

ممکنہ انسانیت کے خلاف جرم کا حصہ نہیں بن سکتا، ملازمت چھوڑ دی، سفارتکار

نیویارک (م ڈ) اقوام متحدہ سے منسلک ایک مبینہ سفارتکار کے مستعفی ہونے اور حساس معلومات لیک کرنے کے دعوے نے عالمی سطح پر ہلچل مچا دی ہے۔ غیر مصدق......... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

تہران، ایک شخص اسرائیلی فضائی حملے میں تباہ ہونیوالی رہائشی عمارت کا معائنہ کر رہا ہے

جھل مگسی واقعہ میں زخمی اہلکار وزیر اعلیٰ کے حکم پر کراچی منتقل

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر جھل مگسی میں زخمی پولیس اہلکاروں کو بہتر علاج کیلئے کراچی منتقل کر دیا گیا دہشت گردوں کے مقابلے میں ایس ایچ او میر حسن، ہیڈ کانسٹیبل محمد اقبال اور کانسٹیبل نثار احمد زخمی ہوئے تھے ایس ایچ او سمیت تینوں......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعظم اور یورپی کونسل کے صدر کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ

دونوں رہنماؤں کا ایران اور خلیجی ممالک میں جاری کشیدگی پر گہری تشویش کا اظہار

امن و استحکام کی بحالی کے لیے تمام سفارتی اقدامات کی حمایت کرتے ہیں، انتونیو کوسٹا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر اعظم محمد شہباز شریف کو یورپی کونسل کے صدر انتونیو کوسٹا کی جانب سے ٹیلیفون کال موصول ہوئی جس میں اپنی خوشگوار اور دوستانہ گفتگو کے دوران دونوں رہنماؤں نے مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی کے ساتھ پاکستان اور یورپی......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل کا ایران جنگ میں 6 ہزار شہریوں کے زخمی ہونے کا اعتراف

گزشتہ 24 گھنٹوں میں 232 افراد زخمی، 121 اب بھی اسپتال میں زیر علاج ہیں

تل ابیب (م ڈ) اسرائیل کی ایران کے ساتھ جاری جنگ کے آغاز کے بعد سے 6 ہزار سے زائد افراد زخمی ہو کر اسپتال پہنچ چکے ہیں، جن میں سے 121 افراد اب بھی......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

پی سی بی کنٹریکٹ کی خلاف ورزی پر نسیم شاہ پر 2 کروڑ روپے کا جرمانہ

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے سینٹرل کنٹریکٹ کی خلاف ورزی پر نسیم شاہ پر دو کروڑ روپے کا جرمانہ عائد کر دیا گیا۔ پی سی بی کی ڈسپلنری کمیٹی کے فیصلے کا اعلان بورڈ نے کیا۔ بورڈ کے مطابق فاسٹ بولر کیخلاف سینٹرل کنٹریکٹ اور سوشل میڈیا گائیڈ......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی میزائل حملوں کے بعد حیفہ آئل ریفائنری سے آگ کے شعلے بلند ہو رہے ہیں

قطر کی کویت میں اہم تنصیبات پر ایرانی حملوں کی شدید مذمت

کیمپ، بجلی گھر اور ڈی سیلینیشن پلانٹ کو نشانہ بنانا ناقابل قبول ہے، وزارت خارجہ

دوحہ (م ڈ) قطر نے کویت میں اہم تنصیبات پر ایرانی حملوں کی شدید مذمت کی ہے۔ قطری وزارت خارجہ کا کہنا تھا کہ ایران کی جانب سے کیمپ، بجلی گھر......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

بانی پی ٹی آئی سے آج وکلا کی ملاقات کا دن، فہرست ارسال

بیرسٹر گوہر، سلمان اکرم، راجہ خالد یوسف اور علی زمان کا نام شامل

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی سے آج (منگل کو) وکلا کی ملاقات کا دن ہے جس کے لیے فہرست......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ و اسرائیل کے حملے جاری، تہران سمیت مختلف شہر دھماکوں سے لرز اٹھے

کرج، شیراز، قم، آبادان اور تبریز میں حملوں کی اطلاعات، پیٹروکیمیکل پلانٹ میں آگ بھڑک اٹھی

حملوں کے باعث دارالحکومت میں بجلی کا نظام متاثر ہوا، حکومتی انفراسٹرکچر کو نشانہ بنا رہے ہیں، اسرائیل

تل ابیب، تہران، واشنگٹن (م ڈ) امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملوں کا سلسلہ 31 ویں روز بھی جاری ہے جبکہ خطے میں کشیدگی مزید بڑھ گئی ہے اور ممکنہ زمینی جنگ کے خدشات بھی شدت اختیار کر گئے۔ رپورٹس کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ ایک......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کے اسرائیل و خلیجی ممالک میں امریکی بیسز پر حملے، بھارتی شہری ہلاک

ایران کے جوابی میزائل حملوں کے پیش نظر اسرائیلی پارلیمنٹ کمیٹی کا اجلاس موخر، اسرائیلی پارلیمنٹ کے بجٹ سیشن میں سائرن بجنے لگے

ارکان پارلیمنٹ اجلاس چھوڑ کر شیلٹر منتقل، کویت میں ایرانی حملے سے بجلی پیدا کرنے اور پانی صاف کرنیوالے پلانٹ کی عمارت متاثر

تہران (م ڈ) ایران پر مسلط کی گئی جنگ 31 ویں روز میں داخل ہو گئی، امریکا اسرائیل نے تہران میں پیٹروکیمیکل پلانٹ کو نشانہ بنایا، تہران اور کرج کے کچھ علاقوں میں بجلی معطل ہو گئی، آئی اے ای اے نے ایران کے خنداب جوہری پلانٹ پر حملے سے نقصان کی......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹر ایمل ولی خان کا نسیم شاہ پر تاحیات پابندی لگانے کا مطالبہ

کرکٹرز پاکستان کی نمائندگی کرتے، اپنے نظریات اپنے تک رکھنے چاہئیں

اس ماحول میں ایسی باتیں کرنا بے وقوفی کے علاوہ اور کچھ نہیں، صدر اے این پی

لاہور (بیورو رپورٹ) عوامی نیشنل پارٹی کے صدر سینیٹر ایمل ولی خان نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے بارے میں ٹویٹ کرنے پر فاسٹ باؤلر نسیم شاہ پر تاحیات......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

ایران جنگ کے بعد سے حوثیوں کا اسرائیل پر دوسرا حملہ

یمن سے آنے والے دو ڈرونز کو ناکام بنا دیا گیا ہے، اسرائیلی فوج کا دعویٰ

تہران (م ڈ) امریکا اسرائیل کی ایران کے ساتھ جنگ مسلط کرنے کے بعد حوثیوں نے یمن سے دوسری بار اسرائیل پر حملہ کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیل......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں ایڈز کے تقریباً 84 ہزار 421 مریض رجسٹرڈ

ایچ آئی وی کے مریضوں کی زیادہ تعداد پنجاب اور سندھ میں ہے، مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (زاہد احمد خان) قومی اسمبلی اجلاس میں وقفہ سوالات میں ملک میں ایچ آئی وی ایڈز کے مریضوں کی تعداد سے متعلق تفصیل ایوان میں پیش کی گئی۔ وفاقی......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

اے پی این ایس کی جنرل کونسل کا سالانہ اجلاس طلب

آئندہ سال کیلئے ایگزیکٹو کمیٹی ارکان کا انتخاب عمل میں لایا جائیگا، اعلامیہ

کراچی (پ ر) اے پی این ایس کے اعلامیہ کے مطابق سالانہ جنرل کونسل کا اجلاس آج 31 مارچ کو 11 بجے اے پی این ایس ہاؤس کراچی میں ہوگا۔ سالانہ......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں بارشوں کا امکان، الرٹ جاری

یکم اپریل سے شروع ہونیوالا بارشوں و ژالہ باری کا سلسلہ 4 اپریل تک برقرار رہیگا، ندی نالوں میں طغیانی و سیلابی ریلوں کا خدشہ

کے پی میں 25 مارچ سے اب تک بارشوں سے 17 افراد جاں بحق، 56 افراد زخمی ہوئے، 11 گھروں کو نقصان پہنچا، پی ڈی ایم اے

کوئٹہ (این این آئی، م ڈ) محکمہ موسمیات نے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں حالیہ شدید بارشوں کے باعث ندی نالوں میں طغیانی اور فلیش فلڈ کے خطرے کے پیش نظر الرٹ جاری کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت کی ہے۔ محکمہ موسمیات......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

علیمہ خان کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست منظور

جج امجد علی شاہ نے کیس کی مزید سماعت 6 اپریل تک ملتوی کر دی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے احتجاج کیس میں علیمہ خان کی حاضری......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت مشکل کی گھڑی میں کمزور طبقے کو اکیلا نہیں چھوڑے گی، وزیر اعظم

عالمی سطح پر بحران کے باوجود بروقت فیصلوں کی بدولت اللہ کے فضل و کرم سے ایندھن کی فراہمی میں کسی قسم کا تعطل نہیں آنے دیا

پاکستان خطے میں امن کے حوالے سے سفارتی محاذ پر بھرپور کوششیں کر رہا ہے، شہباز شریف کا عوامی ریلیف جائزہ اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ کمزور اور متوسط طبقے کے لوگوں کو مزید ریلیف فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہیں، مشکل کی اس گھڑی میں معاشی طور پر کمزور طبقے کو اکیلا نہیں چھوڑیں گے۔ وزیر اعظم کی زیر صدارت خلیجی بحران کے پیش نظر پیٹرولیم......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ ٹراما سینٹرز اور BICVD کی بھرتیوں میں میرٹ پامالی بند کی جائے، اپکا

اکثی روڈ ٹراما سنٹر، سول ہسپتال اور پولیس لائن ٹراما سنٹر میں اقربا پروری کی بنیاد پر نان ڈپلومہ ہولڈرز کو بھرتی کیا جا رہا ہے

طبی ایمرجنسی کو ڈیل کرنے والی جگہوں پر سفارشیوں کو بھرتی کیا جائے گا تو پھر ہسپتالوں میں غلط علاج سے اموات ہی ہوں گی

کوئٹہ شہر کے مختلف ٹراما سینٹرز، BICVD اور محکمہ صحت کے دیگر دفاتر میں میرٹ کی پامالی کو فوری طور پر روکا جائے، نقیب اللہ کاکڑ

کوئٹہ (پ ر) ترجمان اپکا محکمہ صحت کوئٹہ نقیب اللہ کاکڑ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ اکثی روڈ ٹراما سنٹر، سول ہسپتال اور پولیس لائن ٹراما سنٹر میں اقربا پروری کی بنیاد پر نان ڈپلومہ ہولڈرز کو بھرتی کیا جا رہا ہے۔ طبی ایمرجنسی کو ڈیل کرنے والی جگہوں پر سفارشیوں کو بھرتی کیا جائے گا تو پھر ہسپتالوں میں غلط علاج سے اموات ہی ہوں گی۔ کوئٹہ شہر کے مختلف ٹراما سینٹرز، BICVD اور محکمہ صحت کے دیگر دفاتر میں میرٹ کی پامالی کو فوری طور پر روکا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تعجب تو اس بات پر ہے کہ کوئٹہ اکثی روڈ ٹراما سنٹر کے ابھی تک رولز وضع نہیں ہوئے ہیں لیکن ملازمین بھرتی ہو رہے ہیں۔ جس پر ہم سوال کر رہے ہیں کہ ملازمین کن رولز کے تحت بھرتی ہوئے ہیں۔ بھرتی کمیٹی ممبران کے علاقوں کے اور ان کے منظور نظر رجنوں لوگ بھرتی ہوئے ہیں جو کہ کھلی طور پر کرپشن اور اقربا پروری کی نہ صرف دلیل بلکہ ثبوت ہے۔ کوئٹہ اکثی روڈ ٹراما سنٹر کی خالی پوسٹوں میں میرٹ کے برعکس بھرتیاں ناقص عمل ہے۔ اس طرح سول ہسپتال کے منتخب جنہوں نے سائن کرنا تھے انہیں خبر تک نہیں ہوئی اور منتخب سائن ہو گئے ہیں کہ نہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف سیکرٹری بلوچستان میرٹ کی بدترین پامالی، اقربا پروری اور نان ڈپلومہ ہولڈرز کے بھرتیوں کو کینسل کر کے حقیقی حقداروں کو بھرتی کیا جائے کیونکہ ٹراما سنٹر میں ایمرجنسی کیسز آتے ہیں اور انسانوں کی زندگیوں کا معاملہ درپیش ہوتا ہے اگر اس طرح نااہل اور نان پروفیشنلز کو بھرتی کیا جائے گا تو کبھی بھی انسانی المیہ جنم لے سکتا ہے۔ BICVD اور دیگر آفسز کے بھرتیوں کے لیے بھی میرٹ کو پامال کرنے کے لیے سرگرم ہے۔ اپکا محکمہ صحت کے ترجمان نے واضح کیا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کی قسمت میں میرٹ نہیں ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے میرٹ کے دعوے دھرے رہ گئے۔ ایک منصوبے کے تحت غریب اور قابل نوجوانوں کو دیوار سے لگا رہے ہیں۔ اب عوام کیسے کوئٹہ اکثی روڈ ٹراما سنٹر میں علاج کرینگے کہ نان ڈپلومہ ہولڈرز، نان ٹیکنیکل افراد لوگوں کا علاج کرینگے۔ سول ہسپتال کوئٹہ اور پولیس لائن ٹراما سنٹر میں بھی میرٹ کی پامالی بدستور جاری ہے۔ اور BICVD اور دیگر آفسز میں بھی میرٹ کے خلاف آؤٹ سائیڈر لوگ منتیں تیار کر رہے ہیں۔ اس حکومت میں حکومتی ادارے دن بدن تباہی کے جانب گامزن ہے محکمہ صحت کے تمام ذمہ داران خدارا محکمہ صحت پر خصوصی رحم کرتے ہوئے صحت کے بہتری کے لیے کام کریں میرٹ رولز ریگولیشن کے مطابق بھرتیاں کریں۔

کوئٹہ، قندھاری بازار پر عملہ سیکورٹی کیمروں کی مرمت میں مصروف ہیں

ڈسٹرکٹ کوئٹہ کے سکولوں میں نئے داخلوں کا آغاز ہو چکا ہے، ڈی ای او

داخلوں کیلئے عملہ اسکولوں میں موجود اور اپنی ذمہ داریاں بخوبی انجام دے رہا ہے

حکومت بلوچستان کی جانب سے تمام بچوں کو مفت کتابیں فراہم کی جائیں گی

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کوئٹہ سید نصیر علی شاہ نے تعلیمی سال کے آغاز سے متعلق والدین اور بچوں میں آگاہی مہم چلاتے ہوئے کہا ہے کہ ڈسٹرکٹ کوئٹہ میں نئے داخلوں کا آغاز یکم مارچ 2026 سے ہو چکا ہے نئے داخلوں کے لیے عملہ اسکولوں میں موجود ہے اور اپنی ذمہ داریاں بخوبی انجام دے رہا ہے۔ تمام والدین سے گزارش ہے کہ اپنے بچوں کو ضلع کوئٹہ کے سرکاری اسکولوں میں داخل کروائیں۔ اسکول کھلے ہوئے ہیں، اسکول ہیڈز اپنے اسکولوں میں موجود ہیں اور داخلہ ٹیم آپ کا بھرپور خیر مقدم کرنے کے لئے موجود ہے۔ حکومت بلوچستان کی جانب سے بچوں کو مفت کتابیں فراہم کی جائیں گی، جبکہ ضرورت مند بچوں کو یونیفارم، بیگ، جوتے اور اسٹیشنری بھی مفت فراہم کی جائے گی۔ کسی بھی معاشرے کی ترقی کا دارومدار تعلیم پر ہوتا ہے، اور ایک تعلیم یافتہ انسان ہی معاشرہ کی ترقی میں مثبت کردار ادا کر سکتا ہے۔ ڈسٹرکٹ کوئٹہ کے اسکولوں میں تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیت بھی خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ آپ تمام اہل کوئٹہ سے پرزور گزارش ہے کہ اس مہم میں ہمارا ساتھ دیں اور اپنے بچوں کے روشن مستقبل کے لیے انہیں اسکول ضرور داخل کروائیں۔ آپ سے التماس ہے کہ کل سے ہی اپنے بچوں کے داخلے کے لیے اسکول لے کر آئیں تاکہ وہ تعلیم کے زیور سے آراستہ ہو سکیں۔

کوئٹہ شہر کچرہ کنڈی میں تبدیل سڑکوں اور نالیوں کا فرق ختم، انتظامیہ غائب

کوئٹہ میں صفائی کا کوئی مناسب نظام نہ ہونے کی وجہ سے شہر کوڑے دان کا منظر پیش کرنے لگا، جگہ جگہ نالیاں اُبل کر سڑکوں پر بہہ رہی ہیں

صفائی کے نام پر مبینہ طور پر ماہانہ کروڑوں وصول اور منظور ہوتے ہیں مگر نہ شہر صاف ہو سکا، نہ ہی سیوریج و ڈرینج کا کوئی معقول انتظام ہو سکا

اکثی روڈ، رئیسانی روڈ، جان محمد روڈ و دیگر علاقوں میں بشیر احمد، محمد خان، فیض اللہ، ثناء اللہ خان و دیگر کا مشرق سروے میں مایوسی کا اظہار

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ میں ناقص صفائی نظام، جگہ جگہ نالوں کا پانی سڑکوں پر بہنا معمول بن گیا، صفاء پروجیکٹ کے نام پر خطیر رقوم تو شہر کی صفائی ستھرائی کیلئے مختص کی گئی ہے لیکن وہ صفائی کہیں بھی شہریوں کو نظر نہیں آ رہی ہے، مین اکثی روڈ، رئیسانی روڈ، جان محمد روڈ و دیگر علاقوں میں صفائی نام کی کوئی چیز نہیں، جگہ جگہ کچرے کے کوڑہ دان ابھرے تو کہیں پر سٹریٹ نالیوں سے گندا پانی آ رہی ہے جس کے باعث بدبو پھیل گئی، اور کیڑے مکوڑوں میں اضافہ ہوا ہے۔ مشرق سروے ٹیم بات کرتے ہوئے شہریوں بشیر احمد، محمد خان، فیض اللہ، اور ثناء اللہ خان و دیگر نے بتایا کہ کوئٹہ شہر کی خوب صورتی کا راز صفائی میں پوشیدہ ہے، لیکن موجودہ دور میں جو صفائی ہو رہی ہے اس نے سابقہ ادوار کی صفائی کی یادیں تازہ کر دی کم از کم میٹرو پولیٹن کارپوریشن انتظامیہ کے نام پر ابھی لیکن حال ہی میں بار بار اخبارات میں بیانات دے رہے ہیں میٹرو پولیٹن کارپوریشن انتظامیہ کو درخواستیں دینے کے باوجود صفائی عملہ اس علاقے کا کوئی وزٹ نہیں کرتا ہے، مشرق سروے ٹیم نے اکثی روڈ کا باقاعدہ سروے کیا جہاں پر زمین برساتی نالوں کے پانی سڑکوں پر بہہ رہی تھی اور صفائی کی صورتحال غیر اطمینان بخش تھی، شہریوں کے توسط سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان اور دیگر اعلیٰ حکام سے درخواست دیتے کوئی اخبار میں بیان دیتے تو فوراً سے پہلے اس پر عمل ہو جاتی فوری طور پر نوٹس لینے اور کوئٹہ شہر کا از خود وزٹ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان سے وکلاء کا وفد ملاقات کر رہا ہے

ہیروز آف بلوچستان ایوارڈ سلیکشن کمیٹی میٹنگ میں شہزادہ ذوالفقار، اویس جدون، عبدالخالق رند، افضل مغل اور دیگر شریک ہیں

بلوچستان کے ملازمین کو ڈی آر اے سے محروم رکھنا امتیازی سلوک ہے

اس ناانصافی کے باعث ملازمین شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں، امین الحق مندوخیل

فوری طور پر صوبے کے تمام ملازمین کو ان کا جائز حق دیا جائے، ترجمان پیرامیڈیکس

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن بلوچستان کے ترجمان امین الحق مندوخیل نے اور نیک محمد خلجی نے ایک نجی نیوز چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کے دیگر صوبوں میں ملازمین کو (DRA) کی ادائیگی کر دی گئی، مگر بدقسمتی سے بلوچستان کے ملازمین گزشتہ ایک سال سے اس حق DRA سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس ناانصافی کے باعث لاکھوں ملازمین شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں۔ موجودہ مہنگائی کے دور میں DRA کی عدم ادائیگی نے ملازمین کی پریشانیوں میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ ترجمان نے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر صوبے کے تمام ملازمین کو ان کا جائز حق دیا جائے اور DRA کی ادائیگی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے سوشل میڈیا کے ذریعے بھی اپیل کی کہ بلوچستان کے تمام متعلقہ ملازمین کی آواز کو حکام بالا تک پہنچایا جائے تاکہ اس دیرینہ مسئلے کا فوری حل نکالا جا سکے۔ آخر میں انہوں نے خبردار کیا کہ اگر مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو ملازمین احتجاج کا راستہ اختیار کرنے پر مجبور ہوں گے۔

کوئٹہ، بولان میڈیکل کالج ورکرز ایسوسی ایشن اور بلوچستان لیبر فیڈریشن کے مشترکہ اجلاس کی صدارت عابد بٹ کر رہے ہیں

کوئٹہ، ایس ایس پی ٹریفک پولیس مرزا اقبال حسن کی ہدایت پر امداد چوک، سٹی ہسپتال غیر قانونی دوطرفہ پارکنگ ختم کرانے کے موقع پر ٹریفک پولیس آفیسر موجود ہیں

پشتون بچوں پر مارٹر گولے برسا کر کیا ثابت کیا جا رہا ہے؟

کلی کمال کچھ میں پیش آنے والا واقعہ کھلی دہشت گردی اور انسانیت کی بدترین توہین ہے

مولوی عبدالرحیم شموزئی کے بچوں کو گھر کے سامنے مارٹر گولہ باری کا نشانہ بنایا گیا، پی کے نیپ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ 29 مارچ کو شام تقریباً پانچ بجے ضلع ہرنائی کے علاقے زردہ آلو کلی کمال کچھ میں پیش آنے والا واقعہ محض ایک سانحہ نہیں بلکہ جبر، کھلی دہشت گردی اور انسانیت کی بدترین توہین ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ مولوی عبدالرحیم شموزئی کے دو کمسن، معصوم اور نہتے بیٹے جو اپنے گھر سے روزمرہ کے معمولات کے لیے نکلے تھے، انہیں گھر سے چند قدم کے فاصلے پر بلا اشتعال، اندھا دھند اور مجرمانہ غفلت پر مبنی مارٹر گولہ باری کا نشانہ بنایا گیا۔ اس سفاکانہ کارروائی کے نتیجے میں ایک معصوم بچہ موقع پر ہی شہید ہو گیا جبکہ دوسرا شدید زخمی ہو کر زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ یہ واقعہ نہ صرف دل دہلا دینے والا ہے بلکہ یہ اس امر کا ثبوت ہے کہ ادارے اپنی آئینی ذمہ داریوں سے انحراف کرتے ہوئے عوام کے محافظ کے بجائے ان کے لیے خوف اور دہشت کی علامت بنتے جا رہے ہیں۔ پریس ریلیز میں اس واقعے کو بدترین دہشت گردی قرار دیتے ہوئے کہا گیا کہ معصوم بچوں پر مارٹر گولے برسانا کسی بھی مہذب معاشرے میں ناقابل تصور عمل ہے۔ یہ کھلی بربریت، ظلم کی انتہا اور انسانی حقوق کی سنگین پامالی ہے، جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ ایف سی کی جانب سے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے نام پر نہتے شہریوں، بالخصوص بچوں کو نشانہ بنانا ایک خطرناک اور خوفناک رجحان اختیار کر چکا ہے، جو پورے خطے کے امن و استحکام کے لیے شدید خطرہ ہے۔ پارٹی نے کہا کہ اس اندوہناک واقعے کے بعد علاقے کے عوام میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے اور لوگوں نے سڑکوں پر نکل کر اس کھلی دہشت گردی کے خلاف بھرپور احتجاج ریکارڈ کرایا۔

کوئٹہ، ڈاکٹر شہنشاہ خان کاکڑ نے بلوچستان ایگریکلچر کالج کوئٹہ کے پرنسپل کا چارج سنبھال لیا

سابق امیر جے آئی سراج الحق ملک نعیم بازئی کے والد اور ملک عادل بازئی کے دادا کے انتقال پر فاتحہ خوانی کی

کوئٹہ (این این آئی) سابق امیر جماعت اسلامی پاکستان سابق سینیٹر سراج الحق نے رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم بازئی کے والد ایم این اے ملک عادل بازئی کے دادا ملک سیف اللہ خان کاکڑ کے انتقال پر فاتحہ خوانی کی ان کے ہمراہ صوبائی جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی بلوچستان مرتضیٰ خان کاکڑ نائب امراء مولانا عبدالکبیر شاکر حافظ نور علی ڈاکٹر عطاء الرحمٰن ڈپٹی جنرل سیکرٹری پروفیسر سلطان کاکڑ اور دیگر پارٹی رہنما بھی تھے انہوں نے مرحوم کی مغفرت درجات کی بلندی اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

جنگی صورتحال، تعلیمی اداروں کی بندش، آج ایجوکیشنل ڈائیلاگ ہوگا

ڈائیلاگ مجلس فکر و دانش علمی اور مجلس و محفل انتظامیہ سائنس کالج کے زیر اہتمام کیا گیا ہے

کوئٹہ (پ ر) خطے میں جنگ و مشکلات کے باعث پاکستان میں بھی ارباب اختیار کی جانب سے تعلیمی اداروں کی بندش اور تعلیمی مسائل و معاملات پر گفتگو و مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرنے کے لئے، ایجوکیشنل ڈائیلاگ و راؤنڈ ٹیبل کانفرنس آج بروز منگل انعقاد کیا گیا ہے، جس میں تجزیہ و تجاویز پیش کر کے محکمہ تعلیم و تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر مشترکہ لائحہ عمل اختیار کیا جائے گا، ایجوکیشنل ڈائیلاگ و راؤنڈ ٹیبل کانفرنس کا زیر اہتمام مجلس فکر و دانش علمی و فکری مکالمہ نے کیا ہے جبکہ میزبان مجلس و محفل انتظامیہ سائنس کالج ہے۔

صوبے کی تعمیر و ترقی کیلئے مشترکہ جدوجہد جاری رکھیں گے، گرینڈ الائنس رہنماء

پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن کا گرینڈ الائنس کے قائدین کے اعزاز میں عید ملن پارٹی

پروفیسر عبدالقدوس کاکڑ، حاجی اصغر ہنگلزئی، محمد یونس کاکڑ، نیک محمد خلجی و دیگر نے شرکت کی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر حاجی شفاء مینگل، گرینڈ الائنس کے آرگنائزر پروفیسر عبدالقدوس کاکڑ، حاجی اصغر ہنگلزئی نے کہا ہے کہ عوامی مسائل کے حل اور صوبے کی تعمیر ترقی و خوشحالی کیلئے مشترکہ جدوجہد جاری رکھیں گے تاکہ ملازمین کے دیرینہ مسائل کے حل کو یقینی بنایا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن کی جانب سے گرینڈ الائنس کے قائدین کے اعزاز میں دی گئی عید ملن پارٹی کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات اور رہنما شریک تھے۔ جن میں پروفیسر عبدالقدوس کاکڑ، حاجی اصغر ہنگلزئی، محمد یونس کاکڑ، نیک محمد خلجی، صاحب جان کاکڑ، خادم حسین خلجی، شاہ علی کاکڑ سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ گفتگو کرتے ہوئے مقررین نے عید کی خوشیوں کو مل کر منانے سے باہمی محبت، اتحاد اور بھائی چارے کے فروغ کا ذریعہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس قسم کی تقریبات کا انعقاد نہ صرف سماجی ہم آہنگی کو فروغ دیتا ہے بلکہ مختلف مکاتب فکر کے لوگوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع ہونے کا موقع بھی فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ گرینڈ الائنس عوامی مسائل کے حل اور صوبے کی ترقی و خوشحالی کے لیے مشترکہ جدوجہد جاری رکھے گا۔

پی ایس او مرکزی آرگنائزنگ باڈی کا اجلاس 5 اپریل کو کوئٹہ میں منعقد ہوگا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن مرکزی آرگنائزنگ باڈی کا اجلاس 5 اپریل بروز اتوار پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے میں منعقد ہوگا۔ آرگنائزنگ باڈی کے تمام اراکین کو اپنی تنظیمی رپورٹس تیار کرنے اور اجلاس میں بروقت شرکت کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اجلاس دوپہر 2 بجے منعقد ہوگا جس میں مرکزی آرگنائزنگ باڈی کی کارکردگی رپورٹس لی جائیگی اور آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔

میر جان محمد جمالی نے سینیٹر شیری رحمان سے تعزیت کی

کوئٹہ / کراچی (این این آئی) سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر جان محمد خان جمالی نے سینیٹر شیری رحمان سے تعزیت کی، پیر کو سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر جان محمد جمالی نے کراچی میں سینیٹر شیری رحمان سے ان کی بیٹی کی وفات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر میر جان محمد جمالی نے مرحومہ کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل عطا کرنے کی دعا کی۔

مشوانی قبیلے کے نو منتخب سربراہ قوم کی امیدوں کا مرکز ہیں، شاویز مشوانی

ملک محمد عمران خان مشوانی علاقے اور قبیلے کی ترقی و خوشحالی میں اہم کردار ادا کریں گے

کوئٹہ (پ ر) سیاسی سماجی رہنماء شاویز مشوانی نے اپنے ایک بیان مشوانی قبیلے کے متفقہ فیصلے کے نتیجے میں نو منتخب سربراہ ملک محمد عمران مشوانی کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ وہ نوجوان قیادت قبیلہ و علاقے کی ترقی کیلئے دن رات کوشاں رہیں گے انہوں نے کہا کہ موصوف ملنسار شخصیت کے مالک ہیں انہوں نے کہا کہ نو منتخب سربراہ اپنے والد کے نقش پر چلتے ہوئے صوبے میں قبائلی تنازعات کے حل کیلئے اہم کردار ادا کرتے ہوئے قبیلے کی خوشحالی میں اہم کردار ادا کریں گے۔

کسی کے گھر پر حملہ اور بیگناہوں کی جان لینا ناقابل معافی جرم ہے

یارو شہر میں مرحوم عالمگیر لالا کے گھر پر وحشیانہ حملہ جملہ روایات و اقدار کی پامالی ہے، مولوی شفیع اللہ

ملزموں کی جلد از جلد گرفتاری اور انہیں قرار واقعی سزا دینا لازمی ہے، عبید اللہ عابد، شاہ نواز کھرل

پشین (آن لائن) سیاسی رہنماؤں نے کہا ہے کہ یارو شہر میں پشتون قومی تحریک کے بزرگ رہنما مرحوم عالمگیر لالا کے گھر پر وحشیانہ حملہ اور تین افراد کی شہادت کا دلخراش سانحہ ناقابل برداشت اور ناقابل معافی ہے، جس میں ہر قسم کے انسانی، پشتون اور اسلامی روایات و اقدار کو پامال کرتے ہوئے معصوم انسانوں کو ناحق شہید کیا گیا۔ اب ملزموں کی جلد از جلد گرفتاری اور انہیں قرار واقعی سزا دینا لازمی ہے اور یہ المناک سانحہ یارو کے ایک گھرانے کا غم نہیں بلکہ ضلع پشین کے تمام عوام کے لیے ایک امتحان اور ہم سب اس غم میں برابر کے شریک ہیں۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام کے ضلع سینئر نائب امیر مولوی شفیع اللہ، پشتونخوا نیپ کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان، عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری عبید اللہ عابد، پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر شیر محمد ترین، پاکستان تحریک انصاف کے ضلعی صدر شاہ نواز کھرل، جماعت اسلامی کے تحصیل امیر عبد الرؤف خان اور مسلم لیگ ن کے ضلعی صدر سعد اللہ ترین نے آل پارٹیز کے اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ آل پارٹیز کا اجلاس جمعیت ف کے ضلعی دفتر میں مولوی شفیع اللہ کی صدارت میں ہوا جس میں سانحہ یارو کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

TENDER NOTICE

TSE-2526031009183 **Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** The EXECUTIVE ENGINEER MAINTENANCE I DIVISION QUETTA invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee Rs.1000/- and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Annual &Special Repair of Office of (06) Education Department Block No.02 at Civil Secretariat Quetta.	3,600,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 2,520,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 17 April, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 17 April, 2026till 10:30 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:30 AM Address: EXECUTIVE ENGINEER MAINTENANCE I DIVISION QUETTA C&W Complex NEAR CHAMMAN PATAK MIR JAFAR KHAN JAMALI ROAD QUETTA Phone no: 0812920243
Email: maintainancexen@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER MAINTENANCE DIVISION-I QUETTA

PRQ NO.4380/30-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

شوکاز نوٹس

چونکہ مجاز اتھارٹی کے علم میں لایا گیا ہے کہ آپ مسٹر حارث، چوکیدار، ڈائریکٹوریٹ آف ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس نارتھ زون کوئٹہ نے درج ذیل غفلت اور بدانتظامی کے افعال کا ارتکاب کیا ہے آپ 30-07-2025 کو بطور نائب واچ مین (چوکیدار) ڈیوٹی کے دوران شدید نشے کی حالت میں پائے گئے اور ای ٹی او IX کوئٹہ کے عملہ سے تمیزی بھی کی اس سلسلے میں ابتدائی انکوائری کی گئی جس میں انکوائری آفیسر جناب محمد شاس ڈپٹی ڈائریکٹر نے آپ کے خلاف درج ذیل سزاؤں کی سفارش کی ہے۔ بلوچستان ایمپلائز ایفیشنسی اینڈ ڈسپلن ایکٹ، 2011 کے سیکشن (b)4 کے تحت بڑی سزا عائد کی جائے متعلقہ اہلکار کو بحالی مرکز (Rehabilitation Center) میں داخل کیا جائے اور معاملہ میڈیکل بورڈ کو بھیجا جائے ملازمت سے برطرف کیلئے کارروائی کی جائے۔ مذکورہ بالا وجوہات کی بناء پر آپ کو بلوچستان ایمپلائز ایفیشنسی اینڈ ڈسپلن ایکٹ 2011 کے سیکشن 3 کے تحت قصوروار قرار دیا گیا ہے اور آپ اس ایکٹ کے سیکشن 4 کے تحت دی جانے والی سزاؤں بشمول ملازمت سے برطرفی کے مستحق ہیں۔ مزید برآں میں سید ظفر علی بخاری سیکرٹری ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس ڈیپارٹمنٹ بطور مجاز اتھارٹی مذکورہ حقائق اور وجوہات کا جائزہ لینے کے بعد اس امر سے مطمئن ہوں کہ اس ایکٹ کے سیکشن 5 کے تحت مزید باقاعدہ انکوائری کی ضرورت نہیں ہے۔ لہٰذا آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اس نوٹس کی وصولی کے سات (07) دن کے اندر اندر تحریری جواب جمع کروائیں کہ کیوں نہ آپ کے خلاف بلوچستان ایمپلائز ایفیشنسی اینڈ ڈسپلن ایکٹ 2011 کی متعلقہ دفعات کے تحت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ خبردار کیا جاتا ہے کہ مقررہ مدت کے اندر جواب جمع نہ کروانے کی صورت میں یہ تصور کیا جائیگا کہ آپ کے پاس اپنے دفاع میں کچھ پیش کرنے کو نہیں ہے یا آپ نے الزامات تسلیم کر لئے ہیں اور اس صورت میں یکطرفہ کارروائی (Ex-Parte Orded) عمل میں لائی جائیگی۔

سیکرٹری/مجاز اتھارٹی محکمہ ایکسائز ٹیکسیشن و انسداد منشیات بلوچستان

PRQ No 4383/30-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

نوٹس داخلہ برائے درجہ یازدہم (فرسٹ ایئر) سلف فنانسنگ اسکیم 2026

بلوچستان ریزیڈنشل کالج ژوب میں سلف فنانسنگ اسکیم کے تحت درجہ یازدہم (فرسٹ ایئر) پری میڈیکل / انجینئرنگ میں محدود نشستوں پر داخلے کا آغاز ہو چکا ہے۔ داخلے کے سلسلے میں چند ضروری شرائط درج ذیل ہیں۔ سلف فنانس کے تحت داخلہ خالص میرٹ کی بنیاد پر ہوگا۔ صرف ایسے امیدوار انٹسٹ میں شریک ہو سکیں گے جنہوں نے درجہ نہم کے امتحان میں 60 فیصد سے زائد نمبر حاصل کیے ہوں اور درجہ دہم میں بھی 60 فیصد سے زائد نمبر لینے کا ہوپ سرٹیفکیٹ جمع کیا ہو۔ تمام امیدوار ٹسٹ انگریزی میڈیم میں دینے کے پابند ہونگے۔ اردو میں حل کیا ہوا پیپر چیک نہیں کیا جائے گا۔ وہ امیدوار جنہوں نے دہم کا امتحان 2025 یا اس سے پہلے پاس کیا ہو وہ ٹسٹ میں شرکت کے اہل نہیں ہونگے۔ داخلہ ٹسٹ درجہ نہم اور دہم کے مجوزہ نصاب (بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ) سے انگریزی میڈیم میں معروضی و نیم معروضی جوابات پر مشتمل ہوگا۔ ٹسٹ مندرجہ ذیل مضامین میں لیا جائے گا۔ انگریزی (25) فزکس (25)، بائیولوجی / ریاضی (25)، کیمسٹری (25)۔ داخلے کے وقت امیدوار کی عمر 17 سال سے زائد نہیں ہونی چاہیئے۔ درخواست فارم کے ساتھ چار عدد تازہ تصاویر، درجہ نہم کے رزلٹ کی مصدقہ کاپی اور درجہ دہم کا ہوپ سرٹیفکیٹ، چال چلن سرٹیفکیٹ، لوکل سرٹیفکیٹ، والد کے شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل لازمی منسلک کریں۔ فارم پر مکمل پتہ، رابطہ نمبر لکھنا ضروری ہے نامکمل اور معیار پر پورا نہ اترنے والوں کو ٹسٹ میں شرکت کی اجازت نہیں ہوگی۔ انٹری ٹسٹ میں چالیس فیصد نمبر لینا لازمی ہوگا۔ داخلہ فارم الائیڈ بینک ژوب برانچ یا بی آر سی ژوب کے آفیشل فیس بک پیج (BRC ZHOB %Sulaimanians%) سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ داخلہ فارم 25 اپریل 2026 تک بی آر سی ژوب میں جمع کرائیں۔ دیر سے موصول ہونے والی درخواستوں پر غور نہیں کیا جائیگا۔ رجسٹریشن اور امتحانی فیس مبلغ 2500 الائیڈ بینک ژوب برانچ (0010037615170016) میں جمع کر کے اوریجنل رسید داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کریں۔ انچارج داخلہ: محمد نعیم کاکڑ وٹس ایپ نمبر: 03158074642

پرنسپل بی آر سی ژوب

PRQ No 4386/30-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

شوکاز نوٹس

چونکہ مجاز اتھارٹی کے علم میں لایا گیا ہے کہ آپ جناب دلاور خان اسسٹنٹ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر ضلع زیارت نے درج ذیل کوتاہی اور خلاف ورزیوں کا ارتکاب کیا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن و انسداد منشیات (نارتھ زون) کی رپورٹ کے مطابق 24-09-2018 سے 06-04-2022 تک اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہے آپ کو سال 2018 میں ڈائریکٹوریٹ ایکسائز و ٹیکسیشن کوئٹہ سے ریلیو کیا گیا مگر آپ نے دفتر ای ٹی او زیارت میں چارج نہیں سنبھالا آپ کی تنخواہ مارچ 2023 میں بند کر دی گئی آپ نے تنخواہ کی بحالی کیلئے بھی کوئی رجوع نہیں کیا مذکورہ بالا وجوہات کی بناء پر بلوچستان ایمپلائز ایفیشنسی اینڈ ڈسپلن ایکٹ 2011 کی دفعہ 5 کے تحت آپ کے خلاف باقاعدہ انکوائری کی گئی جس کیلئے جناب معظم بیگ ایکسائز و ٹیکسیشن آفیسر ژوب کو انکوائری آفیسر مقرر کیا گیا انکوائری رپورٹ کے مطابق آپ بارہا نوٹس جاری ہونے کے باوجود (بذریعہ ڈی جی ایکسائز و ٹیکسیشن نارتھ زون اور ای ٹی او زیارت) انکوائری آفیسر کے سامنے پیش نہ ہوئے انکوائری آفیسر نے آپ کے خلاف یکطرفہ کارروائی (Ex-Parte Proceedings) شروع کرنے کی سفارش کی ہے۔ میں سید ظفر علی بخاری بطور سیکرٹری / مجاز اتھارٹی محکمہ ایکسائز ٹیکسیشن و انسداد منشیات مذکورہ حقائق اور وجوہات کا جائزہ لینے کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ الزامات بلاشبہ ثابت ہو چکے ہیں جس کے تحت آپ بلوچستان ایمپلائز ایفیشنسی اینڈ ڈسپلن ایکٹ 2011 کی دفعہ 4 کے تحت کسی بھی سزا بشمول "ملازمت سے برطرفی" کے مستوجب ہیں۔ لہٰذا آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اس نوٹس کی وصولی کے (07) دن کے اندر اندر تحریری جواب دفاع جمع کروائیں کہ آپ کے خلاف مذکورہ ایکٹ کے تحت کارروائی کیوں نہ کی جائے اور ذاتی سماعت کیلئے سیکرٹری / مجاز اتھارٹی کے روبرو پیش ہوں۔ نوٹ فرمالیں کہ مقررہ جواب جمع نہ کروانے کی صورت میں یہ تصور کیا جائیگا کہ آپ کے پاس اپنے دفاع میں کچھ کہنا نہیں ہے یا آپ نے صفائی پیش کرنے سے انکار کیا ہے اور ایسی صورت میں آپ کے خلاف یکطرفہ فیصلہ صادر کر دیا جائیگا۔

سیکرٹری/مجاز اتھارٹی محکمہ ایکسائز ٹیکسیشن و انسداد منشیات بلوچستان

PRQ No 4382/30-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The **Office of the Assistant Director Local Govt. Chaman** invites Sealed percentage tender on composite schedule of rate 2023 Government of Balochistan (amended up to date) from interested contractors / firms for the following Development Works for the year 2025-26 Govt. of Balochistan.

S.No	Name of Scheme	Amount
1	RESTORATION OF EIDGAH AND JANAZAGAH CHAMAN (**TSE-2526031008123**)	8.00 M

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn-over of at least estimated cost amount in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering Council (PEC) C6 in Relevant Category and Specialized Code is EE11(iii) (Solar Energy system). Presence in Active GST Payer List Fresh Power of attorney on 100/- PKR affidavit for mentioned scheme in case of representation Latest Bank certificate of the Firm from Scheduled Bank Registration certificate of Audit Firm from Charter Accountant of Pakistan Institute of Chartered Accountants of Pakistan In case if the contractor offers rates @ 10% below of the estimated cost he must submit Bank Guarantee with the financial bid. **Procedure of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **2,000 PKR on A/C** 0005004051384257 NBP Chaman Branch. **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **15th April, 2026** during office hours on working days from the office of the undersigned. **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **16th April, 2026** till **11:00 AM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **12:00 AM Address:** Deputy Commissioner Office Complex Chaman (for submission and opening of tender) **Phone no:** 3182574278
Email: skmandokhel3@gmail.com

ASSISTANT DIRECTOR LOCAL GOVERNMENT CHAMAN

PRQ No.4374/30-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Director Planning & Development, Livestock & Dairy Development Department Balochistan, Quetta invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2526031007621 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender FeeNot Required**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Live Animals (Total Item(s) Count: 2)	200,000 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 1 Assignments of Similar Nature and Complexity 8,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 8,000,000 PKR in 1 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Bidders must provide Certificate that Supply will Disease Free From : 1. Foot-and-Mouth Disease (FMD) 2. Brucellosis 3. Tuberculosis 4. Lumpy Skin Disease. Bidder/Firm Must Provide the Warranty and Guarantee Certificate of 90 days on his Company's Letter Head that he will replace the Animal case of: Infertility, Disease and Pre-existing defects The Bidder/Firm must provide the Pedigree , Health and Vaccination Certificates & Treatment Record **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of amount 200,000 PKR specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **b**The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 16 April, 2026till 01:15 PM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 02:15 PM on EPPS System Address: Office of the Director Planning & Development, Livestock & Dairy Development Department, Spinny Road, Quetta.
Phone no: 3346775858 Email: dirplanningdev@gmail.com

Director Planning & Development, Livestock & Dairy Development Department Balochistan, Quetta

PRQ No.4376/30-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

SHOW CAUSE NOTICE

To,

Mr. Mithal Khan S/O Dhar Khan (Naib Qasid B-1)

WHEREAS, it has been brought to the notice of the undersigned that you have committed the following acts of omission and commission:

"It has been observed with serious concern that your attendance and conduct regarding duty have remained highly unsatisfactory and irregular. Despite being pulled up previously on disciplinary grounds, there has been no improvement in your performance or adherence to prescribed duty timings. In direct violation of the assurances provided by you in your aforementioned replies, it has been noted that you continue to be absent from duty and irregular in your attendance. Specifically, you were found continuously absent from 25th-27th March 2026, during the visit of undersigned without prior approval or intimation. Your persistent absenteeism and failure to maintain regularity, despite previous warnings and your own written commitments, amount to gross misconduct, negligence of duty, and violation of the civil servants' conduct rules."

2. **WHEREAS,** by the reason of above, you have been guilty in terms of section-3 of BEEDA-2011 and liable to any penalty, which may include dismissal from service as prescribed under section-4 of the ibid Act.

3. **WHEREAS,** I Executive Director, SKBZ Al-Nahyan Medical Complex, Quetta being the competent authority after considering the above mentioned facts of the case and reasons/ground thereof as satisfied that there is no need of inquiry against you under section-5 of the said Act.

4. **NOW THEREOF,** you are hereby called upon to submit written defense of show cause within (07) days of the receipt of this notice as to why should not be proceeded under relevant provisions of BEEDA-2011.

5. **TAKE NOTICE** that in case of failure to submit a reply within the prescribed period, it would be assumed that you have no defense to offer or have declined to offer the same and accepted the charge(s) and in that case, ex-parte order will be passed against you.

Executive Director Sheikh Khalifa Bin Zayed Al-Nahyan Medical Complex Mastung Road, Quetta

PRQ No.4372/30-3-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

تعلیمی وظائف

گذشتہ سالوں کی طرح اس سال بھی کان کنی کی صنعت میں کام کرنے والے کارکنان کے بچوں میں مائنز لیبر ویلفیئر فنڈ سے وظائف تقسیم کئے جائیں گے۔ لہٰذا ایسے طلباء و طالبات جن کے والدین بلوچستان میں کان کنی کے پیشے سے وابستہ ہوں اپنی درخواست مجوزہ فارم پر کر کے مورخہ 27 اپریل 2026 تک جمع کریں۔ مجوزہ فارم کسی بھی دن دفتری اوقات کار کے دوران حاصل کیے جا سکتے ہیں تاخیر سے بھیجے گئے اور نامکمل درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔ **شرائط و ضوابط:** (1) درخواست فارم ہر لحاظ سے مکمل ہونا چاہیے۔ نامکمل، غیر تصدیق شدہ اور مقررہ تاریخ کے بعد وصول ہونے والی درخواستیں قابل قبول نہ ہوں گی۔ (2) پریپ سے پانچویں جماعت کے طلباء و طالبات درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں نیز وظیفہ / مالی معاونت زیادہ سے زیادہ دو بچے فی خاندان کی بنیاد پر دیا جائیگا۔ (3) کسی اور ادارے سے سکالرشپ حاصل کرنے والے طلباء و طالبات اس وظیفہ کے لئے اہل نہیں ہونگے۔ (4) معذور طلباء و طالبات (صرف مائنز لیبر کے بچے) درخواست فارم کے ساتھ معذوری سرٹیفکیٹ (Disability Certificate) لازمی منسلک کریں۔ (5) والد (مائن لیبر) کی قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقل اور متعلقہ مائن اونر / مائننگ فرم کی طرف سے جاری کردہ تعیناتی لیٹر یا سروس کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی درخواست کے ساتھ منسلک ہونی چاہیے۔ (6) مائن لیبر، مائنز ایکٹ کے تحت دی گئی ملازم کی تعریف پر پورا اترتا ہو۔ بصورت دیگر مائنز کمیٹی کی غلط بیانی / تصدیق پر قانونی کارروائی کی جائیگی۔ (7) نادرا کی طرف سے جاری شدہ "فارم ب" کی تصدیق شدہ نقل منسلک کرنا ہوگی۔ (8) مطلوبہ دستاویزات کی عدم فراہمی اور موجودہ کلاس / اسٹیشن کیلئے ایک سے زائد درخواست کی صورت میں درخواست فارم مسترد کئے جائیں گے۔ (9) اگر درخواست فارم میں دی گئی معلومات غلط پائی گئیں تو درخواست گزار کے والد سے دیئے گئے وظیفہ / مالی معاونت کی دی گئی رقم وصول کی جائے گی۔ (10) درخواستیں متعلقہ مائنز لیبر ویلفیئر کمشنر بلوچستان / مائنز لیبر ویلفیئر آرگنائزیشن کے دفتر سنگی روڈ نزد گیس دفتر مقررہ تاریخ تک جمع کرنا ہونگے۔ (11) سرکاری ملازمین کے بچے مذکورہ وظیفہ کے حقدار نہیں بصورت دیگر قانونی کارروائی کی جائے گی۔ (12) درخواست فارم متعلقہ مائنز لیبر ویلفیئر کمشنر بلوچستان کے دفتر سنگی روڈ نزد گیس دفتر سے وصول کی جا سکتی ہیں۔

مائنز لیبر ویلفیئر کمشنر بلوچستان

PRQ No 4381/30-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کی ہدایت پر زیارت میں داخلہ مہم تیز

زیارت (یو این اے) ڈسٹرکٹ زیارت میں شرح خواندگی بڑھانے اور تعلیم کے فروغ کے لیے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (DEO) لطیف اللہ ترین کی خصوصی ہدایات پر گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی اسکول زیارت میں بھرپور داخلہ مہم جاری ہے۔ اس مہم کے تحت اسکول کی انتظامیہ ٹیم انتہائی متحرک ہے جو گھر گھر جا کر والدین سے رابطے کر رہی ہے تاکہ کوئی بھی بچہ تعلیم کے زیور سے محروم نہ رہے۔ پرنسپل حبیب عالم پانیزئی کے مطابق، اسکول میں 2 مارچ سے داخلوں کا سلسلہ شروع کیا گیا تھا جو تاحال کامیابی سے جاری ہے

چاغی کی تعمیر و ترقی اور عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، صادق سنجرانی

نوکنڈی بائی پاس کی تعمیر کیلئے 36 کروڑ کی منظوری، شناختی کارڈز بحالی کیلئے ٹیم بلائی ہے

سابق سپیکر سینٹ اور رکن صوبائی اسمبلی کی چاغی، نوکنڈی کے دورے کے موقع پر بات چیت

نوکنڈی (یو این اے) سابق چیئرمین سینیٹ اور رکن صوبائی اسمبلی چاغی، محمد صادق سنجرانی نے نوکنڈی بازار اور بائی پاس کا اچانک دورہ کیا اور دکانداروں سمیت عام عوام سے براہ راست ملاقاتیں کیں۔ اس موقع پر عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ضلع چاغی کے عوام نے جس بھرپور اعتماد کے ساتھ انہیں کامیاب کیا ہے، وہ اس پر پورا اترنے کے لیے دن رات کوشاں ہیں۔ انہوں نے نوکنڈی کو ایک مثالی، صاف ستھرا اور جدید سہولیات سے آراستہ شہر بنانے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے اعلان کیا کہ جلد ہی عوامی مشاورت سے شہر کے لیے ایک جامع 'ماسٹر پلان' پر کام شروع کیا جائے گا۔ محمد صادق سنجرانی نے ٹرانسپورٹرز اور عوام کی سہولت کے لیے نوکنڈی بائی پاس منصوبے کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ اس اہم پراجیکٹ کے لیے صوبائی حکومت سے 36 کروڑ روپے کی منظوری لی جائے گی تاکہ ٹریفک کے مسائل مستقل بنیادوں پر حل ہو سکیں۔ نادرا سے بلاک شدہ شناختی کارڈز کے سنگین مسئلے پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ وفاقی دارالحکومت سے ایک خصوصی ٹیم جلد چاغی کا دورہ کرے گی تاکہ عوام کی مشکلات کا ازالہ کیا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوکنڈی ان کا آبائی علاقہ ہے اور یہاں تعلیم و صحت کی سہولیات کی فراہمی ان کے وژن کا حصہ ہے۔ عوامی حلقوں نے ایم پی اے چاغی کی جانب سے خود عوام کے درمیان آ کر مسائل سننے کے اقدام کو بھرپور سراہا ہے۔

گوادر یونیورسٹی کی رینکنگ میں نمایاں بہتری قابل تحسین ہے

ایچ ای سی کے ابتدائی سروے میں 100 میں سے 89 نمبر حاصل کیے ہیں

گوادر (آن لائن) گوادر یونیورسٹی نے ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) کی کوالٹی انہانسمنٹ سیل (QEC) رینکنگ میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ابتدائی سروے میں 100 میں سے 89 نمبر حاصل کیے ہیں۔ اس شاندار کامیابی کے ساتھ جامعہ نے صوبے بھر کی گیارہ پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں میں ٹاپ پوزیشن حاصل کرتے ہوئے ایک اہم سنگ میل عبور کر لیا ہے۔ یہ کامیابی ایک نو قائم شدہ جامعہ کے لیے نہ صرف باعث فخر ہے بلکہ ادارے کی تیز رفتار ترقی اور معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے سنجیدہ کوششوں کا واضح ثبوت بھی ہے۔ یونیورسٹی انتظامیہ نے اس نمایاں کامیابی پر اساتذہ، افسران اور عملے کو دلی مبارکباد پیش کی اور اسے اجتماعی محنت، پیشہ ورانہ لگن اور ادارہ جاتی بہتری کے لیے مسلسل کاوشوں کا نتیجہ قرار دیا۔ بالخصوص ڈاکٹر رابعہ اسلم کی قیادت میں کوالٹی انہانسمنٹ سیل (QEC) کی ٹیم کی انتھک محنت اور تعلیمی معیار کو مستحکم بنانے کے لیے کیے گئے مؤثر اقدامات کو سراہا گیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر اور پرو وائس چانسلر ڈاکٹر منظور احمد نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ یہ کامیابی جامعہ کے تمام شعبہ جات کی مربوط اور مشترکہ کوششوں کی عکاس ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگرچہ جامعہ ابھی اپنے ابتدائی ترقیاتی مراحل میں ہے، تاہم معیاری تعلیم، مضبوط ادارہ جاتی نظام اور مؤثر کوالٹی اشورنس میکانزم کے نفاذ کے ذریعے قابل قدر پیش رفت حاصل کی گئی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ گوادر یونیورسٹی مستقبل میں بھی تعلیمی معیار کو مزید بلند کرنے، تحقیق و تدریس کے فروغ اور قومی و بین الاقوامی معیارات کے مطابق ادارہ جاتی ترقی کو یقینی بنانے کے لیے اپنی کاوشیں جاری رکھے گی۔

محکمہ ریلویز کی اراضی پر تجاوزات کسی صورت قبول نہیں، آئی جی

ریلویز میں کرپشن اور کرپٹ عناصر کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا، مسافروں کی سیکورٹی ریلویز پولیس کی اولین ترجیح ہوگی

ٹرینوں میں اسمگلنگ اور ٹکٹوں کی بلیک مارکیٹنگ کو روکا جائے گا، محمد وصال، آئی جی ریلوے پولیس کا چارج سنبھال لیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی ریلویز پولیس محمد وصال فخر سلطان نے ریلویز پولیس کے بطور 29 ویں انسپکٹر جنرل اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ آئی جی کی سینٹرل پولیس آفس ریلویز آمد پر افسران اور سی پی او سٹاف نے شاندار استقبال کیا۔ ریلویز پولیس کے چاق و چوبند دستے نے آئی جی ریلویز پولیس کو سلامی پیش کی۔ آئی جی نے یادگار شہداء پر پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی بھی کی۔ اے آئی جی ایڈمن سید حماد حیدر نے آئی جی ریلویز پولیس کو انتظامی امور پر بریفنگ دی۔ آئی جی ریلویز پولیس کا کہنا تھا کہ ریلویز پولیس میں تعیناتی میرے لئے اعزاز کی بات ہے کہ اللہ نے مجھے بہت بڑی عزت سے نوازا۔ ریلویز پولیس کو پاکستان کی بہترین فورس بنانے کا عزم لیکر آیا ہوں اس سلسلے میں ریلویز پولیس کی اپ گریڈیشن کے لئے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔ ریلویز پولیس کو مستقبل کے حوالے سے تیار کرینگے۔ ٹیکنالوجائزیشن کو مزید ترقی دی جائے گی اور پولیس سروس کے معیار کو بہتر کیا جائے گا ریلویز پولیس اسٹیشن و چوکیاں اور ریلویز پولیس ٹریننگ اسکول والٹن کو اپ گریڈ کر کے کالج کا درجہ دیا جائے گا جہاں اس وقت ایک ہزار سے زائد ملازمین جس میں سب انسپکٹر لیگل، اے ایس آئی، ہیڈ کانسٹیبل اور ریکروٹ ٹریی بنیادی اور تکنیکی پروفیشنل کورسز میں تربیت حاصل کر رہے ہیں مزید یہ کہ ریلویز پولیس ٹریننگ اسکول والٹن میں سب انسپکٹر کو ترقی کے لیے اپر کورس بھی کروایا جاتا ہے لہٰذا ریلویز پولیس ٹریننگ اسکول کو کالج کا درجہ بھی دیا جانا بہت ضروری ہے۔ ریلویز پولیس میں ملازمین کی ویلفیئر منصوبہ جات کی شدید کمی ہے ماضی میں ریلویز پولیس لائنز سے منسلک پٹرول اسٹیشن اور شادی ہال سے ہونے والی آمدن سے ریلوے پولیس کے شہداء کی فیملیز اور ملازمین کی مالی امداد کی جاتی تھی جس کو ریلویز پولیس سے واپس لے لیا گیا ہے

نسل نو کو منشیات کی تباہی سے بچانے کیلئے عوام ساتھ دیں، ڈی پی او بارکھان

زہر قاتل فروخت کرنے والوں کے خلاف ہر روز کارروائیاں کی جارہی ہیں، ایس ایچ او

بارکھان (یو این اے) ڈی پی او بارکھان کی خصوصی ہدایات پر منشیات فروشوں کے خلاف جاری مہم کے دوران بارکھان پولیس نے بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے دو اہم ملزمان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق، کارروائی کے دوران ملزمان کے قبضے سے مجموعی طور پر 76 گرام قیمتی منشیات 'آئس' برآمد کی گئی ہے، جس میں ایک ملزم سے 36 گرام اور دوسرے سے 40 گرام آئس شامل ہے۔ ایس ایچ او بارکھان منور احمد نے گرفتاریوں کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ دونوں ملزمان کو تھانے منتقل کر کے ان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے اور مزید تفتیش جاری ہے۔ پولیس حکام نے واضح کیا ہے کہ شہر کو منشیات کی لعنت سے پاک کرنے کے لیے کریک ڈاؤن کا سلسلہ مزید تیز کیا جائے گا اور اس مکروہ دھندے میں ملوث کسی بھی شخص کو معاف نہیں کیا جائے گا۔ ایس ایچ او منور احمد نے شہریوں پر زور دیا ہے

راولپنڈی: بارشوں میں ٹریفک پولیس کی ڈرائیورز کو ایڈوائزری جاری

راولپنڈی (زاہد احمد خان) چیف ٹریفک افسر راولپنڈی فرحان اسلم کی سربراہی میں راولپنڈی ٹریفک پولیس بارش کے دوران شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے اور روڈ یوزرز کو سہولیات فراہم کرنے میں مصروف ہے۔ سی ٹی او راولپنڈی کا بارش ایڈوائزری کے حوالے سے پیغام میں کہنا تھا کہ بارش میں نشیبی جگہوں پانی کھڑا ہونے اور پھسلن کے باعث ٹریفک کی روانی عارضی طور پر سست روی کا شکار ہوتی ہے اس دوران روڈ یوزرز سے گزارش ہے کہ وہ صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں

ڈی سی چمن حبیب اللہ بنگلزئی ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمیٹی کی منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

راشن کی تقسیم نہایت شفاف انداز میں مکمل کی گئی، ڈی سی موسیٰ خیل

راشن کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے گے

موسیٰ خیل (آن لائن) ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق مجگ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کی ہدایات کی روشنی میں ماہ رمضان المبارک کے دوران مستحقین میں راشن کی تقسیم نہایت شفاف انداز میں مکمل کی گئی، جس نے ضلع بھر میں ایک مثال قائم کی ہے۔ اپنے جاری کردہ سرکاری بیان میں ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ نے راشن کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے اور اس عمل میں شفافیت کو اولین ترجیح دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ دنوں میں ایک شخص کی جانب سے دانستہ طور پر ضلعی انتظامیہ موسیٰ خیل پر بے بنیاد الزامات عائد کیے گئے ہیں، جن کی وضاحت ضروری ہے۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق مجگ نے واضح کیا کہ راشن کی تقسیم کے حوالے سے لگائے گئے غیر منصفانہ تقسیم کے الزامات حقائق کے منافی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی کے پاس اس ضمن میں کوئی ٹھوس شواہد موجود ہیں تو وہ ضلعی انتظامیہ کے سامنے پیش کیے جائیں تاکہ شفاف تحقیقات کے بعد ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ کے خلاف من گھڑت اور بے بنیاد بیان بازی سے گریز کیا جائے، کیونکہ اس سے نہ صرف عوام میں بے چینی پھیلتی ہے بلکہ سرکاری اقدامات پر بھی منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوامی خدمت اور شفافیت کے اصولوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

جامعہ عربیہ زکریا انسٹیٹیوٹ میں داخلوں کا آغاز

کوئٹہ (یو این اے) جامعہ عربیہ ترتیل القرآن زکریا انسٹیٹیوٹ کوئٹہ کے ناظم تعلیمات مولانا سید محمد ابراہیم آغا نے اپنے ایک خصوصی بیان میں نئے تعلیمی سال کے لیے داخلوں کے باقاعدہ آغاز کا اعلان کر دیا ہے۔ جامعہ میں طلبا کو روایتی دینی علوم جیسے ناظرہ و حفظ القرآن، شعبہ کتب اور دنیوی تعلیم کے ساتھ ساتھ جدید دور کے تقاضوں کے مطابق عربی تکلم، رد الحاد، ختم نبوت کورسز اور کمپیوٹر کی تعلیم بھی فراہم کی جاتی ہے۔ ادارے کا بنیادی مقصد طلبا کی صرف علمی پیاس بجھانا نہیں بلکہ ان کی اخلاقی، عملی اور دینی تربیت کرنا ہے تاکہ وہ معاشرے میں ایک مضبوط اسلامی شعور کے ساتھ مثبت کردار ادا کر سکیں۔ ناظم تعلیمات مولانا سید محمد ابراہیم آغا نے مزید کہا کہ داخلے ہر عمر اور سطح کے طلباء کے لیے کھلے ہیں

گنداواہ شہر کو جھل مگسی سے بجلی کی فراہمی عارضی طور پر شروع

بھاگ شہر کے ہسپتال، سرکاری دفاتر کو بجلی کی فراہمی بحال کی گئی ہے

کوئٹہ (آن لائن) گنداواہ شہر کو جھل مگسی سے بجلی کی فراہمی عارضی طور پر شروع کردی گئی ہے اور ابتدائی طور پر بھاگ شہر کے ہسپتال، سرکاری دفاتر اور پی ایچ ای کنکشنز کو بجلی کی فراہمی بحال کر دی گئی ہے اور مذکورہ متاثرہ لائن کی بحالی کیلئے سامان کی منتقلی کا کام شروع کر دیا گیا ہے جبکہ 33kv گنداواہ لائن کے متاثرہ کنڈکٹرز اور کھمبوں کی تنصیب کا کام بھی جلد شروع کر دیا جائے گا۔ واضح رہے کہ ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب بی کے علاقے بھاگ میں نامعلوم چوروں نے 33 کے وی گنداواہ فیڈر کے 26 کھمبوں سے کنڈکٹرز (بجلی کی تاریں) چوری کر لئے اس دوران پانچ پی سی سی PCC کھمبوں کو بھی مکمل طور پر نقصان پہنچایا گیا جس کے نتیجے میں 33kV گنداواہ فیڈر سے منسلک گنداواہ شہر کو بجلی کی فراہمی مکمل طور پر معطل ہوگئی۔ بعد ازاں کیسکو لہڑی سب ڈویژن کی جانب سے واقعہ میں ملوث چوروں کے خلاف قانونی کارروائی کے لیے متعلقہ پولیس اسٹیشن میں ایف آئی آر درج کرادی گئی ہے تاکہ واقعہ میں ملوث افراد کو جلد از جلد گرفتار کیا جا سکے۔ اس دوران 33kV گنداواہ فیڈر سے کنڈکٹرز کی چوری ہونے سے گنداواہ شہر کے صارفین کو بجلی کی فراہمی میں تعطل پر کیسکو نے معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

گداگری، بے روزگاری کی شرح میں خطرناک حد تک اضافہ

صنعتوں میں مواقع نہ ملنے سے 90 فیصد آبادی معاشی بحران کا شکار

بے روزگار نوجوانوں کا، حکومت سے فوری روزگار کے مواقع پیدا کرنے کا مطالبہ

گدانی (یو این اے) گدانی کی تحصیل میں بے روزگاری کی شرح میں حالیہ اضافے نے مقامی نوجوانوں کو شدید ذہنی و معاشی مایوسی میں مبتلا کر دیا ہے۔ گدانی کی 90 فیصد سے زائد آبادی کا دارومدار ماہی گیری اور محنت مزدوری پر ہے، لیکن سمندری حیات میں مسلسل کمی اور شکار کے محدود مواقع نے مچھیروں کے چولہے ٹھنڈے کر دیے ہیں۔ دوسری جانب، علاقے میں موجود مقامی صنعتوں اور شپ بریکنگ یارڈز میں بھی مقامی افراد کو ترجیحی بنیادوں پر روزگار فراہم نہیں کیا جا رہا، جس کی وجہ سے مقامی آبادی اپنے ہی وسائل سے محروم ہو کر کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہے۔ علاقے کے سماجی حلقوں اور بے روزگار نوجوانوں نے حکومت بلوچستان سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گدانی کے غریب عوام کو مقامی صنعتوں میں روزگار کے باعزت مواقع فراہم کیے جائیں۔ ان کا کہنا ہے کہ روزگار کی عدم دستیابی کی وجہ سے نوجوان نسل سماجی برائیوں کی جانب راغب ہو سکتی ہے، اس لیے حکومت کو چاہیے کہ وہ ہنگامی بنیادوں پر ایسے اقدامات کرے جس سے نوجوان اپنے خاندان کی کفالت کر سکیں اور علاقے میں معاشی خوشحالی آ سکے۔

میٹروپولیٹن کی کھوئی ساکھ کی بحالی کیلئے صفائی کا کام واپس دیا جائے، گرینڈ الائنس

کارپوریشن کے ملازمین کو دوسرے محکموں میں ٹرانسفر کرنے کے فیصلے کو واپس نہ لیا گیا تو احتجاج کیا جائے گا

دوسرے اداروں میں خواتین کو ڈیوٹی کے دوران ہراسمنٹ سمیت دیگر مشکلات کا سامنا ہے، صدر اور کابینہ کا بیان

کوئٹہ (اے این این) گرینڈ الائنس بلوچستان کے صدر اور کابینہ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ملازمین گونا گو مسائل کا شکار ہے ملازمین کو دیگر محکموں کو بھیج کر ملازمین کی زندگی اجیرن کر دی گئی ہے میٹروپولیٹن کے کئی ملازمین کو ٹریفک، گورنر ہاؤس اور باغات میں تقسیم کر کے ٹرانسفر کر دیا گیا ہے، جس میں خواتین کو سخت مشکلات درپیش ہے اپنے جاری کردہ بیان میں گرینڈ الائنس کا کہنا ہے کہ خواتین ڈیوٹی دینے کے باوجود مسائل کا شکار ہے ان کو تحفظ فراہم کی جائے میٹروپولیٹن کے خواتین ملازمین کو میٹرو پارک یا میٹروپولیٹن کے دفاتر میں واپس ڈیوٹیاں لگائی جائے تاکہ وہ محفوظ ہو کر کام کر سکے انہوں نے کہا کہ حکومت وقت میٹروپولیٹن کے پرانی ساکھ کو بحال کر کے شہر کے صفائی کرنے کے ساتھ ساتھ مختلف مسائل جو اس وقت کوئٹہ شہر کو درپیش ہے وہ بروقت حل ہو سکے گرینڈ الائنس کے صدر نے کہا ہے کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کی پرانی ساکھ بحال ہونے سے شہری صفائی بہتر ہو جائے گی دکانداروں سے صفائی کی مد میں ہر ماہ 500 روپے لینا بند ہو جائے گا شہر کے نالیاں اور کچرا اٹھانے کا بروقت کام ہونے کی وجہ سے عوام سکھ کا سانس لیں سکیں گے۔

شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، آئی جی اسلام آباد

کوئی بھی شہری پولیس سے متعلق شکایت پر کھلی کچہری آ سکتا ہے، سید علی ناصر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے ریڈ زون کا دورہ کیا۔ انہوں نے ریڈ زون میں سیکورٹی انتظامات، داخلی و خارجی ناکہ جات کے چیکنگ کا جائزہ لیا۔ آئی جی اسلام آباد نے ریڈ زون میں واقع سرکاری و نجی اداروں کے حفاظتی اقدامات کا معائنہ کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سیکورٹی کو مزید سخت اور مؤثر بنایا جائے اور تمام حفاظتی تقاضوں کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے سیف سٹی کیمروں کے ذریعے مؤثر سرویلنس کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی تاکہ حساس علاقوں میں امن و امان کو ہر صورت برقرار رکھا جا سکے اور کسی بھی مشکوک سرگرمی پر فوری کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ بعد ازاں آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں "اوپن ڈور پالیسی کے تحت" کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ انہوں نے کھلی کچہری میں شہریوں اور پولیس افسران کے مسائل سنے اور ان کے حل کیلئے موقع پر ہی ہدایات جاری کیں

باصلاحیت نوجوان افسران ملک و قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں، مفتی محمد نعیم رونجھ

لسبیلہ (یو این اے) امیر جمعیت علماء اسلام لسبیلہ مفتی محمد نعیم رونجھ کی جانب سے بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے ذریعے حال ہی میں منتخب ہونے والے لسبیلہ کے نائب تحصیلداران کے اعزاز میں مدرسہ مظہر العلوم بیلہ میں ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں نو تعینات افسران محمد آصف رونجھ، شہباز علی بلوچ، فدا حسین رونجھ اور عبدالقدیر رونجھ نے خصوصی شرکت کی۔

لورالائی، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع ایم ایم ڈی آفس کا دورہ و بلڈوزر مشنری کا جائزہ لے رہے ہیں

مشکل معاشی حالات میں کمزور طبقے کو اکیلا نہیں چھوڑیں گے، زرک مندوخیل

وفاقی و صوبائی حکومت متوسط طبقے کو مزید ریلیف فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہی ہیں

خطے کے امن کیلئے پاکستان کی وزارت خارجہ و داخلہ کی مثبت پالیسیوں کی دنیا تعریف کر رہی ہے، رکن اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) پاکستان (ن) مسلم لیگ کے رہنما، و رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ وفاقی و صوبائی حکومتیں کمزور اور متوسط طبقے کے لوگوں کو مزید ریلیف فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہیں، مشکل کی اس گھڑی میں معاشی طور پر کمزور طبقے کو اکیلا نہیں چھوڑیں گے بچت و سادگی مہم پر عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے، عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ وفاقی و صوبائی حکومتوں کی بچت مہم کے اقدامات پر عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے، ملکی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے ادویات کا وافر ذخیرہ موجود ہے عوام صبر و تحمل سے کام لیں اپنے عوام کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے تیل کی قیمتوں میں اضافے کی تجاویز کو بارہا مسترد کر کے عوام کے دل جیت لیے عوام کو کسی صورت مہنگائی کی طرف دھکیلنے نہیں دیں گے انہوں نے کہا کہ وفاق کی کوششوں سے عالمی سطح پر بحران کے باوجود بروقت فیصلوں کی بدولت اللہ کے فضل و کرم سے ایندھن کی فراہمی میں کسی قسم کا تعطل نہیں آنے دیا گیا، پاکستان خطے میں امن کے حوالے سے سفارتی محاذ پر بھرپور کوششیں کر رہا ہے جو کہ خوش آئند اور خارجہ و داخلہ کی مثبت پالیسیوں کا واضح ثبوت ہے انہوں نے کہا کہ عوام کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے بلکہ ہر فورم پر عوامی مسائل کے حل کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔

گوادر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) ظہور احمد بلوچ ریلوے ٹریک کی تعمیر کے لیے زمینوں کے سروے اور ایکوزیشن سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی کیلئے اصلاحات کی جا رہی ہیں، بخت محمد کاکڑ

ٹراما سینٹر کو فعال کرنے کیلئے طبی عملے کی میرٹ پر بھرتیوں کا عمل آخری مراحل میں ہے

وزیراعلیٰ کی ہدایات کی روشنی میں محکمہ صحت میں غفلت اور کوتاہی بالکل گنجائش نہیں ہے، وزیر صحت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بے روزگار نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار فراہم کرنے کیلئے بھرپور اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں محکمہ صحت اور تعلیم کی بہتری اور بے روزگاری کا خاتمہ اولین ترجیح ہے نئے تعمیر ٹراما سینٹر کو فعال کر دیا گیا ہے جس سے عوام کو بہتر علاج و معالجہ کی فراہمی ممکن ہوگی عوامی صحت پر کوئی سمجھوتہ برداشت نہیں کریں گے نئے تعمیر ٹراما سینٹر کے لئے تمام وسائل سمیت ڈاکٹرز و دیگر سٹاف کے بھرتیوں کا عمل جاری ہے جو صرف اور صرف شفافیت و میرٹ پر کی جائے گی یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ اسپنی روڈ پر نئے تعمیر شدہ ٹراما سینٹر کو مکمل طور پر فعال کر دیا گیا اور عوام کے بہتر علاج و معالجے کیلئے ڈاکٹرز و دیگر سٹاف کی تعیناتیاں بھی عمل میں لائی جائے گی ایک طرف کئی حد تک بے روزگاری خاتمہ اور بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے گئے ہیں جبکہ دوسری جانب عوام کو بہتر صحت کی سہولیات اور علاج و معالجہ یقینی بنایا جا رہا ہے جس سے عوام جلد استفادہ حاصل کرے گی انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا واضح ہدایات ہے کہ محکمہ صحت پر کوئی کمپرومائز برداشت نہیں کریں گے

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کچھی بمقام ڈھاڈر

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشتگردی ایکٹ

ATC نمبر 08/26 — FIR نمبر 60/25 — سرکار بنام: اختر ندیم عرف میجر گہرام

جرم زیر دفعہ 7 (i) (b,d,h,i) 11F (1) (2) ATA — پولیس تھانہ CTD سی

ہرگاہ ہمارے روبرو نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمی ترجمان اختر ندیم عرف میجر گہرام ولد لعل بخش بلوچ سکنہ مٹلے آواران جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوا ہے (یا اس کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بہ طبق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ مسمی مذکورہ بالا دستیاب نہیں ہو سکتا اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکورہ بالا فرار ہو گیا ہے یا اس نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ وہ بتاریخ 24-04-2026 کو عدالت ہذا بمقام ڈھاڈر نالش مذکور کی قلمبندی کیلئے حاضر ہوں مفرور ملزمان کی جانب سے مسٹر نجیر محمد مری ایڈوکیٹ کو کونسل مقرر کیا جاتا ہے۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ کچھی بمقام ڈھاڈر

PRQ No 4384/30-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2526031009143 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER PHE DIVISION KHARAN invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee Rs.2000/- and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Supply and Installation of Pumping machineries, Transformer and Submersible for various WSS at Kharan city	20,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders: Eligibility criteria may be checked in the bidding document. Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee,Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **2,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **15 April, 2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **15 April, 2026 till 11:00 AM Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at **12:00 PM Address:** EXECUTIVE ENGINEER PHE DIVISION KHARAN **Phone no:** 0847510697 Email: mirnoor007@gmail.com

PRQ No.4379/30-03-2026 — **EXECUTIVE ENGINEER PHE DIVISION KHARAN**

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2526031007613 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER MAINTENANCE I DIVISION QUETTA invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee Rs.1000/- and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Annual & Special Repair of House No.B-10 at G.O.R Colony Quetta.	2,500,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 1,750,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 16 April, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 16 April, 2026till 10:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:00 AM Address: EXECUTIVE ENGINEER MAINTENANCE I DIVISION QUETTA C&W Complex NEAR CHAMMAN PATAK MIR JAFAR KHAN JAMALI ROAD QUETTA Phone no: 0812920243 Email: maintainancexen@gmail.com

PRQ No.4387/30-03-2026 — **EXECUTIVE ENGINEER MAINTENANCE DIVISION-I QUETTA**

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

کمبائنڈ ملٹری ہسپتال، کوئٹہ کینٹ

اسامیاں خالی ہیں

سی ایم ایچ کوئٹہ کینٹ کو درج ذیل اسامیوں کے لیے درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	نام اسامیاں	تعداد	بلوچستان	بنیادی تعلیمی قابلیت و تجربہ
1	کارپینٹر (BPS-4)	01	01	پرائمری اور متعلقہ کام میں تجربہ رکھتا ہو۔
2	ٹیلر (BPS-4)	01	01	پرائمری اور متعلقہ کام میں تجربہ رکھتا ہو۔
3	وارڈبوائے (BPS-4)	01	01	پرائمری اور متعلقہ کام میں تجربہ رکھتا ہو۔
4	سینیٹری ورکر (خاکروب) (مرد) (BPS-1)	04	04	پڑھنا لکھنا جانتا ہو اور سینیٹری ورکر کے کام میں مہارت رکھتا ہو۔
5	سینیٹری ورکر (خاکروب) (عورت) (BPS-1)	01	01	پڑھنا لکھنا جانتی ہو اور سینیٹری ورکر کے کام میں مہارت رکھتی ہو۔
6	آیا (عورت) (BPS-1)	02	02	پڑھنا لکھنا جانتی ہو اور آیا کے کام میں مہارت رکھتی ہو۔
7	ٹنگ (BPS-1)	01	01	پڑھنا لکھنا جانتا ہو اور متعلقہ کام میں تجربہ رکھتا ہو۔

شرائط برائے درخواست گزار۔

(01) درخواست سادہ کاغذ پر لکھ کر بھیجی جائے۔ درخواست پر مکمل پتہ اور موبائل نمبر اور جس اسامی کے لئے درخواست دے رہے ہیں درخواست اور لفافے کے اوپر اس اسامی کا نام درج ہونا ضروری ہے۔ درخواست کے ہمراہ تعلیمی اسناد، لوکل/ڈومیسائل سرٹیفکیٹ اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقول کی دو کاپیاں اور دو حالیہ پاسپورٹ سائز تصاویر مورخہ 14 اپریل 2026 تک ارسال کریں۔

(02) عمر کی حد 18 سے 25 سال ہے۔

(03) حکومتی قانون کے مطابق عمر کی بالائی حد میں 5 سال تک کی رعایت دی جائے گی۔

(04) حکومتی قانون کے مطابق بلوچستان سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کے لئے عمر کی بالائی حد میں 3 سال کی مزید رعایت دی جائے گی۔

(05) سرکاری ملازمین اپنے متعلقہ ادارے کے توسط سے (این او سی کے ساتھ) درخواستیں دے سکتے ہیں۔ درخواست صرف ایک منتخب اسامی کیلئے دی جا سکتی ہے۔

(06) آرمی سے ریٹائرڈ افراد کے عمر کی حد 40 سال ہے۔ (عمر کی حد میں حکومت پاکستان کے قانون کے مطابق 5 سال کی رعایت دی جائے گی)۔

(07) ابتدائی جانچ پڑتال کے بعد موزوں/اہل امیدواروں کو تحریری ٹیسٹ اور انٹرویو کیلئے کال لیٹر جاری کیے جائیں گے۔

(08) نامکمل اور تاخیر سے موصول ہونے والی درخواست ناقابل قبول ہوگی۔

(09) ٹیسٹ/انٹرویو کے لئے آنے والوں کو کوئی ٹی اے/ڈی اے نہیں دیا جائے گا اور رہائش بھی نہیں دی جائے گی۔

درخواست بھیجنے کا پتہ: کمانڈنٹ کمبائنڈ ملٹری ہسپتال، کوئٹہ کینٹ فون نمبر 081-9202970

REQUEST FOR PROPOSAL

TSE-2526031008344 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Request for Proposal for selection of Consultancy service invited on Electronic Public Procurement System (EPPS) from well reputed national/International firms (JV) / service provider meeting with eligibility criteria, viz having registration with FBR for Income Tax and BRA and who are on Active Taxpayers List (ATL) having registration with PEC as a Consulting Engineering Firm, and are not black listed in any procuring agancyv or authority for prepration of Hiring of **"Consultancy Services from Consulting Firms" Titled as CONSULTANCY SERVICES FOR DETAILED DESIGN AND CONSTRUCTION SUPERVISION FOR RAISING OF AKRA KAUR DAM, DISTRICT GWADAR**

Bid Security 2% — **Detail as under:**

S.No.	Description	E/Cost
1	CONSULTANCY SERVICES FOR DETAILED DESIGN AND CONSTRUCTION SUPERVISION FOR RAISING OF AKRA KAUR DAM, DISTRICT GWADAR	15,562,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity Turn over of at least 15,000,000 PKR Amount in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Balochistan PEC/PCAD Registration PEC Valid Certifications along with the relevant code 1205 complete (in case of JV both the firms should have complete code) 2% CDR in favour of Executive Engineer Irrigation Division Gwadar from a schedule bank of Pakistan **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The FINANCIAL PROPOSALS shall be opened of those consultants whose technical proposal is considered and approved. The Selection of Consultants shall be made as per Evaluation Criteria method as mentioned in the 'Date Sheet' of this "Request for Proposal" document. The incomplete request for proposal or received after due date mentioned above will not be considered. The RFP Documents can be downloaded from BPPRA Website (www.bppra.gob.pk). **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 17 April, 2026 till 12:00 PM **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 01:00 PM Address: EPPS Phone no: 0819201074 Fax no: 0819202157 Email: faridpandarani@gmail.com

PRQ No.4361/30-03-2026 — **EXECUTIVE ENGINEER IRRIGATION DIVISION GWADAR**

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

حکومت پاکستان وزارت داخلہ و نارکوٹکس کنٹرول

نیشنل ڈیٹابیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا)
ریجنل ہیڈ آفس کوئٹہ

ٹینڈر نوٹس
بڈز مطلوب ہیں

نادرا ریجنل ہیڈ آفس کوئٹہ اور اس کے ذیلی دفاتر کے لیے سیکیورٹی سروسز کی فراہمی
ٹینڈر نمبر: NADRA–QTA-Admin / 2025-26-003

1. ریجنل ہیڈ آفس نادرا کوئٹہ کو نادرا کوئٹہ اور بلوچستان بھر میں اس کے ذیلی دفاتر کے لیے سیکیورٹی سروسز کی فراہمی کے لیے انکم ٹیکس اینڈ سیلز ٹیکس میں رجسٹرڈ اور متعلقہ سرکاری اداروں سے منظور شدہ، نیز فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل سپلائرز/کنٹریکٹرز/فرمز سے بذریعہ ای پیڈ الیکٹرانک بڈز مطلوب ہیں۔
2. ای بڈنگ دستاویزات، بشمول شرائط و ضوابط، خصوصیات اور ضروریات رجسٹرڈ بولی دہندگان کے لیے ای پیڈ ویب سائٹ https://eprocure.gov.pk پر دستیاب ہیں۔
3. ٹینڈر دستاویزات کے مطابق تیار کی گئی بولیاں بذریعہ ای پیڈ مورخہ 16 اپریل 2026 بوقت صبح 11:00 بجے تک جمع کرائی جائیں۔ تکنیکی بولیاں 16 اپریل 2026 کو صبح 11:30 بجے سنگل سٹیج ٹو اینولپ بڈنگ طریقہ کار کے تحت ای پیڈ پر کھولی جائیں گی، جس کے بعد یہ عمل عوامی سطح پر نادرا ریجنل ہیڈ آفس (کانفرنس ہال-2، گراؤنڈ فلور، زرغون روڈ، کوئٹہ) میں ان بولی دہندگان کے نمائندگان کی موجودگی میں مکمل کیا جائے گا جو شرکت کے خواہاں ہوں۔ یہ اشتہار اور بڈنگ دستاویزات پیپرا ویب سائٹ www.ppra.org.pk اور ای پیڈ ویب سائٹ https://eprocure.gov.pk پر بھی دستیاب ہیں۔
4. تفصیلی شرائط و ضوابط، اشیاء کی خصوصیات اور جانچ کے معیار بڈنگ دستاویزات میں درج ہیں۔ بولی کے ہمراہ درج ذیل دستاویزات کی فراہمی لازم ہوگی، جبکہ بولی دہندہ حسب ضرورت دیگر معلومات بھی شامل کر سکتا ہے۔
   - ا۔ مذکورہ مقررہ تاریخ و وقت کے بعد ای پیڈ کے ذریعے موصول ہونے والی بڈنگ دستاویزات قابل قبول نہیں ہوں گی۔
   - ب۔ پیش کردہ قیمت میں تمام قابل اطلاق ٹیکسز شامل ہوں گے۔
   - ج۔ بولیوں کے ساتھ مبلغ 1,155,000 روپے کی بڈ سیکیورٹی بطور کال ڈپازٹ (CDR)/بینک گارنٹی منسلک کرنا لازمی ہوگی۔ بڈ سیکیورٹی (اصل) کی ہارڈ کاپی ایڈمن سیکشن، ریجنل ہیڈ آفس نادرا، زرغون روڈ، کوئٹہ میں مورخہ 16 اپریل 2026 بوقت صبح 11:00 بجے تک جمع کرانا ضروری ہے، بصورت دیگر الیکٹرانک بولی قابل قبول نہیں ہوگی۔
   - د۔ پیپرا قواعد کے رول 33 کے مطابق نادرا کو تمام بولیوں/تجاویز کو مسترد کرنے اور بولی کی منظوری سے قبل کسی بھی مرحلے پر بڈنگ کے عمل کو منسوخ کرنے کا حق حاصل ہے۔
   - ہ۔ یہ اشتہار اور بڈنگ دستاویزات پیپرا کی ویب سائٹ www.ppra.org.pk پر بھی دستیاب ہیں۔

نوٹ: پروکیورنگ ایجنسی ای پیڈ پر بڈرز کے ہاں بولی سے متعلق کسی بھی تکنیکی مسئلے کی ذمہ دار نہیں ہوگی۔ بروقت جمع کرانے کی مکمل ذمہ داری بڈر پر ہوگی۔

ڈپٹی ڈائریکٹر (ایڈمن)
ریجنل ہیڈ آفس، نادرا
نیو زرغون روڈ، کوئٹہ فون: 081-9211622

PID(I)7922/25 — URAAN PAKISTAN

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو، پرنٹر وپبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

منگل 31 مارچ 2026ء

کشیدگی کے خاتمے کے لئے اجتماعی کوششیں جاری رکھنے کی ضرورت !!

وزیراعظم شہباز شریف نے گزشتہ روز ایک بار پھر قیام امن کے لئے پاکستان کے دوٹوک عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ برادر مسلم ممالک میں جاری کشیدگی کے خاتمے کے لئے اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں

خبریں: ادھر ایران جنگ کو ایک مہینہ پورا ہو چکا ہے اور میڈیا رپورٹس کے مطابق زمینی جنگ کے خطرات بھی بڑھ گئے ہیں ہمیں مایوس نہیں ہونا چاہئے امن خیر اور بھلائی کی امید رکھنی چاہئے تاہم زمینی حالات وواقعات یہ بتاتے ہیں کہ جنگ تھمی نہیں بلکہ تناؤ اور کشیدگی مزید بڑھتی دکھائی دے رہی ہے ایران پر جاری حملوں کو اکتیس دن گزر چکے ہیں اور خطہ مسلسل ایک بڑے اور خطرناک تصادم کی طرف بڑھتا دکھائی دے رہا ہے۔ حالات اس قدر سنگین ہو چکے ہیں کہ اب محض فضائی حملوں تک محدود جنگ کے زمینی تصادم میں تبدیل ہونے کے خدشات بھی شدت اختیار کر چکے ہیں۔ اس پورے منظر نامے میں عالمی طاقتوں کے بیانات، خطے کے ممالک کی بے چینی، توانائی کی قیمتوں میں اضافہ اور انسانی جانوں کا ضیاع ایک ایسے بحران کی تصویر پیش کر رہا ہے جس کے اثرات پوری دنیا پر مرتب ہو سکتے ہیں۔ ایرانی دارالحکومت تہران سمیت متعدد شہروں میں گزشتہ روز بھی دھماکوں کی گونج سنائی دیتی رہی ایران کے مختلف شہروں کرج، شیراز، قم، آبادان اور تبریز میں حملوں کی اطلاعات ہیں تبریز میں پیٹروکیمیکل پلانٹ میں آگ لگنے کا واقعہ اس بات کا ثبوت ہے کہ توانائی کے مراکز بھی اس تصادم کا ہدف بن رہے ہیں۔ تہران میں بجلی کے نظام کی بندش اور بعد ازاں بحالی اس بات کی علامت ہے کہ جنگ اب شہری زندگی کے ہر پہلو کو متاثر کر رہی ہے۔ اس جنگ کے اثرات صرف ایران یا اسرائیل تک محدود نہیں رہے بلکہ خلیجی ممالک بھی اس کی لپیٹ میں آ چکے ہیں۔ سعودی عرب کی جانب سے بیلسٹک میزائل مار گرانے کا دعویٰ، کویت میں پاور اور واٹر پلانٹ پر حملہ اور بحرین میں خطرے کے سائرن اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ جنگ کا دائرہ تیزی سے پھیل رہا ہے۔ لبنان، عراق اور غزہ میں جھڑپوں کا جاری رہنا اس بحران کو ایک وسیع علاقائی جنگ میں تبدیل کرنے کے خدشات کو مزید مضبوط کر رہا ہے۔ یہ جنگ صرف عسکری نہیں بلکہ معاشی جنگ بھی بن چکی ہے۔ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں کا 115 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کر جانا اس بات کا اشارہ ہے کہ توانائی کا بحران شدت اختیار کر رہا ہے۔ ایشیائی اسٹاک مارکیٹس میں مندی اور عالمی معیشت پر منڈلاتے خطرات اس حقیقت کو واضح کرتے ہیں کہ یہ جنگ کسی ایک خطے کا مسئلہ نہیں رہی بلکہ عالمی استحکام کے لئے خطرہ بن چکی ہے۔ اگر جنگ طول پکڑتی ہے تو خوراک اور توانائی کا بحران مزید شدت اختیار کر سکتا ہے، جس کا سب سے زیادہ اثر ترقی پذیر ممالک پر پڑے گا۔ ایسے خطرناک حالات میں یہ سوال انتہائی اہم ہو جاتا ہے کہ اس جنگ کا انجام کیا ہوگا؟ تاریخ گواہ ہے کہ جنگیں مسائل کا حل نہیں بلکہ مزید پیچیدگیاں پیدا کرتی ہیں۔ ہر حملہ ایک نئے ردعمل کو جنم دیتا ہے اور یوں تشدد کا یہ سلسلہ ایک نہ ختم ہونے والے دائرے میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ یہی وہ لمحہ ہے جہاں سفارتکاری کی اہمیت سب سے زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ یہ امر خوش آئند ہے کہ ایسے نازک وقت میں پاکستان نے ایک بار پھر امن کے سفیر کا کردار ادا کرنے کی کوشش کی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے یہ واضح پیغام دیا گیا ہے کہ ایران سمیت برادر مسلم ممالک میں جاری کشیدگی کے خاتمے کے لئے اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں اور پاکستان ایران اور امریکا کو مذاکرات کی میز پر لانے کے لئے مثبت کردار ادا کرتا رہے گا۔ یہ موقف اس بات کا عکاس ہے کہ پاکستان طاقت کے استعمال کے بجائے مکالمے اور سفارتکاری کو ہی مسائل کا دیرپا حل سمجھتا ہے۔ اسلام آباد میں ترکیہ اور مصر کے وزرائے خارجہ سے ملاقات اور خطے کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال اس سفارتی کوشش کا اہم حصہ ہے۔ پاکستان نے نہ صرف صورتحال کی سنگینی کو اجاگر کیا بلکہ یہ بھی واضح کیا کہ جنگ کے نتیجے میں قیمتی جانوں، معیشت اور املاک کا بھاری نقصان ہو رہا ہے۔ اس موقف کو سعودی، ترکیہ اور مصر کی جانب سے بھرپور انداز میں سراہا گیا ہے اسلام آباد میں پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور مصر کے وزرائے خارجہ کا مشاورتی اجلاس دراصل ایک بڑی سفارتی پیش رفت ہے۔ اس اجلاس میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ یہ جنگ کسی کے مفاد میں نہیں اور اس کا نتیجہ صرف تباہی کی صورت میں نکلے گا۔ یہ بات نہایت اہم ہے کہ مسلم دنیا کے اہم ممالک نے مکالمے اور سفارتکاری کو ہی واحد قابل عمل راستہ قرار دیا۔ اس اجلاس کی سب سے اہم بات یہ تھی کہ امریکا اور ایران کے درمیان ممکنہ مذاکرات کے لئے اسلام آباد کا نام اب پوری دنیا میں گونجنے لگا ہے پاکستان کی خارجہ پالیسی متوازن اور ذمہ دارانہ سمت میں آگے بڑھ رہی ہے۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی ہمیشہ توازن اور اعتدال پر مبنی رہی ہے۔ ایک طرف پاکستان اپنے برادر ممالک کے ساتھ مضبوط تعلقات رکھتا ہے تو دوسری جانب عالمی سطح پر تنازعات کے حل کے لئے غیر جانبدار اور تعمیری کردار ادا کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان کو مذاکرات کے لئے ایک قابل اعتماد ثالث کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ موجودہ صورتحال میں مسلم امہ کا اتحاد انتہائی اہم ہے۔ جنگ اور تصادم نے ہمیشہ امت کو نقصان پہنچایا ہے جبکہ اتحاد اور سفارتکاری نے ہمیشہ مثبت نتائج دیئے ہیں۔ پاکستان کی کوششیں دراصل اسی اتحاد کو فروغ دینے کی ایک سنجیدہ کاوش ہیں۔ آج جب دنیا کے مختلف خطے جنگ وجدل کا شکار ہیں، پاکستان کا یہ پیغام نہایت اہم ہے کہ مسائل کا حل طاقت کے استعمال میں نہیں بلکہ بات چیت اور مفاہمت میں ہے۔ یہی وہ اصول ہے جس پر عمل کر کے عالمی امن کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ یہ امید کی جانی چاہئے کہ اسلام آباد میں شروع ہونے والا سفارتی عمل تسلسل کے ساتھ آگے بڑھے گا اور دیگر ممالک بھی اس میں شامل ہوں گے۔ ایک جامع اور دیرپا حل کے لئے مستقل رابطے، اعتماد سازی اور مسلسل مشاورت ضروری ہیں۔ مشرق وسطیٰ کے موجودہ بحران میں پاکستان کی سفارتکاری امید کی ایک کرن بن کر ابھری ہے۔ بارود کے سائے میں امن کی یہ کوششیں نہ صرف خطے بلکہ پوری دنیا کے لئے اہم ہیں۔ اگر یہ سفارتی کوششیں کامیاب ہوتی ہیں تو یہ نہ صرف مشرق وسطیٰ بلکہ عالمی امن کے لئے بھی ایک بڑی کامیابی ہوگی۔ یہ وقت جنگ کے شعلوں کو بھڑکانے کا نہیں بلکہ انہیں بجھانے کا ہے۔ اور اس مقصد کے لئے پاکستان کی سفارتکاری ایک روشن مثال بن کر سامنے آ رہی ہے۔ امید ہے کہ یہ کوششیں رنگ لائیں گی۔

پاکستان کی غیر جانبداری توڑنے کے لیے فیک نیوز کے انبار

برملا — نصرت جاوید



کل وقتی صحافت اختیار کرنے کے پانچ برس بعد تک میں نام نہاد عالمی میڈیا کے چند اخبارات، ٹی وی چینل اور صحافیوں سے بہت متاثر رہا۔ دسمبر1979ء میں لیکن ماضی کا سوویت یونین اور آج کا روس افغانستان میں در آیا۔ عالمی امور کی پیچیدگیاں ان دنوں میری سمجھ سے بالاتر تھیں۔ چیزوں کو سفید یا سیاہ قرار دینے کو ترجیح دیتا۔ اس حوالے سے مجھے سوویت یونین افغانستان پر قابض محسوس ہوا۔ یہ حقیقت مگر کھل کر بیان کرنے سے گھبراتا۔ کالج داخل ہوتے ہی سوشلزم کا پرچارک بن گیا تھا۔ وطن عزیز میں ان دنوں جنرل ضیاء الحق کی حکومت بھی تھی۔ روس کی کھل کر مذمت کرنے سے یہ سوچتے ہوئے کتراتا کہ لوگ مجھے ضیاء الحق کا چمچہ اور سوشلزم سے منکر ہوا ''موقع پرست'' سمجھنا نہ شروع ہو جائیں۔ جونیئر ہوتے ہوئے عالمی امور کے بارے میں ویسے بھی رپورٹنگ اور تبصرہ آرائی سے پرے رکھا جاتا تھا۔ شہری مسائل، ثقافتی تقریبات اور مصوری کی نمائشوں پر کالم نما تبصرہ آرائی سے دھندا چلاتا۔

اخبارات چھپنے سے پہلے ان دنوں سنسر ہونے کیلئے بھجوائے جاتے تھے۔ سنسر کو غچہ دینے کے لئے میں نے اسلام آباد کے انگریزی روزنامہ ''مسلم'' کے لئے سفارتی تقریبات کے بارے میں کالم لکھنا شروع کر دیئے۔ مشاہد حسین سید نے بطور مدیر مجھے یہ کالم لکھنے کی فراخ دلی سے سہولت فراہم کی۔ اس کے ذریعے میں سفارتی تقریبات میں غیر ملکی مہمانوں کے حالات حاضرہ کے بارے میں چند فقرے رپورٹ کرتے ہوئے سیاسی حوالوں سے اہم نکات بیان کر دیتا۔

ان کالموں کے سبب مجھے امریکی سفارت خانے نے بھی اپنی تقریبات میں مدعو کرنا شروع کر دیا۔ بسا اوقات امریکہ سے آئے چند اہم مہمانوں کے لئے ہوئے دوپہر یا رات کے کھانوں میں شرکت کیلئے بھی بلا لیا جاتا۔ ایسے کھانوں میں عموماً دس سے زیادہ افراد مدعو نہیں ہوا کرتے تھے۔ سفارت کاروں کی نسبتاً محدود محفلوں میں دو سے تین گھنٹے گزرنے کے سبب سیکھنے کو بہت کچھ مل جاتا۔ بے تکلف دوستوں کی تعداد میں بھی اضافہ ہونے لگا۔ ان ہی دنوں امریکہ سے سرکاری اطلاعات فراہم کرنے کے لئے ایک دفتر اسلام آباد کے بلیو ایریا میں بھی قائم ہوا۔ وہاں لائبریری بھی تھی۔ امریکی اخبارات وجرائد پڑھنے اکثر وہاں جا پڑتا۔ اسی عمارت کے ایک کمرے میں اسلام آباد میں تعینات غیر ملکی اور چند پاکستانی صحافیوں کو افغانستان میں سوویت یونین کے خلاف برپا ''جہاد'' کے بارے میں روزانہ کی بنیاد پر بریفنگ دی جایا کرتی تھی۔ ایک بار مجھے بھی وہاں بلا لیا گیا۔ بریفنگ شروع ہوتے ہی امریکی محکمہ اطلاعات یا وزارت خارجہ کے پریس سیکشن کا ایک کارندہ کھڑا ہو کر ''میدان جنگ'' سے آئی رپورٹیں پڑھنا شروع ہو گیا۔ دیوار پر لگائے افغانستان کے نقشے پر سوئی جماتے ہوئے یہ سمجھانے کی کوشش کرتا رہا کہ وقتاً فوقتاً اعتبار سے اس مقام پر ''مجاہدین'' نے کتنے کمیونسٹ فوجی مار دیئے ہیں۔ جو معلومات اس نے فراہم کیں چند ہی لمحوں بعد امریکہ اور برطانیہ کی سرکاری نیوز ایجنسیوں کے توسط سے دنیا بھر میں اشاعت کے لئے پھیلا دی گئیں۔ مجھ سادہ لوح کو استادوں نے سکھایا تھا کہ خبر دینے سے پہلے رپورٹر کے لئے کم از کم تین ذرائع سے تصدیق درکار ہے۔ تصدیق میسر ہو جانے کے باوجود آپ کو اس فریق کی رائے جاننے کی بھی ایماندارانہ کوشش کرنی چاہیے جس کے جنگ میں بھاری بھرکم نقصانات کا ذکر ہو رہا ہے۔ مجھے سمجھ نہ آئی کہ اسلام آباد میں امریکی پریس سیکشن کے ایک درمیانے درجے کے کارندے کی فراہم کردہ معلومات کو اے پی، رائٹرز اور اے ایف پی جیسے بڑے ناموں نے ہو بہو کیوں چھاپ دیا ہے۔ پاکستان کے اخباروں میں امریکی پریس سیکشن کے ''افغان جہاد'' کے بارے میں دی گئی بریفنگ کا ہو بہو چھپ جانا اگرچہ میں سمجھ سکتا تھا۔ پاکستان مذکورہ جہاد میں ''فرنٹ لائن'' کا کردار ادا کر رہا تھا اور اس ضمن میں امریکہ اور اس کے اتحادی ہمارے مہربان سرپرست تھے۔

''افغان جہاد'' کے حوالے سے کئی برسوں تک پھیلے ذاتی تجربے کی بدولت پہچان لیا کہ ''آزاد صحافت'' محض ایک واہمہ ہے۔ ''عالمی میڈیا'' کے دھانسو نام اور ادارے سامراجی ایجنڈے کی تکمیل ہی میں مصروف رہتے ہیں۔ ان سے مرعوب ہونے کی ضرورت نہیں۔ کبھی کبھار بلکہ دیانتداری سے یہ بھی محسوس کرتا کہ پاکستان جیسے غریب اور آمرانہ حکومتوں کے عادی ہوئے ملکوں کے صحافی سچ بیان کرنے کے لئے عالمی سطح پر چھپنے خان مشہور ہوئے صحافیوں کے مقابلے میں کہیں زیادہ بے تاب رہتے ہیں اور اکثر اس کی قیمت بھی طویل بے روزگاری، جلاوطنی اور چند صورتوں میں لمبی سزاؤں کی صورت ادا کرنا پڑتی ہے۔ جنرل ضیاء کے دور میں ہمارے ناصر زیدی جیسے دوستوں کو سرعام کوڑے بھی لگائے گئے تھے۔

''افغان جہاد'' کے دوران ذاتی تجربات کی بدولت ''عالمی میڈیا'' کی حقیقت دریافت کرنے کی تکلیف عرصہ ہوا بھول چکا تھا۔ ایران پر اسرائیل اور امریکہ کی مسلط کردہ جنگ کی ''عالمی میڈیا'' پر کوریج دیکھتے ہوئے گزشتہ دس دن سے مگر پرانے زخم ہرے ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ میں شاید جھجکی انداز میں انہیں نظرانداز کر دیتا۔ گزشتہ ایک ہفتے سے لیکن تواتر سے ایسی ''خبریں'' نمودار ہونا شروع ہو چکی ہیں جن کا واحد مقصد پاکستان کے عوام کو اس امر پر آمادہ کرنا ہے کہ وہ اپنی حکومت کو متحارب فریقین میں سے کسی ایک کا ساتھ دینے کو مجبور کریں۔ پاکستان کو گزشتہ ایک ماہ سے جاری جنگ میں ملوث کرنے کو گھڑی یہ خبریں ہمارے کئی ساتھیوں کو بھی گمراہ کر رہی ہیں۔

موجودہ حکومتی بندوبست کے بارے میں سینکڑوں تحفظات کے باوجود میں اعتراف کرنے کو مجبور ہوں کہ ایک غریب اور مقروض ملک ہونے کے باوجود پاکستان نے ابھی تک تقریباً ایک ماہ سے جاری جنگ میں نہایت ہوشیاری سے غیر جانب داری برقرار رکھی ہوئی ہے۔ فریقین کو ناراض کئے بغیر اپنائی غیر جانب داری نے ہمیں اس قابل بنایا کہ ترکی، مصر اور سعودی عرب کے وزرائے خارجہ پاکستان تشریف لا چکے ہیں۔ ان کی مشاورت سے ایسا لائحہ عمل تیار کیا جا سکتا ہے جو ایران اور امریکہ کے مابین جنگ بندی یقینی بنانے کے بعد پائیدار امن کی راہ بھی ہموار کر سکے۔

پاکستان کے دارالحکومت میں ایک اہم اجلاس منعقد ہونے سے عین ایک دن قبل مگر عالمی طور پر نہایت مستند مانے ایک غیر ملکی اخبار (میں سوچ سمجھ کر نام نہیں لکھ رہا) نے یہ ''خبر'' چھاپی ہے کہ اسے ''ایک'' (جی ہاں فقط ایک) پاکستانی افسر کی زبانی یہ معلوم ہوا کہ ہمارا تاریخی اعتبار سے بہت ہی قریبی تصور ہوتا ایک ملک پاکستان کی ثابت قدمی سے اپنائی غیر جانبداری سے خوش نہیں ہے۔ فقط ایک گمنام افسر کی گفتگو کو صفحہ اول کی خبر بنا دینے کی سہولت پاکستان میں کسی تیسرے درجے کے اخبار یا نشریاتی ادارے کو بھی میسر نہیں۔ عالمی سطح پر مستند گردانے ایک غیر ملکی اخبار نے مگر فقط ایک گمنام افسر کی گفتگو کو سوشل میڈیا پر سب سے زیادہ پڑھی اور زیر بحث آئی ''خبر'' بنا دیا ہے۔

ایران کے حوالے سے بھی پاکستان کی ''خفگی'' ایجاد کرنے کی کوششیں ہو رہی ہیں۔ اس تناظر میں گھڑی چند خبروں کو تہران نے سرکاری طور پر فیک ٹھہرایا۔ آگ مگر مسلسل بھڑکائی جا رہی ہے۔ پاکستان کو فیک نیوز کے انبار سے مجبور کیا جا رہا ہے کہ وہ جنگ میں کسی ایک فریق کی حمایت میں بلا سوچے سمجھے کود پڑے۔ عمر کے آخری حصے میں صحافت کو جسے بہت چاؤ سے جوانی میں بطور پیشہ اپنایا تھا گھٹیا پراپیگنڈہ ٹول میں بدلتا دیکھ کر جی بہت دکھی محسوس کر رہا ہے۔

پاکستان کی 'ہائی رسک، ہائی ریوارڈ' سفارت کاری

میڈیا آئی — عبدالباسط علوی

abdulbasitalvi@gmail.com

گزشتہ چند دنوں میں پاکستان، ترکی اور مصر کے ساتھ ایک اہم سفارتی کھلاڑی کے طور پر ابھرا ہے، جو خطے میں جاری لڑائی سے نکلنے کا راستہ تلاش کرنے اور مزید کشیدگی سے بچنے کے لیے امریکہ اور ایران کے درمیان پیغام رسانی کر رہا ہے۔ پاکستان کے اس نمایاں کردار اور میڈیا کوریج نے ان قیاس آرائیوں کو جنم دیا ہے کہ آیا یہ ملک محض ایک پیغام رساں کے طور پر کام کر رہا ہے یا ایک ثالث کے طور پر؟ مذاکرات کی حساس نوعیت اور داؤ پر لگی اعلیٰ قیمت کے باعث پاکستان اپنے پس پردہ کردار کے بارے میں محتاط ہے۔ 1971 میں پاکستان کی پس پردہ سفارت کاری نے ہنری کسنجر کے بیجنگ کے خفیہ دورے کی راہ ہموار کی تھی، جس کے نتیجے میں امریکہ اور چین کے تعلقات معمول پر آئے۔ اگر پاکستان امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کرانے میں کامیاب ہو جاتا ہے تو اس سے ملک کے سفارتی قد کاٹھ میں اضافہ ہوگا۔ فی الوقت پاکستان ثالث کا کردار ادا کرنے کے لیے منفرد پوزیشن میں ہے۔

حالیہ مہینوں میں امریکہ اور پاکستان کے تعلقات میں زبردست بہتری آئی ہے اور ملک کی سیاسی و عسکری قیادت ٹرمپ انتظامیہ کے ساتھ اچھے تعلقات رکھتی ہے۔ ایران کے ساتھ بھی پاکستان کے تعلقات خوشگوار ہیں اور اہم بات یہ ہے کہ دونوں فریق پاکستان پر اعتماد کرتے ہیں۔ تاہم، اگر امریکہ-ایران مذاکرات ناکام ہو جاتے ہیں اور جنگ بندی نہیں ہو پاتی تو اس کے پاکستان کے لیے زبردست تزویراتی، معاشی اور داخلی نقصانات ہوں گے۔ سرحدی سکیورٹی: اگر پاکستان جنگ میں شامل ہوتا ہے تو اس کی پوری مغربی سرحدیں گرم (اشتعال انگیز) ہو جائیں گی۔ پاکستان پہلے ہی کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کی سرحد پار دہشت گردی کی بڑھتی ہوئی لہر سے نبرد آزما ہے۔ مزید برآں، مشرقی سمت میں انڈیا کے ساتھ تعلقات کشیدہ ہیں۔ ایران کے ساتھ کشیدگی کے نتیجے میں میزائل اور ڈرون حملے ایک بھیانک خواب جیسی صورت حال پیدا کر دیں گے۔ یہ صورت حال پاکستان افواج کو مزید مصروف کر دے گی، نایاب وسائل ختم ہوں گے اور سکیورٹی کا ایسا خلا پیدا ہوگا جس کا عسکریت پسند گروپ فائدہ اٹھائیں گے۔

اگر ایران کی موجودہ حکومت ختم ہو جاتی ہے اور اس کی جگہ اسرائیل نواز نظام آ جاتا ہے تو پاکستان کے دونوں اطراف (مغرب اور مشرق) میں دو معاندانہ اداکار، یعنی اسرائیل اور انڈیا ہوں گے۔ پاکستان مشرق وسطیٰ سے توانائی کی درآمدات پر بہت زیادہ انحصار کرتا ہے۔ جاری جنگ اور عالمی توانائی کے بحران نے پہلے ہی پاکستان میں ایندھن کی قیمتوں میں 20 فیصد اضافہ کر دیا ہے۔

ایران کے خلاف جنگ میں شامل ہونے کا کوئی بھی فیصلہ ملک کی فرقہ وارانہ فالٹ لائنوں کو ہوا دے سکتا ہے۔ ایران میں سرگرم مختلف دھڑے فرقہ وارانہ پراکسی کارڈ کھیل کر پاکستان میں تناؤ پیدا کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ پاکستان ایک 'ہائی رسک، ہائی ریوارڈ' (زیادہ خطرہ، زیادہ فائدہ) والی سفارت کاری میں مصروف ہے۔ اگر یہ کامیاب ہوتی ہے تو معاشی، سکیورٹی اور شہرت کے فوائد حاصل ہوں گے، لیکن ناکامی کی صورت میں ملک کے تزویراتی، معاشی اور سفارتی منظر نامے مزید پیچیدہ ہو جائیں گے۔

غرور کا ایک دور ختم ہو رہا ہے

اظہار خیال — ایاز امیر

ویتنام کی جنگ کئی سال جاری رہی اور گو اس میں امریکہ کی بہت سبکی ہوئی لیکن اس پسپائی کا اثر محدود تھا۔ امریکہ ہار گیا لیکن باقی چیزیں چلتی رہیں۔ ایران جنگ میں امریکہ کو جو سبکی اٹھانی پڑ رہی ہے اس کے اثرات وسیع تر ہوں گے کیونکہ سارے تیل بردار خطے میں امریکہ کو ناقابل تلافی نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ تحفظ کے سارے مفروضے برباد ہوئے۔ جی سی سی ممالک جو اب تک امریکہ پر انحصار کرتے تھے انہوں نے ایرانی میزائلوں کے سامنے امریکی تحفظ کی حقیقت دیکھ لی۔

سوائے جن کی آنکھیں بند ہیں باقی دنیا دیکھ رہی ہے کہ اس جنگ میں امریکہ کو شکست ہو رہی ہے۔ امریکہ اپنا کوئی بھی مقصد حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہوا۔ نہ امریکہ بیان کر سکا ہے کہ آنکھیں بند کر کے جو اس جنگ میں کودا کیا مقاصد حاصل کرنا مقصود تھے؟ امریکہ میں سوال اٹھ رہے ہیں کہ کچھ عذر تو پیش کیا جائے۔ پہلے روز امریکی صدر نے عندیہ دیا کہ جنگ کا مقصد رجیم چینج ہے۔ ایران کے نیوکلیئر پروگرام کو ختم کرنے کا مقصد بھی بیان کیا گیا' وہی پروگرام جس کے بارے میں پچھلے سال جون میں کہا تھا کہ بی ٹو بمبار جہازوں نے ایران کی جوہری صلاحیت تباہ کر دی ہے۔ اب جو ایران نے آبنائے ہرمز کو بیشتر جہازوں کے لیے بند کر دیا ہے تو امریکہ ان ترلوں پر آ گیا ہے کہ کسی طریقے سے آبنائے ہرمز کھل جائے تاکہ جو نقصان گلوبل معیشت کو اٹھانا پڑ رہا ہے وہ ختم ہو۔ یعنی حملوں کے وقت مقاصد کیا بیان کیے جا رہے تھے اور ایک ماہ کی جنگ کے بعد بات کہاں تک پہنچ گئی ہے۔

امریکی صدر کی باتیں سن کر تو لگتا ہے کہ واویلیاں مار رہے ہیں۔ دو تین روز پہلے کی کابینہ میٹنگ کا حال ملاحظہ ہو جہاں میڈیا کو بھی بلایا گیا تھا۔ امریکی صدر بولے جا رہے تھے لیکن باتوں میں کوئی ربط نہیں تھا۔ کبھی ایک چیز چھیڑ رہے ہیں اور اسی لمحے کہیں اور پہنچ رہے ہیں۔ اور بیشتر وزیروں اور مشیروں کا حال وہ تھا جو بھانڈوں کی محفل میں عموماً دیکھا جاتا ہے۔ سنجیدہ ماحول لگتا ہی نہیں تھا۔ یہ ہے عالمی سپر پاور کا حال جس نے بغیر سوچے سمجھے اس جنگ میں چھلانگ لگا دی اور وہ بھی اپنی منشا پر نہیں بلکہ یہ اسرائیل کا وزیراعظم تھا جس نے کہانیاں سنا سنا کر امریکی صدر کو اس جنگ میں دھکیل دیا اور جہاں اسرائیل کا مقصد پورا ہو رہا ہے کہ مسلم دنیا میں تباہی پھیلی ہوئی ہے امریکی سرکار میں احساس پیدا ہو چکا ہے کہ ہم غلطی کیا کر بیٹھے۔ لیکن امریکہ کے سامنے مشکل اب یہ ہے کہ نکلنے کا راستہ اسے کوئی نہیں مل رہا۔

پندرہ نکات جو امریکہ نے پاکستان کو پکڑائے ہیں اور جو ہم نے ایران کو پہنچا دیے ایسے لایعنی قسم کے ہیں کہ امریکی عقل پر حیرانی ہوتی ہے۔ یہ جو ایک ماہ کی بمباری ہوئی دنیا کی تاریخ میں سخت ترین بمباری ہے۔ ماسوائے اس کے کہ جوہری ہتھیار استعمال ہوں اس سے زیادہ شدید بمباری ہو نہیں سکتی۔ ایران نے سب کچھ برداشت کر کے جوابی حملے ایسے کیے ہیں کہ اسرائیل اور امریکہ دونوں کے ہوش ٹھکانے آ گئے ہیں۔ خطے کے عرب ممالک میں امریکہ کے 13 ملٹری اڈے ہیں اور ان پر ایرانی نشانے ایسے لگے کہ 13 کے 13 ناکارہ ہو گئے ہیں اور وہاں مقیم امریکی فوجیوں کے قیام کا بندوبست ہوٹلوں میں ہو رہا ہے۔ ان ہوٹلوں پر بھی ایرانی ڈرون اور میزائلوں کے حملے ہوئے ہیں۔ امریکہ اور اسرائیل نے تو یہ سمجھا تھا کہ پہلے حملے میں ایرانی قیادت پر کاری وار ہوا اور مزید دو تین دن کی بمباری کے نتیجے میں اسلامی ری پبلک کا سارا انتظام نیست و نابود ہو جائے گا۔ ایسا کیا ہونا تھا اسرائیل اور امریکہ کو لینے کے دینے پڑ رہے ہیں' لیکن پھر بھی جو پندرہ نکات امریکہ نے دیے ہیں انہیں پڑھ کر تو یہ لگتا ہے کہ فاتح امریکہ ہے اور ایران مذاکرات کی بھیک مانگ رہا ہے۔ حالانکہ بات بالکل الٹ ہے' امریکہ نکلنے کی صورت ڈھونڈ رہا ہے جو اسے آسانی سے مل نہیں رہی۔

یہ وہ امریکہ ہے جو سوویت یونین کے بکھرنے کے بعد دنیا کی واحد سپر پاور رہ گیا تھا اور جو سمجھتا تھا کہ دنیا میں حقیقت وہ ہو گی جو ہم چاہیں گے۔ صدر جارج بش کے مشیر کارل روو (RoveKarl) کے مشہور الفاظ ہیں کہ دنیا میں ہم جو بھی کریں گے وہی سب سے بڑی حقیقت ہو گی۔ اور اب تک امریکہ اپنی مرضی کرتا آیا ہے۔ جھوٹ پہ مبنی عراق پر حملہ کر کے اس ملک کو تباہ کیا۔ لیبیا میں کرنل قذافی کے ساتھ کیا ہوا۔ شام کی تباہی ہوئی' ان سب واقعات سے پہلے افغانستان پر کیا گیا حملہ۔ غزہ میں قتل عام اور حال ہی میں جو دنیا نے وینزویلا میں دیکھا کہ امریکی افواج کا حملہ اور وہاں کے صدر کو اغوا کر کے امریکہ لے جانا۔ وینزویلا کا ایڈونچر ہو رہا تھا تو صدر ٹرمپ کیوبا کے بارے میں بول پڑے کہ اس کے ساتھ جو چاہوں گا وہی ہوگا۔ یہ بخار سر چڑھا ہوا تھا کہ ڈونلڈ ٹرمپ کی قسمت ہاری اور اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کی باتوں میں آ کر ایران پر حملے کی ٹھان لی۔

متوقع حملے سے پہلے ایرانیوں نے لاکھ کوشش کی کہ حملے کا خطرہ ٹل جائے۔ وہ اس بات پر بھی راضی ہو گئے کہ جس یورینیم کی افزودگی وہ کر چکے ہیں اس کی طاقت وہ ختم کر دیں گے یعنی افزودگی صفر فیصد پر پہنچ جائے گی۔ صرف ایک بات پر اڑے رہے کہ افزودگی کا جو جائز حق ہے اس سے وہ دستبردار نہیں ہوں گے۔ عمان کے وزیر خارجہ بدر البوسعیدی جو امریکہ اور ایران کے بلاواسطہ مذاکرات کے سہولت کار تھے' نے یہ سب باتیں بیان کر دی ہیں کہ ایرانی اس حد تک تیار ہو گئے تھے۔ ہفت روزہ اکانومسٹ میں البوسعیدی نے اس موضوع پر مضمون بھی لکھا ہے جس میں وہ کہتے ہیں کہ لگتا یوں ہے کہ امریکی اپنی خارجہ پالیسی پر کنٹرول کھو بیٹھے ہیں۔ جس کا مطلب صاف الفاظ میں یہ ہے کہ امریکی فارن پالیسی پر کنٹرول کسی اور کا لگتا ہے۔ اشارہ صاف ظاہر ہے اسرائیل کی طرف ہے۔

دیگر سارے جتن امریکہ کر چکا ہے بس ایک رہ گیا ہے کہ خلیج کی طرف اپنے فوجی دستے بھیجے جو زمینی کارروائیاں شروع کریں۔ جاپان میں تعینات امریکی دستے خلیج کی طرف آ رہے ہیں۔ 82 ایئر بورن ڈویژن کا ایک بریگیڈ امریکہ سے خلیج کی طرف آ رہا ہے۔ جزیرہ خارگ' جس پر بڑی ایرانی تیل تنصیبات موجود ہیں' کی باتیں ہو رہی ہیں کہ وہاں کے قبضے کا سوچا جا رہا ہے۔ خلیج میں کچھ اور جزیرے ہیں ان کا ذکر بھی سنا جاتا ہے۔ آبنائے ہرمز پر زمینی حملے کی باتیں۔ امریکی سبکی جو اب تک ہوئی ہے بس اس میں یہی کسر باقی رہ گئی ہے اور اگر امریکہ واقعی زمینی حملے کی طرف جاتا ہے تو سمجھ لیا جائے کہ تاریخ کے اس مرحلے میں امریکی عقل سے بالکل فارغ ہو گئے ہیں۔

کشمیریوں کی ایران کے لیے عطیہ مہم

نوید فکر — نعیمہ احمد مہجور



ٹرمپ کی نئی چال یا امن کی سنجیدہ کوشش؟

گردوپیش — ڈاکٹر رشید احمد خان

گزشتہ ہفتے اور اتوار کی رات کو امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو الٹی میٹم دیا تھا کہ اگر اس نے آئندہ 48 گھنٹوں میں آبنائے ہرمز کے راستے خلیجی ممالک کے تیل اور گیس بردار بحری جہازوں کی آمد و رفت پر عائد پابندیاں نہ اٹھائیں تو امریکہ یکے بعد دیگرے اس کے بجلی پیدا کرنے والے پلانٹس کو تباہ کر دے گا۔ اس کے جواب میں ایران نے دھمکی دی کہ اگر امریکہ نے اپنی دھمکی کو عملی جامہ پہنایا تو خلیج فارس میں اس کے اتحادی ممالک میں نہ صرف بجلی پیدا کرنیوالے بلکہ سمندر کے پانی کو قابل استعمال بنانے والے پلانٹس اور تیل و گیس کے ذخائر کو بھی تباہ کر دیا جائے گا۔ اس ایرانی ردعمل کے بعد صدر ٹرمپ نے اعلان کیا تھا کہ وہ ایران کے جوہری مراکز پر ممکنہ حملے کی دھمکی کو جمعہ تک روک رہے ہیں جبکہ گزشتہ روز انہوں نے یہ مدت چھ اپریل تک بڑھا دی ہے۔ اس اقدام کی وجہ انہوں نے یہ بتائی ہے کہ امریکہ اور ایران کی ایک اہم شخصیت کے درمیان بات چیت ہوئی ہے جس میں حوصلہ افزا پیش رفت سامنے آئی ہے۔ امید ظاہر کی جا رہی ہے کہ اس بات چیت کے نتیجے میں نہ صرف امریکہ اور ایران کے درمیان یورینیم کی افزودگی اور دور مار میزائلوں کی تیاری کو پانچ سال کیلئے منجمد کرنے پر سمجھوتا ہو جائے گا بلکہ ایران اور اسرائیل کے درمیان تنازعات بھی حل ہو جائیں گے اور یوں پورے مشرق وسطیٰ میں مستقل بنیادوں پر امن و استحکام قائم ہو سکے گا۔ صدر ٹرمپ کی طرف سے ایران کو دیے گئے الٹی میٹم کو موخر کرنے کا اعلان غیر متوقع یا حیران کن نہیں کیونکہ دنیا میں تقریباً ایک ماہ سے جاری اس جنگ پر بین الاقوامی تشویش میں مسلسل اضافہ ہو رہا تھا۔ اس کی ایک بڑی وجہ عالمی منڈی میں خام تیل کی دستیابی میں کمی اور قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہے جس نے تیل درآمد کرنے والے ممالک کی معیشتوں کو سنگین خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی کے تازہ ترین اعلان کے مطابق دنیا کو اس جنگ کے باعث تیل کے جس بحران کا سامنا ہے وہ 1973-74ء کی عرب اسرائیل جنگ کے نتیجے میں پیدا ہونے والے آئل امبارگو سے بھی زیادہ خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔ اس سے بھی زیادہ تشویشناک پہلو یہ ہے کہ امریکہ ایران کے ردعمل اور مزاحمت کے باعث بدحواسی کا شکار ہو کر بڑے پیمانے پر اسلحے اور گولہ بارود جنگ میں جھونک رہا ہے۔ اگر اس عمل کو نہ روکا گیا تو یہ جنگ بہت جلد اس نہج پر پہنچ سکتی ہے جہاں ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کے علاوہ کوئی چارہ باقی نہیں رہے گا۔ چین کے ایک سفارتکار اور جنگی امور کے ماہر ڈاکٹر وکٹر گاؤ کے مطابق یہ جنگ تیزی سے ایک علاقائی بلکہ عالمی تصادم میں تبدیل ہو رہی ہے جس میں اسرائیل کی طرف سے ایران کے ٹھکانوں پر ایٹمی حملہ ناگزیر ہو سکتا ہے کیونکہ اس وقت خطے میں صرف اسرائیل ہی جوہری ہتھیاروں کا حامل ملک ہے اور وہ انتہائی خطرے کی صورت میں ان کے استعمال کا عندیہ بھی دے چکا ہے۔ اسی لیے دنیا بھر کے ممالک اس جنگ کو فوری طور پر بند کرنے اور سفارتی ذرائع سے حل کرنے کا مطالبہ کر رہے ہیں' جبکہ بعض ممالک اس سلسلے میں عملی کوششوں میں بھی مصروف ہیں۔ کچھ عرصہ قبل ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے الجزیرہ کو دیے گئے ایک انٹرویو میں ان سفارتی کوششوں کا ذکر کیا تھا اور اس رائے کا اظہار کیا تھا کہ اس تنازع میں اگر کوئی ملک موثر مصالحتی کردار ادا کر سکتا ہے تو وہ چین ہے کیونکہ اسکے ایران' امریکہ اور اسرائیل تینوں کیساتھ متوازن تعلقات ہیں۔

صدر ٹرمپ کی جانب سے الٹی میٹم موخر کرنے کے بعد امریکی میڈیا میں یہ خبریں بھی گردش کر رہی ہیں کہ ترکیہ' مصر' عمان اور پاکستان نے بھی پس پردہ سفارتی کوششوں میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اگرچہ جنگ بدستور جاری ہے اور امریکی و اسرائیلی حملے ایران کے طول و عرض میں ہو رہے ہیں تاہم امریکی سینٹ کام نے واضح کیا ہے کہ جنگ بندی تک یہ کارروائیاں جاری رہیں گی۔

دوسری جانب اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو نے بھی اعلان کیا ہے کہ جب تک کوئی معاہدہ طے نہیں پاتا ایران پر اسرائیلی حملے جاری رہیں گے۔ ایران کی طرف سے بھی جوابی کارروائیاں مسلسل جاری ہیں جس کے باعث خطہ شدید کشیدگی کی لپیٹ میں ہے۔ آبنائے ہرمز پر ایرانی کنٹرول برقرار ہے اور امریکی اتحادی ممالک کے تیل بردار جہازوں کی آمد و رفت بدستور محدود ہے۔ اس تمام تر صورتحال کے باوجود صدر ٹرمپ کے اعلان کا عالمی سطح پر خیر مقدم کیا گیا ہے۔ برطانیہ کے وزیراعظم کیئر سٹارمر نے اسے مثبت پیش رفت قرار دیتے ہوئے مشرق وسطیٰ میں جنگ بندی اور دیرپا امن کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ مزید برآں اس اعلان کے عالمی تیل کی قیمتوں اور سٹاک مارکیٹس پر بھی خوشگوار اثرات مرتب ہوئے ہیں۔

دنیا بھر کے تجزیہ کار اس بات پر حیران ہیں کہ ڈونلڈ ٹرمپ' جو اپنے متضاد بیانات اور بار بار پالیسی تبدیلیوں کے باعث ناقابل اعتبار سمجھے جاتے ہیں' کے ایک ٹویٹ پر عالمی منڈیوں نے اتنا مثبت ردعمل کیوں ظاہر کیا۔ کیا دنیا اس بار انہیں سنجیدگی سے لے رہی ہے؟ اور کیا وہ واقعی اپنے اعلان پر عمل کریں گے؟ اگرچہ جنگ کے بارے میں حتمی پیش گوئی ممکن نہیں' تاہم ٹرمپ کے ایک حالیہ ٹویٹ میں بعض ایسی باتیں ضرور شامل ہیں جو اس سے قبل امریکہ کی جنگی حکمت عملی کا حصہ نہیں تھیں۔ مثلاً اب تک امریکی اہداف میں رجیم چینج' زیرو یورینیم افزودگی اور میزائل نظام کی تباہی شامل رہے ہیں' جبکہ حالیہ ٹویٹ میں ایران اسرائیل تنازع کو خطے کا دیرینہ مسئلہ قرار دے کر اسے مذاکرات کے ایجنڈے میں شامل کرنے کی بات کی گئی ہے۔ یہ پہلا موقع ہے کہ امریکہ نے مشرق وسطیٰ میں قیام امن کے لیے ایک نسبتاً جامع سیاسی حل کی ضرورت کو تسلیم کیا ہے۔ اگرچہ اس سمت میں پیش رفت آسان دکھائی نہیں دیتی کیونکہ مشرق وسطیٰ کا مسئلہ انتہائی پیچیدہ ہے اور اس سے وابستہ فریقوں کے مفادات ایک دوسرے سے شدید متصادم ہیں' تاہم بنیادی اسباب کو مذاکرات کا حصہ بنانے کا اعتراف بذات خود ایک مثبت اشارہ ہے جو دیرپا امن کی امید کو تقویت دیتا ہے۔ بعض حلقوں کا خیال ہے کہ امریکی انٹیلی جنس اداروں نے صدر ٹرمپ کو واضح طور پر آگاہ کر دیا ہے کہ ایران کی توانائی تنصیبات کو تباہ کرنے یا آبنائے ہرمز کے اطراف فوجی تعیناتی کے باوجود امریکہ اپنے اہداف حاصل نہیں کر سکے گا۔ بلکہ یہ جنگ' جو کئی ماہرین کے مطابق پہلے ہی امریکی کنٹرول سے باہر ہو چکی ہے' مکمل طور پر ٹرمپ کے ہاتھ سے نکل سکتی ہے۔ ایسی صورت میں وہ نہ صرف اپنی سیاسی ساکھ کو مزید نقصان پہنچائیں گے بلکہ امن کے داعی کے طور پر ابھرنے اور نوبیل انعام کے ممکنہ دعویدار بننے کا موقع بھی کھو دیں گے۔ ڈاکٹر وکٹر گاؤ کے مطابق ٹرمپ مشرق وسطیٰ میں اس جنگ کو اس نہج تک لے جا چکے ہیں کہ مستقبل کا مورخ جب 2026ء پر نظر ڈالے گا تو ممکن ہے وہ انہیں امریکہ کی عالمی بالادستی کے زوال کی بنیاد رکھنے کا ذمہ دار قرار دے۔

سیاسی وابستگی یا مذہبی وابستگی؟

خورشید ندیم

پاکستان کی کامیاب خارجہ پالیسی !!

زیب داستان

نوکنڈی کالے شیشوں والی گاڑیوں کیخلاف کریک ڈاؤن آج سے ہوگا

خلاف ورزی کرنے والی گاڑیوں کو موقع پر ہی ضبط کر لیا جائے گا، مقدمات بھی درج ہوں گے

این۔40 نوکنڈی تفتان شاہراہ پر سفر کرنے والے عوام اور ٹرانسپورٹرز کے لیے فوری اعلامیہ جاری

مذکورہ شاہراہ پر ایسی بھی کسی گاڑی کو چلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی جس کے شیشے کالے ہوں گے

نوکنڈی (نمائندہ مشرق) اے سی بلوچستان (سائوتھ) تفتان راخلو نوکنڈی نے این-40 نوکنڈی تفتان شاہراہ پر سفر کرنے والے عوام الناس اور ٹرانسپورٹرز کے لیے ایک انتہائی اہم اور فوری اعلامیہ جاری کر دیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق امن و امان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے اور سیکیورٹی اقدامات کو مؤثر بنانے کے لیے کل 31 مارچ سے نوکنڈی تا تفتان روڈ پر کالے شیشوں (Tinted Windows) والی گاڑیوں کے خلاف سخت ترین کریک ڈاؤن شروع کیا جائے گا۔ تفتان راخلو نوکنڈی کے حکام کے مطابق مذکورہ شاہراہ پر کسی بھی ایسی گاڑی کو چلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی جس کے شیشے کالے یا تنٹ پیپر لگے ہوں۔ خلاف ورزی کرنے والی گاڑیوں کو موقع پر ہی ضبط کر لیا جائے گا جبکہ ان کے مالکان کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے مقدمات بھی درج کیے جائیں گے۔ حکام نے تمام شہریوں، ڈرائیورز اور ٹرانسپورٹرز کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ کسی بھی قسم کی قانونی کارروائی اور پریشانی سے بچنے کے لیے اپنی گاڑیوں سے کالے شیشے (تنٹ پیپر) فوری طور پر ہٹا دیں۔ انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ 31 مارچ سے شروع ہونے والی اس مہم میں کسی کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ عوامی حلقوں نے سیکیورٹی فورسز کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ امن و امان کی بہتری اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ایسے بروقت اقدامات قابل تحسین ہیں۔

حاجی عبدالکریم مردانزئی کی وفات پر اظہار تعزیت

مسلم باغ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی علاقہ شین غرمردانزئی علاقائی معاون حاجی عبدالکریم مردانزئی گزشتہ روز وفات پا گئے۔ وہ حاجی عبدل، حاجی سید محمد نصیب اللہ اور غلام سرور کے بھائی تھے۔ جبکہ حاجی عبدالرحیم اور حاجی عبدالمالک کے والد تھے۔ دریں اثناء پشتونخوامیپ کے صوبائی صدر عبدالقہار خان وودان، سید شراف آغا، مجید خان اچکزئی، کبیر افغان، ضلع قلعہ سیف اللہ کے صدر حاجی داراخان جوگیزئی، ضلع جنرل سیکرٹری نقیب خان پامیر، ضلعی اور تحصیل ایگزیکٹیو نے حاجی عبدالکریم مردانزئی کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔

حب، اے سی رضوان قادر میمن دیوان شاہ میں کھلی کچہری سے خطاب کر رہے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر دریجی رضوان قادر میمن کی زیر صدارت کھلی کچہری

شہریوں کی بڑی تعداد میں بھرپور شرکت کر کے اپنے تحفظات کا اظہار کیا

حب (نمائندہ مشرق) اسسٹنٹ کمشنر دریجی رضوان قادر میمن کی زیر صدارت دیوان شاہ دریجی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جہاں عوام نے اپنے مسائل کھل کر پیش کیے اور ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی کا عملی امتحان بھی سامنے آیا۔ کھلی کچہری میں ایس ایچ او دریجی سعید سکندر عمرانی، آر ایچ سی دریجی کے انچارج ڈاکٹر اعظم کھتران، سروے کمیٹی کے انچارج رانا سمیت مختلف محکموں کے افسران نے شرکت کی، جبکہ شہریوں کی بڑی تعداد نے بھی بھرپور شرکت کر کے اپنے تحفظات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر شہریوں نے پانی، صحت، سڑکوں اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق درپیش سنگین مسائل پیش کیے، جنہیں اسسٹنٹ کمشنر نے نہایت سنجیدگی سے سنا۔ انہوں نے موقع پر ہی متعلقہ افسران کو فوری اقدامات کے احکامات جاری کرتے ہوئے واضح کیا کہ عوامی مشکلات کے حل میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر رضوان قادر نے دوٹوک انداز میں ہدایت جاری کی کہ تمام محکمے عوامی خدمت کو اولین ترجیح بنائیں اور فرائض میں غفلت یا کوتاہی برتنے والے افسران کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

حب، ن لیگ یوتھ ونگ کے ضلعی قائم مقام صدر آغا یاسر نواز قاضی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ن لیگ یوتھ ونگ ضلع حب کو مزید فعال اور منظم جائے گا، آغا یاسر

یوتھ ونگ نے عوامی خدمت کے میدان میں اپنی موجودگی ثابت کی ہے

حب (نمائندہ مشرق) پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ ضلع حب کے قائم مقام صدر آغا یاسر نواز قاضی کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں پارٹی امور، تنظیمی فعالیت اور موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا اجلاس میں پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ ضلع حب کے ضلعی عہدیداران نے بھرپور شرکت کی، جن میں جونیئر نائب صدر سردار الہی بخش کوہ بلوچ، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری فضل لغاری، انفارمیشن سیکرٹری محمد اکبر بارکزئی، اسپورٹس سیکرٹری ڈاکٹر راشد لانگو، اور یوتھ ونگ کے رہنما ڈاکٹر جاوید رونجھو اور حیات بگٹی شامل تھے اس موقع پر جام گروپ حب کے سینئر رہنماؤں نے بھی بھرپور شرکت کی، جن میں قاضی غلام دین رونجھو، سہیل بلوچ اور محمود رزاق موندرہ شامل تھے جام گروپ حب کو ایک مضبوط، متحرک اور عوامی خدمت کرنے والا پلیٹ فارم قرار دیا گیا، جو ہر مشکل وقت میں عوام اور کارکنان کے ساتھ ثابت قدمی سے کھڑا رہا ہے اجلاس میں بالخصوص اپنے قائد جام کمال خان عالیانی اور نوابزادہ میر زرین خان مگسی کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا گیا شرکاء نے ان کی سیاسی بصیرت اور مدبرانہ رہنمائی کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پارٹی کو مزید مضبوط، منظم اور فعال بنانے کے لیے ہر ممکن کردار ادا کیا جائے گا

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کا اجلاس، حکومتی کارکردگی پر اظہار افسوس

قمردین کاریز کی لائن تاروں کی چوری اور بجلی کی عدم فراہمی عوام دشمن عمل قرار

ژوب (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ژوب تحصیل کاکڑ خراسان کے علاقے قمردین کاریز اور صالح کاریز کا مشترکہ اجلاس صوبائی ڈپٹی سیکرٹری و ضلع صدر جمال کی صدارت منعقد ہوئی۔ جس میں تنظیمی رپورٹ پیش کی گئی۔ اور آئندہ لائحہ عمل کیلئے اہم فیصلے کئے گئے۔ اجلاس میں ضلع معاون سیکرٹری زاہد خان، ضلع کمیٹی ممبر نیاز لوون اور عبداللہ خان ناصر نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں موجودہ فارم 47 کی ناجائز اور غیر آئینی حکومت کی ناقص کارکردگی پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے قمردین کاریز کی بجلی لائن کی تاروں کی چوری اور 2 سال سے بجلی کی عدم فراہمی کو عوام دشمن عمل قرار دیا گیا۔ اسطرح ژوب تا قمردین کاریز روڈ پر سالوں سے جاری کام کی غیر معیاری پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ اب کام مکمل طور پر بند ہے اور سڑک سفر کرنے کے قابل نہیں اور عوام شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں سے مطالبہ کیا گیا۔

لورالائی طبی سہولیات کی بہتری کے لیے اقدامات جاری ہیں

لورالائی (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے صحت کے وژن کے تحت ضلعی انتظامیہ لورالائی کی جانب سے طبی سہولیات کی بہتری کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) محمد اسماعیل مینگل نے ٹیچنگ ہسپتال لورالائی کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران میڈیکل سپرنٹنڈنٹ محمد انور مندوخیل بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات، وارڈز اور ایمرجنسی یونٹ کا معائنہ کیا اور زیر علاج مریضوں کی عیادت کرتے ہوئے انہیں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنانے، ادویات کی دستیابی برقرار رکھنے اور طبی عملے کی حاضری یقینی بنانے پر بھی زور دیا گیا۔ محمد اسماعیل مینگل نے واضح کیا کہ ڈیوٹی سے غیر حاضری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور شکایات کی صورت میں متعلقہ عملے کے خلاف سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اس موقع پر ہسپتال عملے نے یقین دہانی کرائی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دیں گے اور مریضوں کی خدمت میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔

پشین، ڈی سی قاضی منصور احمد منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

یونیسف کی ٹیم کا محمد اطہر کی سربراہی میں اوتھل کے مختلف اسکولوں کا دورہ

بوائز ہائی اسکول بوہار، بوائز مڈل اسکول کھواری سمیت دیگر گوٹھ شامل تھے

اوتھل (آن لائن) سیکریٹری ایجوکیشن بلوچستان کے احکامات اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لسبیلہ مسعود حلیم کی ہدایات کی روشنی میں ESP (یونیسف لسبیلہ) کی ٹیم نے محکمہ ایجوکیشن لسبیلہ کے تحت اوتھل DDOE اوتھل محمد اطہر قریشی کی سربراہی میں اوتھل کے مختلف اسکولوں کا دورہ کیا۔ ان اسکولوں میں گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول بوہار، بوائز مڈل اسکول کھواری اور بوائز پرائمری اسکول رضا محمد گوٹھ سمیت دیگر گوٹھ شامل تھے۔ دورے کے دوران داخلہ مہم 2026 کے حوالے سے سیمینارز اور آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا، جبکہ علاقہ مکینوں کے ساتھ خصوصی میٹنگز بھی کی گئیں۔ اس موقع پر اسکولوں میں نئے بچوں کے داخلے بھی کیے گئے تاکہ زیادہ سے زیادہ بچوں کو تعلیم کے دائرے میں لایا جا سکے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈی ڈی او اوتھل محمد اطہر قریشی نے کہا کہ تعلیم ہر بچے اور بچی کا بنیادی حق ہے، اور موجودہ دور میں تعلیم کا دور ہے۔ انہوں نے کہا کہ والدین کو چاہیے کہ وہ اپنے بچوں کو تعلیم جیسے قیمتی زیور سے آراستہ کریں تاکہ وہ مستقبل میں ملک و قوم کی خدمت کر سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ صوبہ بھر کی طرح ضلع لسبیلہ میں بھی محکمہ ایجوکیشن اور ESP (یونیسف) کے تعاون سے داخلہ مہم 2026 کا باقاعدہ آغاز ہو چکا ہے۔ انہوں نے والدین، علاقہ معززین، بلدیاتی نمائندوں اور سول سوسائٹی کے افراد سے اپیل کی کہ وہ پانچ سال یا اس سے زائد عمر کے ایسے بچوں کو، جو تاحال اسکول نہیں جا رہے، اپنے قریبی اسکولوں میں داخل کروا کر قومی ذمہ داری ادا کریں۔ اس موقع پر گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول بوہار کے ہیڈ ماسٹر ماسٹر زاہد اقبال، PTSMC کے چیئرمین شیر محمد انگاریہ اور دیگر ممبران بھی موجود تھے۔

ایگریکلچر انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ میں مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف

فوری طور پر تعیناتی کے آرڈرز منسوخ اور شفاف تحقیقات کو یقینی بنایا جائے

اوستہ محمد (نامہ نگار) ایگریکلچر انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ بلوچستان میں مالی بے ضابطگیوں کے ساتھ ساتھ سابق ڈی جی بلوچستان نے خالی اسامیوں کو پر کرنے کے لیے اختیارات کا غلط استعمال کر کے کروڑوں روپے مبینہ طور پر کمایا 60 سے 70 خالی اسامیوں کی اپروول لینے کے بعد 200 سے زائد اسامیوں پر تعیناتی کے احکامات جاری کر دیے اور اپنے گھر کے سات سے آٹھ افراد کو ملازمت پر تعینات کرنے کے انکشاف وزیر اعلیٰ بلوچستان کے احکامات کو ہوا میں اڑا دیا میرٹ کی دھجیاں اڑ گئی بے روزگار نوجوانوں میں تشویش کی لہر پائی جاتی ہے فوری طور پر تعیناتی کے آرڈر منسوخ کیے جائیں شفاف تحقیقات کو یقینی بنایا جائے حکام بالا اس جانب فوری نوٹس لیں۔ بلوچستان کے پڑھے لکھے بے روزگار نوجوانوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں بے روزگار نوجوانوں کو میرٹ کے تحت روزگار کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے سابق ڈی جی ایگریکلچر انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ بلوچستان نے میرٹ کی دھجیاں اڑا کر 60 سے 70 خالی اسامیوں کی اپروول لے کر 200 سے زائد امیدواروں کو تعیناتی کے احکامات جاری کر دیے ڈی جی بلوچستان ایگریکلچر انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ نے اختیارات کا غلط استعمال کرتے ہوئے اپنے ہی گھر کے سات سے آٹھ افراد کو بلوچستان کے مختلف اضلاع میں تعیناتی کے احکامات جاری کر دیے اور مبینہ طور پر کروڑوں روپے کے مبینہ بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے بلوچستان کے بے روزگار نوجوانوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی چیف سیکرٹری بلوچستان سیکرٹری محکمہ زراعت سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان جیسے پسماندہ صوبے کے قومی خزانے میں کروڑوں روپے کے مبینہ بے ضابطگیوں اور میرٹ کی دھجیاں اڑانے کے خلاف شفاف تحقیقات کو یقینی بنا کر ملوث افسران کے خلاف قانون کے تحت کارروائی کو یقینی بنایا جائے تاکہ پڑھے لکھے بے روزگار نوجوانوں میں پائی جانے والی بے چینی کا ازالہ ہو سکے

تعلیمی نظام کی بہتری کیلئے اقدامات، غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی

دورے میں 40 اسکول بند پائے گئے جس کی بڑی وجہ اساتذہ کی غیر حاضری تھی

لورالائی (آن لائن) تعلیمی نظام کی بہتری کیلئے تحت اقدامات، غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی کا حکم۔ لورالائی میں ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلعی انتظامیہ اور محکمہ تعلیم کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نور علی، سینئر اکائنس آفیسر محمد زبیر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالحمید ابزو، ... تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ کوآرڈینیٹر نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ تین ماہ کے دوران 200 اسکولوں کے دورے کیے گئے، جن میں سے 40 اسکول بند پائے گئے، جس کی بڑی وجہ اساتذہ کی غیر حاضری تھی۔ ڈپٹی کمشنر نے اس صورتحال پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت جاری کی کہ جن اساتذہ کی غفلت کے باعث اسکول بند پائے گئے، ان کی تنخواہوں سے 15 دن کی کٹوتی کی جائے اور ان کے خلاف محکمانہ کارروائی بھی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تعلیم کے شعبے میں کسی قسم کی لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالحمید ابزو نے اجلاس کو تعلیمی اداروں کی مجموعی کارکردگی، درپیش مسائل اور اصلاحی اقدامات سے آگاہ کیا۔ ... کارکردگی، اساتذہ کی حاضری اور تعلیمی معیار کا ...

صوبائی حکومت بلاول بھٹو کے عوامی منشور پر عمل پیرا ہے، یعقوب کھوسہ

صحبت پور (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی صحبت پور کے صدر محمد یعقوب خان کھوسہ کا کہنا ہے پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے عوامی منشور پر عمل پیرا ہے اور عوام کے مسائل حل کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے پاکستان پیپلز پارٹی شہداء کی جماعت ہے، جس نے ہمیشہ جمہوریت کے فروغ اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کام کیا ہے۔ پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے عوامی منشور پر عمل پیرا ہے اور عوام کے مسائل حل کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی جماعت ہے، جس نے ہمیشہ عوام کے حقوق کے لیے جدوجہد کی ہے۔ پیپلز پارٹی نے انتخابات میں جن نعروں اور وعدوں پر عوام سے ووٹ لیا، انہیں ہمیشہ عملی جامہ پہنایا ہے۔ پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت بلوچستان میں بلاول بھٹو زرداری کے عوامی منشور پر مکمل طور پر عملدرآمد کر رہی ہے

ماجھی پور بینک کی شاخ سے محروم ہے، محمد دوران کھوسہ

صحبت پور (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما ٹکٹ ہولڈر امیدوار حلقہ پی بی 15 محمد دوران خان کھوسہ نے کہا ہے کہ ضلع صحبت پور کا تاریخی تجارتی شہر ماجھی پور بینک کی شاخ سے محروم ہے یہاں کی تاجر برادری کاروباری حضرات کے ساتھ سرکاری ملازمین کی بڑی تعداد اور رہائش رکھتی ہے اور بینک نہ ہونے کی وجہ سے اکثر کاروباری حضرات و دیگر شہریوں کو کیش ساتھ لیکر جاتے ہیں اور متعدد بار ڈاکوؤں کے ہتھے چڑھ کر کروڑوں روپے گنوا چکے ہیں فوری طور کسی بھی بینک کی شاخ کھولی جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کامران خان کاکڑ کو عمرہ کی ادائیگی کی خوشی میں کاکڑ ہاؤس پہنچ کر پھولوں کے ہار پہناتے اور مبارکباد دی اس موقع پر ان کے ہمراہ استاد منظور احمد شیخ ظہور احمد لاشاری محمد عالم سہیم بھی ساتھ تھے اس موقع پر کامران خان کاکڑ نے معزز مہمانوں کو اجرہ گھگوروں اور آب زم زم سے انکی خاطر تواضع کی۔

سید رکھیل شاہ صوفی القادری کا تین روزہ سالانہ عرس اختتام پذیر

گنداواہ (اے این این) ضلع جھل مگسی کے علاقے گنداواہ کے قریب واقع معروف صوفی درگاہ فتح پور شریف میں سجادہ نشین سید سرفراز علی شاہ کی زیر نگرانی عرس کی روح پرور تقریبات منعقد ہوئیں، جن میں ملک بھر سے آنے والے مریدین اور عقیدت مندوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی عرس کے دوران زائرین نے درگاہ پر حاضری دے کر فاتحہ خوانی کی اور اپنی عقیدت کا اظہار کیا، جبکہ نامور صوفی فنکاروں نے عارفانہ کلام پیش کر کے محفل کو گرما دیا شرکاء نے کلام کو بے حد سراہا اور جھومتے رہے اس موقع پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے تھے اور جھل مگسی پولیس کی جانب سے امن و امان برقرار رکھنے کیلئے خصوصی اقدامات اٹھائے گئے عرس کے اختتام پر ملک و قوم کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔

نوشکی، بی ایس ڈی آئی فیز ون اور ٹو سے متعلق اہم اجلاس

نوشکی (یو این اے) ڈپٹی کمشنر نوشکی محمد حسین ہزارہ کی خصوصی ہدایات پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عمر ستان جمالی کی زیر صدارت بی ایس ڈی آئی (BSDI) فیز ون اور فیز ٹو کے حوالے سے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایف سی کے نمائندگان اور تمام متعلقہ ضلعی افسران نے شرکت کی، جس میں فیز ون کے تحت جاری ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے اب تک کی کارکردگی اور منصوبوں کی صورتحال کے بارے میں شرکاء کو بریفنگ دی۔ اجلاس کے دوران بی ایس ڈی آئی فیز ٹو کے مستقبل کے لائحہ عمل پر بھی غور کیا گیا اور تمام اسٹیک ہولڈرز کے درمیان باہمی رابطے کو مزید مؤثر بنانے پر زور دیا گیا تاکہ منصوبوں ... سہولیات سے جلد از جلد مستفید ہو سکیں۔

میر ژی اڈہ+ گلستان + یارہ عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی داؤد خان اچکزئی صلاح الدین حسن خان و دیگر قاری حاجی عبدالحمید کاکڑ کرزئی، پولیس کانسٹیبل نقیب اللہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

علاقائی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔

☆ ساورانگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے لئے شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

☆ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہونے کی صورت میں دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔

☆ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔

☆ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" کسی دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اعلان لاتعلقی

میں اپنے چھوٹے بیٹے مہندر کمار ولد پریم چند قوم ہندو ساکن ہندو محلہ لورالائی کو بوجہ نافرمانی اور غلط سوسائٹی کی وجہ سے مکمل لاتعلقی کا اظہار کرتا ہوں آج کے بعد میں اسکے کسی قول و فعل لین دین کا ذمہ دار نہیں ہوں جو کوئی اسکے ساتھ کسی قسم کا لین دین کریگا وہ خود اسکا ذمہ دار ہوگا میں اور میرا دیگر جملہ خاندان اسکے کسی بھی قول و فعل کے ذمہ دار نہیں ہونگے المشتہر پریم چند والد منگول و جملہ خاندان قوم ہندو ساکن ہندو محلہ لورالائی

نمائندہ لورالائی ....

شوہر کے ظلم سے تنگ سفینہ بی بی انصاف کیلئے پریس کلب پہنچ گئی

اوستہ محمد (آن لائن) شوہر کے ظلم و ستم سے تنگ خاتون انصاف کیلئے پریس کلب انصاف کے لیے پہنچ گئی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز مسماۃ سا نے اپنے والد و والدہ کے ہمراہ پریس کلب میں قرآن پاک اٹھا کر میڈیا کو فریاد سناتے ہوئے بتایا کہ آٹھ سال قبل میری رجب علی عمرانی سے شادی ہوئی تھی شادی کے بعد میرے شوہر مجھ پر سختی اور ظلم کرکے مجھے اپنے والدین سے نہیں دیتا ایک مرتبہ میں اپنے والدین کے گھر آئے تو اس نے فون کر کے کہا کہ واپس گھر آ جاؤ ورنہ میں تمہیں طلاق دے دوں گا میں نے کہا کہ مجھے طلاق نہیں دو میں گھر واپس آئی اس کے باوجود اس نے مجھے طلاق دے دیا ہے اور اب طلاق کے باوجود رجب عمرانی ہمیں تنگ کر رہا ہے اور قتل کرنے کی دھمکیاں دے رہا ہے ہم بہت غریب لوگ ہیں ہماری کوئی شنوائی نہیں ہو رہی انہوں نے صوبائی حکومت اور اپنے قبائل کے سردار بابا غلام رسول عمرانی بابو محمد امین عمرانی میر صادق خان عمرانی سے اپیل کیا کہ وہ ہمارے ساتھ انصاف کریں۔

ایس پی اوستہ محمد کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، حنیف بلوچ

اوستہ محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد بچاؤ تحریک کے صدر معروف قوم پرست رہنما محمد حنیف بختیار زئی بلوچ نے کہا ہے کہ ایس پی اوستہ محمد ممتاز الرحمان کی بہتر حکمت عملی اور پولیس فورس کے مورال بلند کرنے کے اقدامات سے عوام میں امید کی کرن پیدا ہوئی ہے ڈکیتی کی وارداتوں کے فوری اقدامات اور ڈاکوؤں کا تعاقب کرتے ہوئے ڈاکوؤں کے گھروں کو نذر آتش کر کے مسمار کرنا جرات مندانہ اقدامات ہے انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں

محمد مراد بادینی نے ذاتی خرچ سے نیا ٹرانسفارمر فراہم کر دیا گیا

ٹرانسفارمر کی فراہمی کے بعد تنصیب مکمل کر کے بجلی بحال کر دی گئی

مل (نامہ نگار) مل کے قبائلی شخصیت ڈسٹرکٹ کونسل ممبر حاجی میر محمد مراد بادینی نے اپنے ذاتی خرچ سے کلی حاجی خدائے رحیم رحمانزئی مل کو نئی ٹرانسفارمر فراہم کر دی گئی ٹرانسفارمر کی فراہمی کے بعد باقاعدہ اسکی تنصیب مکمل کر کے بجلی بحال کر دی گئی ہے بجلی کی بحالی کے بعد اہلیان میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے اہلیان نے کہا کہ کلی کا ٹرانسفارمر گزشتہ کئی مہینے سے خراب تھا کئی مہینے سے اہلیان بجلی کی سہولت سے محروم تھے اہلیان نے اپنی روداد ڈسٹرکٹ کونسل ممبر رہبر مل حاجی میر محمد مراد بادینی تک پہنچائی موصوف نے عوام کی تکالیف کو مدنظر رکھ کر فوری طور پر اپنی ذاتی خرچ سے ٹرانسفارمر خرید کر فراہم کر دی جس کی جتنی بھی تعریف کریں کم ہیں اہلیان نے کہا کہ ایم این اے اور ایم پی اے کسی دکھ کی دوا نہیں صرف الیکشن کے وقت نمودار چہروں سے عوام بدظن ہو چکے اہلیان کا مزید کہنا تھا کہ ہمیں علاقے میں عوام دوست اور خیر خواہ لیڈر اللہ تعالیٰ نے عطاء کئے جس پر ہم جتنا شکر ادا کریں کم ہیں آخر میں اہلیان کلی حاجی خدائے رحیم رحمانزئی مل نے ڈسٹرکٹ کونسل ممبر حاجی میر محمد مراد بادینی کے بروقت اقدامات کا خیر مقدم کیا ہے اور نئے ٹرانسفارمر کی فراہمی پر انکا خصوصی شکریہ ادا کیا ہے۔

مل، ممبر ڈسٹرکٹ کونسل حاجی محمد مراد بادینی کی جانب سے کلی خدائے رحیم رحمانزئی کیلئے فراہم کئے گئے ٹرانسفارمر کی تنصیب کے موقع پر سماجی رہنماؤں کا گروپ فوٹو

TENDER NOTICE

Only electronic bid will be submitted, no physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, it is Mandatory for All Bidders to Get Registered at Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The ASSISTANT DIRECTOR LOCAL GOVT KILLA ABDULLAH invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates.

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	WSS WITH 3" DISCHARGE AT GULISTAN DISTRICT KILLAABDULLAH PSDP Z2025.2949 AND INSTALLATION OF SOLAR SYSTEM FOR LOCAL BORE AT KILLAABDULLAH PSDP Z2025.2809 (TSE-2526031007713)	80,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn-over of at least 56,000,000 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-4 and above (Upto 200 million) In Relevant Category and Specialized Code is CE09, CE09(i) (Sewerage Works), CE09(ii) (Water Supply). Green Challan RS.2000/- on A/c 0005004051384257 NBP Chaman Branch. CDR 3% of Estimated Cost Bidder must have completed at least 3 similar projects (School Building Projects) each with cost not less than 60 percent of the estimated cost undertaking and completed during the last 5 years (sublet/ Sub contracting is not acceptable) Valid PEC **Procedure of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **15 April, 2026**till **09:00 AM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **10:00 AM on EPPS System Address:** Killa Abdullah.

Phone no: 03083850840 **Email:** noorullah0308@gmail.com

ASSISTANT DIRECTOR LOCAL GOVERNMENT KILLA ABDULLAH

PRQ No.4365/30-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Chief Minister's Secretariat, Quetta invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2526031002802 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee Not Required**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Industrial Production and Manufacturing Services (Total Item(s) Count: 1)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity Worth PKR. 4 Million each in Previous 3 Years Accumualted Turn over of at least PKR.3 Million in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan The bidder must have experience in similar services such as building maintenance, painting, electrical repair, furniture manufacturing, or civil works. The bidder must possess necessary technical staff and expertise for performing the required services (electricians, carpenters, painters, technicians, etc.). The bidder must have access to essential tools, machinery, and equipment required for repair, maintenance, and manufacturing services. The bidder should preferably have a local office or operational presence to ensure timely response to maintenance requestss **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 14 April, 2026till 10:45 AM through supplier dashboard. Tender opening: All tenders will be opened on same day at 11:45 AM on EPPS System Address: CM Secretariat,Quetta, Red Zone, Zarghoon Road, Quetta

Phone no: 0819202267 Email: QA7002CMSecretariat@gmail.com

Section Officer Chief Minister's Secretariat, Quetta

PRQ No.4369/30-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2526031007683 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer-I Provincial B&R District Zhob invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee Rs.1000/- and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF BLACK TOP ROAD 02 KM FROM N-50 TO GOVERNMENT BOYS HIGH SCHOOL ZM SHIFTED TO CIRCUIT HOUSE TO WANA ROAD VIA RAILWAY STATION KILLI APPOZAI DISTRICT ZHOB. (BSDI)	50,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required PEC Category Code is C-5 and above (Upto 65 million) JV Agreement on rs. 100 stamp paper duly attested by notary public, defining each partner role, with all the details how will the work be perfomed, and techincal and financial details as well Rs. 1000 Tender Fees in favour of Executive Engineer Roads CWPPH Department Zhob 2% CDR / Bank Guarantee from a schedule bank of pakistan in favour of Executive Engineer Roads CWPPH Department Zhob Non Blacklisting history / No litigation History on Rs. 200 Stamp Paper duly attested by notary public, in favour of Executive Engineer Roads CWPPH Department Zhob along with the name work and tse no **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 15 April, 2026till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System Address: Office of The Executive Engineer-II Provincial B& R District Zhob

Phone no: 0300000000 Email: muheebullahzhob@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER (ROADS) CWPP&H, DEPRATMENT ZHOB

PRQ No.4367/30-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Irrigation Division Sherani intends to carry out the following Development Work for the year 2025-26 in BSDI and invites sealed tenders on composite schedule of rates 2023 GOB for the PEC Registered Government Contractors. Only Electronic Bids Will Be Submitted, No Physical Bid is required. Note In All Procurements Of GOB Whether Through Electronic Or Manual Bid Submission, It Is Mandatory For All The Bidders To Get Registered At Electronic Public Procurement System Of BPPRA GOB.

Tender Fee 1000/- and Bid Security 2% for each work

S.No	Name of Work	E/Cost
1	Construction of Flood Protection Wall of Govt: Inter College Manekhwa District Sherani **TSE-2526031001983**	6,000,000
2	Construction of Flood Protection Wall of Govt: Boys High SchoolSamanzai Shinghar North 1 District Sherani **TSE-2526031000883**	6,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders**: Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 4,200,000 PKR Amount in 5 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million) In Relevant Category And Specialized Code is CE04(v) (Irrigation Only). **Procedure Of Procurement**: Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security**: The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee, Deposit at Call of **2 %** specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents**: The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents**: From the date of publication of NIT to **10 April, 2026** during office hours on working days. **Last Date of bid submission**: The Tenders must be submitted latest by **10 April, 2026 till 12:00 PM**. **Tender opening**: All tenders will be opened on same day at the office of the under signed at **01:00 PM Address**: Office of the Executive Engineer Irrigation Division Sherani at zhob Phone no: 3136323338 Fax no: Executive Engineer 3136323338 Email: Executive Engineer Irrigation Division Sherani xenirrigation@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER IRRIGATION DIVISION SHERANI

PRQ No.4364/30-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت فیملی جج (2) کوئٹہ

مثل نمبر /2026 درخواست گارڈین

سامیہ بی بی بیوہ نصیب زادہ ذات یوسفزئی سکنہ نواں کلی کوئٹہ بنام عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 16/4/2026 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 30/03/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62910

CORRIGENDUM

This office Notice for Inviting Tender for the work under TSE-252603998463. It is to notify that development work were published in leading newspaper PRQ No.4210/17-03-2026 and uploaded in BPPRA website. Necessary amendments have been made in bidding documents, and same has been uploaded on B-PPRA. Wherein the date of submission & opening of same tender were uploaded in B-PPRA website were fixed on 3rd April, 2026 is hereby postponed now the date of submission and opening of tenders is hereby extended/rescheduled is as under.

Date of submission of tender: - **06th April 2026 at 11:00 am**

Date of Opening of Proposal: - **06th April 2026 at 12:00 pm**

The other terms and conditions will remain same.

Executive Engineer Irrigation Division Killa Saifullah.

PRQ No.4378/30-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

EXTENSION OF TENDER

Pursuant to /NIT AB NO. 939/4-3-2026 published in daily Mashriq Quetta on 05-03-2026 and subsequent corrigendum published in daily newspapers Quetta on 19-03-2026 The opening of technical proposal of tender work bearing TSE.252603991932 is hereby extended on 06-04-2026. The others remain same.

MANAGING DIRECTOR LASBELA INDUSTRIAL ESTATES DEVELOPMENT AUTHORITY

AB No.1034/30-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت میرزا بر علی ڈوکی تحصیلدار تحصیل لہڑی ضلع سبی

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفیان میرل خان ولد امیران، وزیر خان ولد امیران قوم تحیہ ساکنان تحیہ تحصیل لہڑی ضلع سبی بتقضائے الٰہی وفات پا چکے ہیں متوفیان مذکوران کے نام موضع تحیہ زیریہ تحصیل لہڑی بحوالہ مثل حقیقت سال 1969/70 کے ریونیو ریکارڈ میں ہنوز درج ہے جبکہ متوفیان مذکوران کی مندرجہ بالا اراضی کی وراثت انتقالات کے لیے زیر دستخطی کو جائز ورثاء کا شرعی فتویٰ پیش کیے گئے ہیں بمطابق شرعی فتویٰ متوفی میرل خان کے جائز ورثاء میں تین بیٹے امیران، سیف اللہ، محمد ملوک اور ایک بیٹی صاحب خاتون ہیں جبکہ متوفی وزیر خان ولد امیران لاولد وفات پا چکا ہے جن کے جائز ورثاء میں تین بھتیجے امیران، سیف اللہ، محمد ملوک اور ایک بھتیجی صاحب خاتون ہے اگر اس امر میں کسی بھی دار/ واسطے دار کو کسی قسم کا عذر اعتراض ہو تو بعد اشاعت اشتہار اندر سات ایام کے اپنا عذر اعتراض پیش کریں مقرر معیاد گزر جانے کے بعد کسی قسم کا عذر اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا انتقالات وراثت تصدیق کیا جائے گا اشتہار ہذا آج مورخہ 30.03.2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

نمائندہ بختیار آباد

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی اوستہ محمد

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ

ATC کیس نمبر 02/2026 مقدمہ فرد نمبر 14/2026 سرکار بنام:۔ ظفر اللہ وغیرہ

بجرم زیر دفعہ 7 ATA ایکسپلوزیو 4-5 ایکٹ پولیس تھانہ سی ٹی ڈی نصیر آباد

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ ملزمان / ملزم امان اللہ ولد بوتان قوم جت سکنہ لہڑی حال جیکب آباد ... جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مذکور ہے میں مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو کہ طبق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ بالا ملزم فرار ہو گیا / ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہذا اشتہار ہذا کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ ملزم / ملزمان بالا کو لازم ہے کہ وہ بتاریخ 16-04-2026 کو بمقام اوستہ محمد نالش مذکوران کی فردجرم کیلئے حاضر ہوں مفرور ملزم / ملزمان کی جانب سے مس تحریش ناز ایڈووکیٹ کو کونسل مقرر کیا جاتا ہے۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی عدالت اوستہ محمد

PRQ No 4385/30-03-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت میرزا بر علی ڈوکی تحصیلدار تحصیل لہڑی ضلع سبی

ہرگاہ عوام الناس کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ مسمیان گل جان، غلام رسول پسران ارباب علی قوم بلوچ براہمانی ساکنان نصیری براہمانی تحصیل لہڑی وفات پا چکے ہیں از روئے شرعی فتویٰ مرحوم گل جان کے ورثاء میں صرف ایک لڑکا بسم اللہ خان ہے جبکہ غلام رسول کو پانچ لڑکے ہیں ارباب علی، دلشاد علی، امتیاز علی، پرویز خان، یاسر خان پسران غلام رسول ہیں جو موضع دوزہ داماں اور موضع نصیری اللہ داد میں انتقالات وراثت کرنی مطلوب ہیں اگر کسی شخص یا واسطے دار کو کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم دفتر زیر دستخطی میں تحریری طور پر پیش ہوں بصورت دیگر انتقالات وراثت درج ہو کر تصدیق کیے جائیں گے اشتہار ہذا آج مورخہ 24.03.2026 کو میرے دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا

نمائندہ بختیار آباد

پشین، رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی، داؤد خان اچکزئی، عبیداللہ عابد، حاجی اصغر علی ترین، حاجی عبدالباری آغا، حاجی عبدالرب آغا و دیگر حاجی حنیف آغا کے والد کی نماز جنازے میں شریک ہیں

نوجوانوں کی درست رہنمائی سے مہذب اور مضبوط معاشرہ بنتا ہے، کفایت اللہ آغا

والدین، اساتذہ اور علماء نوجوان نسل کی بہتر تربیت کیلئے سنجیدہ اور فوری اقدامات کریں گے

منشیات کا بڑھتا رجحان نوجوانوں کی صحت اور معاشرے کے استحکام کیلئے سنگین خطرہ بن چکا ہے

پکلاک (پ ر) معاشرے کی حقیقی ترقی اور مثبت تبدیلی کا دارومدار نوجوان نسل کی درست رہنمائی اور موثر تربیت پر ہے، کیونکہ یہی نوجوان مستقبل کے معمار ہوتے ہیں۔ اگر انہیں بروقت صحیح سمت، اخلاقی اقدار اور شعور فراہم کیا جائے تو ایک مہذب، پرامن اور ترقی یافتہ معاشرہ تشکیل دیا جا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کے چیئرمین حاجی کفایت اللہ آغا نے گزشتہ روز مختلف وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں نوجوان نسل مختلف سماجی برائیوں، خصوصاً منشیات کے بڑھتے ہوئے استعمال جیسے سنگین چیلنجز کا سامنا کر رہی ہے، جو نہ صرف ان کی صحت بلکہ پورے معاشرے کے امن اور استحکام کے لیے خطرہ بن چکا ہے۔ اس صورتحال کا تقاضا ہے کہ والدین، اساتذہ اور علماء کرام اپنی ذمہ داریوں کا ادراک کرتے ہوئے نسل نو کی تربیت پر خصوصی توجہ دیں اور انہیں برائیوں سے بچانے کے لیے مشترکہ حکمت عملی اختیار کریں۔ حاجی کفایت اللہ آغا نے اس بات پر زور دیا کہ گھر، تعلیمی ادارے اور مذہبی مراکز نوجوانوں کی شخصیت سازی میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ اگر ان تینوں شعبوں میں ہم آہنگی پیدا کی جائے تو نوجوانوں کو نہ صرف منفی سرگرمیوں سے دور رکھا جا سکتا ہے بلکہ انہیں ایک ذمہ دار اور باکردار شہری بھی بنایا جا سکتا ہے۔ والدین کو چاہیے کہ وہ اپنے بچوں کے ساتھ دوستانہ تعلق قائم کریں ان کے مسائل کو سنیں اور انہیں مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کریں۔ اساتذہ کا کردار محض تعلیم تک محدود نہیں بلکہ وہ طلبہ کی اخلاقی تربیت میں بھی اہم ستون کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ طلبہ میں شعور، نظم و ضبط اور معاشرتی ذمہ داری کا احساس پیدا کریں تاکہ وہ مستقبل میں ایک مفید شہری بن سکیں۔

حالیہ موسلا دھار بارشوں کے باعث لورالائی میں ہنگامی صورتحال پیدا

لورالائی (آن لائن) حالیہ موسلا دھار بارشوں کے باعث لورالائی میں ہنگامی صورتحال پیدا ہونے پر ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن ریٹائرڈ محمد حسیب شجاع نے شہر بھر میں جاری حالات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے صفائی کے انتظام، ایم ایم ڈی کے بلڈوزر مشینری اور محکمہ ایریگیشن کے مختلف ڈیموں کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے لورالائی ٹیچنگ اسپتال کے ایمرجنسی وارڈ کا بھی دورہ کیا تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری اقدامات ممکن ہوں۔ انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ بارشوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والی ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر کسی بھی افسر کی چھٹی نہیں ہوگی اور تمام افسران اپنی تعیناتی پر موجود رہیں۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد اسماعیل مینگل، اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم، ایم ایم ڈی کے ایکسین محمد گل خروٹی، ایس ڈی او ایریگیشن اکرام اللہ سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے عوام سے اپیل کی کہ وہ غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور خطرناک علاقوں یا پکنک پوائنٹس پر نہ جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام متعلقہ محکمے الرٹ رہیں اور اگر کسی ہنگامی صورتحال کا سامنا ہو تو فوری اطلاع دی جائے تاکہ بروقت اقدامات کیے جا سکیں۔ محکمہ موسمیات نے اگلے دو دنوں میں مزید بارشوں کی پیشگوئی کی ہے، جس کے پیش نظر لورالائی میں انتظامیہ نے ہر قسم کی ہنگامی تیاریاں مکمل کر رکھی ہیں۔ شہریوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ کم از کم خطرناک راستوں سے گزرنے کی کوشش کریں اور پانی جمع ہونے والے علاقوں سے دور رہیں۔

اے سی دشت ندیم بنگلزئی کی سربراہی میں کھلی کچہری کا انعقاد

کھلی کچہری کا مقصد عوام اور انتظامیہ کے درمیان فاصلوں کو ختم کرنا ہے

دشت (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان کے خصوصی احکامات اور ڈپٹی کمشنر مستونگ کھلی کچہری کا مقصد عوام اور انتظامیہ کے درمیان فاصلوں کو ختم کرنا بہرام سلیم کی ہدایات کی روشنی میں، عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے اسسٹنٹ کمشنر آفس دشت میں ایک پروقار "کھلی کچہری" کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری کی صدارت اسسٹنٹ کمشنر دشت اسد اللہ سالانی نے کی، جبکہ اس موقع پر یو ٹی اسسٹنٹ کمشنر، ندیم احمد بنگلزئی، یو ٹی اسسٹنٹ کمشنر، اسرار شاہوانی، تحصیلدار دشت، میر علی احمد کرد نادرا انچارج دشت ملک جلیل احمد شاہوانی، پٹواری میر نذیر احمد کرد، بابو عبدالوحید کرد اور پٹواری حافظ اللہ ابابکی اور کھلی کچہری میں مختلف محکموں کے ذمہ داران سمیت علاقے کے عوام کی کثیر تعداد میں شرکت کی اور اپنے درپیش مسائل حکام کے سامنے رکھے۔ علاقہ مکینوں نے تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی، بجلی، نیٹ ورک ڈیٹا اور دیگر انتظامی امور سے متعلق اپنے مسائل سے اسسٹنٹ کمشنر دشت کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر اسد اللہ سالانی کا کہنا تھا کہ اس کھلی کچہری کا مقصد عوام اور انتظامیہ کے درمیان فاصلوں کو ختم کرنا اور مسائل کا ان کی دہلیز پر حل نکالنا ہے۔ دشت کے عوام کی فلاح و بہبود ہماری اولین ترجیح ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے کھلی کچہری میں یونین کونسلز کے چیئرمینوں اور دیگر بلدیاتی نمائندوں، اور واپڈا کے ذمہ داروں کی عدم موجودگی پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی نمائندوں کا فرض ہے کہ وہ اپنے علاقے کے لوگوں کے درمیان رہیں، ان کے دکھ سکھ میں شریک ہوں اور مسائل کے حل کے لیے انتظامیہ کے ساتھ مل کر کام کریں۔ انتظامیہ نے عوام کو یقین دلایا کہ پیش کیے گئے

مچھر مار اسپرے نہ ہونے سے مچھروں کی بہتات، ملیریا کی وبا پھیلنے لگی

صحبت پور (یو این اے) ضلع صحبت پور کے مختلف علاقوں بشمول تحصیل پنہور، سہزی، مانجھی پور، سعید خان، حیر دین اور فرید آباد کے ہیڈ کوارٹرز سمیت دور دراز دیہاتوں میں مچھر مار اسپرے نہ ہونے کی وجہ سے مچھروں کی بہتات ہو گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق، علاقے میں سیم و تھور اور کھڑے پانی کے باعث مچھروں کی افزائش نسل میں بے پناہ اضافہ ہوا ہے، جس کے نتیجے میں ملیریا کی وبا نے شدت اختیار کر لی ہے۔ مقامی آبادی، خاص طور پر خواتین اور بچے اس موذی مرض کا تیزی سے شکار ہو رہے ہیں، جبکہ سرکاری سطح پر بچاؤ کے اقدامات نہ ہونے کے برابر ہیں۔ صحبت پور کے سیاسی و سماجی حلقوں نے صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ انتظامیہ کی غفلت کے باعث پورا ضلع صحت کے بحران سے دوچار ہے۔ انہوں نے صوبائی حکومت اور محکمہ صحت سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ ضلع بھر میں ہنگامی بنیادوں پر مچھر مار اسپرے مہم شروع کی جائے

کارکنوں کو کبھی مایوس نہیں کریں گے، میر علی احمد

بلوچستان عوامی پارٹی کارکنوں کی محنت، لگن اور قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے

حب (پ ر) سیاسی جماعتوں کی اصل طاقت ان کے کارکن ہوتے ہیں اور یہی کارکن کسی بھی پارٹی کی کامیابی، استحکام اور عوامی مقبولیت میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ بلوچستان عوامی پارٹی اپنے کارکنوں کو کبھی مایوس نہیں کرے گی بلکہ ان کے اعتماد پر پورا اترتے ہوئے انہیں ہر سطح پر ساتھ لے کر چلے گی۔ ان خیالات کا اظہار بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما، میر علی احمد ابابکی نے گزشتہ روز اپنے جاری کردہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کی فعالیت، تنظیم سازی اور عوامی رابطہ مہم میں کارکنوں کی محنت اور لگن قابل ستائش ہے۔ یہی کارکن مشکل حالات میں بھی پارٹی کا پرچم بلند رکھتے ہیں اور اپنی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہیں، جس کی بدولت جماعت کو مضبوط بنیادیں میسر آتی ہیں۔ بلوچستان عوامی پارٹی ایک عوامی جماعت ہے جو اپنے کارکنوں کی قربانیوں اور جدوجہد کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ پارٹی قیادت ہمیشہ اس بات کو یقینی بنائے کہ کارکنوں کو فیصلوں میں شامل کیا جائے اور ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔ کارکنوں کی فلاح و بہبود اور ان کی حوصلہ افزائی پارٹی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ موجودہ سیاسی حالات میں پارٹی کو مزید فعال اور منظم بنانے کی ضرورت ہے، جس کے لیے کارکنوں کو اپنا کردار مزید موثر انداز میں ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ عوام کے ساتھ رابطے کو مضبوط کریں، پارٹی کا پیغام گھر گھر پہنچائیں اور عوامی مسائل کے حل کے لیے بھرپور جدوجہد جاری رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی کا منشور عوامی خدمت، ترقی اور خوشحالی پر مبنی ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے کارکنوں کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ اگر کارکن متحد ہو کر کام کریں تو پارٹی نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک میں اپنی مضبوط شناخت قائم کر سکتی ہے۔

کوئٹہ: ڈائریکٹر کالجز پروفیسر محمد حسین بلوچ سے ایپکا کے صدر رحیم الیاس کاکڑ و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

NOTICE INVITING TENDER

The CHIEF OFFICER MUNICIPAL CORPORATION CHITKAN PANJGUR District Panjgur invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2023, GOB, from interested contractors/firms for the work of items listed below under Grant in Aid (2025-26). Tender fee Rs. 1000/-

S NO.	NameofScheme	Amount	TSE
1	Construction of Shades, installation of lights and beautification works near Museum Comlpex Chitkan	10000000	TSE-2526031007773
2	Construction of Entrance Gateat Govt Boys High School Khudabadan	5000000	TSE-2526031007793
3	Construction of Entrance Gateat University of Makuran Panjgur	5000000	TSE-2526031007813
4	Construction of Sewerage line at Ghareeb Abad Chitkan	8000000	TSE-2526031007833
5	Laying and fixing of Tuff Tile at Chitkan Bazar Phase2	2500000	TSE-2526031007853
6	Extension of Fibre Shadeat Sabzi Mandi Chitkan	4600000	TSE-2526031007873
7	Extension of Graveyard Shade for Qabristan Khudabadan	8000000	TSE-2526031007893
8	Construction of Community Hall at Mohalla Abdul Rahim Khudabadan	5000000	TSE-2526031007923
9	Construction of Sewerage line at Tar Office Chitkan	3000000	TSE-2526031007953
سیاست برحق موقف اور ان کی اہمیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے عوامی نیشنل پارٹی کے تمام سطح کے ذمہ داران بروقت اپنی ذمہ داریوں کا پاس رکھتے ہوئے فکر باچا خان کو وسعت دینے کیلئے تمام تر توانائیاں بروئے کار لائیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے عوامی نیشنل پارٹی ضلع چمن ضلعی مجلس عاملہ اجلاس کے شرکاء سے خطاب کے دوران کیا جو زیر صدارت ضلعی صدر عبدالخالق تمل منعقد ہوا اجلاس میں اے این پی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے خصوصی شرکت کی اجلاس میں ماہوار ضلعی تنظیمی کارکردگی رپورٹس پر سیر حاصل بحث کی گئی اور اسے اطمینان بخش قرار دیا گیا اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے چمن کے تمام غیور اولس سیاسی کارکنوں محنت کشوں کو گزشتہ جمعہ کے دن تاریخی قومی وطنی ہڑتال میں کثیر تعداد میں شرکت اور جلسہ عام کو کامیاب کرانے پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ مشکل کی اس گھڑی میں آپ کی مستقل مزاجی تاریخ میں ہمیشہ یادگار رہ جائے گی

بقیہ 43 — سراج الحق

بادیزئی، جمعیت علمائے پاکستان کے سید حبیب اللہ چشتی، جامعہ امام صادق کے علامہ جمعہ اسدی، شیعہ وفاق المدارس کے علامہ اکبر زاہدی، جمعیت اہل حدیث کے مولانا عتیق الرحمن، جماعت اسلامی کے نائب امیر مولانا حافظ نور علی، صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ سمیت علما کرام حافظ بابر خان، حافظ علی احمد، مولانا حافظ نسیم احمد، مولانا فرید احمد، ضیا الرحمن نورزئی و دیگر نے بھرپور شرکت کی۔ کنونشن میں ملکی، بین الاقوامی اور علاقائی صورتحال پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا، خصوصاً امریکہ، اسرائیل اور ایران کے درمیان کشیدگی، پاک افغان تعلقات کی موجودہ صورتحال اور امت مسلمہ کو درپیش چیلنجز پر سنجیدہ مشاورت اور تبادلہ خیال کیا گیا۔ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے سراج الحق نے کہا کہ ایران پر حملے اسرائیلی امریکی دہشت گردی ہے جس نے دنیا کا امن تباہ کر کے رکھ دیا ہے ایران کی بہادری نے امت کا سر فخر سے بلند کر دیا۔ مسلم حکمرانوں کو بھی جرات وہمت اور یکجہتی کا عملی مظاہرہ کرنا ہوگا۔ مسلم ممالک سے امریکی اڈے ختم کرنے ہوں گے۔

بقیہ 44 — آغا محمود شاہ

اور انتخابی چوری کے بعد خضدار میں عوامی اور جمہوری قوتوں نے فارم 47 مافیا کو مسترد کر دیا، جس کے باعث حکمران بوکھلاہٹ کا شکار ہو کر ایسے غیر جمہوری اقدامات پر اتر آئے ہیں انہوں نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر شفاف اور غیر جانبدارانہ انتخابات کرائے جائیں تاکہ عوام کے حق رائے دہی کا احترام یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 45 — محمد عبدالقادر

منا کر رہا ہے، ایسے میں عالمی سطح پر ایندھن کی قیمتوں میں اضافہ ایک نیا بحران بن کر سامنے آیا ہے بین الاقوامی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں نمایاں اضافے کے باعث پاکستان کے درآمدی بل میں اضافہ ہوا ہے، جس سے تجارتی خسارہ مزید بڑھنے کا خدشہ ہے ان حالات میں وفاقی حکومت نے عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنے کیلئے 150 ارب روپے کی سبسڈی دے کر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا بوجھ براہ راست عوام پر منتقل ہونے سے روک دیا ہے۔

بقیہ 46 — گہرے رنج و غم

اور کلیدی قرار دیا انہوں نے کہا کہ تاحال مذاکرات رسمی نوعیت کے تبادلہ خیال تک محدود ہیں، جبکہ امریکہ کی جانب سے سویلین آبادی اور تعلیمی اداروں کو نشانہ بنانا بین الاقوامی جنگی قوانین کی سنگین اور کھلی خلاف ورزی ہے تاہم انہوں نے امید ظاہر کی کہ پاکستان سمیت دیگر دوست اور ہمدرد ممالک کی دانشمندانہ، متوازن اور دوراندیش قیادت کی کاوشوں سے یہ مذاکرات جلد مثبت اور نتیجہ خیز سمت اختیار کریں گے سابق صدر سپریم کورٹ بار میاں محمد رؤف عطاء نے ایرانی قوم کے غیر معمولی حوصلے، جرات اور استقامت کو خراج تحسین پیش کیا اور مسلط کردہ جارحیت کو بین الاقوامی قوانین اور انسانی اقدار کی صریح خلاف ورزی قرار دیا انہوں نے کہا کہ موجودہ غیر معمولی حالات میں پاکستان کی قیادت، بالخصوص فیلڈ مارشل کی حکمت عملی اور موثر سفارتی اقدامات نہایت اہمیت کے حامل ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ امن، مفاہمت اور جنگ بندی کے لئے جاری کوششیں بالآخر کامیابی سے ہمکنار ہوں گی میاں محمد رؤف عطاء نے والد محترم کی وفات پر اظہار تعزیت کرنے پر ایرانی قونصل جنرل کا شکریہ ادا کیا اور پاکستان اور ایران کے درمیان برادرانہ تعلقات، باہمی تعاون اور خیر سگالی کے فروغ کی اہمیت پر زور دیا۔

بقیہ 47 — شفیق الرحمان مینگل

کا یہ تسلسل جب تک جاری رہے اور جاری رہے گا ہم حسب روایت جانیں دیں گے مگر مقابلہ سے دستبردار نہیں ہونگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے وڈھ باڈری میں منعقدہ انتخابی جلسہ عام سے خطاب کے دوران کیا جلسہ سے سردار زادہ میر نعمت اللہ ترائی بزنجو، میر مطیع الرحمان مینگل، رفیق سجاد، میر شہباز خان قلندرانی، میر علم خان ترائی بزنجو، ڈاکٹر محمد اسماعیل زہری، میر ندیم الرحمان محمد حسنی عبدالقادر گزگی اور دیگر نے بھی خطاب کیا جبکہ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض الطاف محمد حسنی اور مجیب الرحمان چدرانی میر شہباز خان قلندرانی نے انجام دیئے جلسہ عام میں خضدار، نال، وڈھ، اورناچ، گریشہ، اوپ سمیت دیگر علاقوں سے بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی جلسہ عام سے میر شفیق الرحمان مینگل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہماری پیپلز پارٹی میں شمولیت کرنے کی بنیادی وجوہات میں پیپلز پارٹی کے بانی شہید ذوالفقار علی بھٹو نے پھانسی قبول کی لیکن معافی نہیں، محترمہ بینظیر بھٹو نے شہادت قبول کی مگر جلاوطنی نہیں اسی طرح میرے بھائی میر عطاء الرحمان مینگل اور دیگر قریبی ساتھیوں نے شہادت قبول کی مگر ہندوستان کے ایجنٹوں کے سامنے ہتھیار نہیں ڈالے ان آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مقابلہ کرتے رہے پیپلز پارٹی شہداء کی جماعت ہے

بقیہ 48 — مولانا قمر الدین

کمیشن کی جانب سے این اے 256 پر ہونے والے ضمنی انتخابات کو ملتوی کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے حکمران جماعت کے پسندیدہ امیدوار کی شکست کو دیکھ کر الیکشن ملتوی کروایا جمعیت اور بی این پی کے رہنماؤں کا کہنا تھا کہ الیکشن کے حوالے سے ہم نے مکمل تیاری کی تھی پولنگ اسٹیشنوں کے حوالے سے ہم نے اپنے ایجنٹوں کو فائنل کیا تھا عوامی رابطہ مہم بھی آخری مرحلے میں داخل ہو گیا تھا ایسی صورت میں انتخابات ملتوی کرنا حکومتی بوکھلاہٹ کا واضح ثبوت ہے انہوں نے کہا کہ حکومت نے جس طرح پسندیدہ امیدوار کو اسلام آباد بلا کر اس کی شمولیت کروائی اور بعد میں پارٹی ٹکٹ جاری کیا گیا

بقیہ 49 — طوفانی بارشوں

اے اور پی ڈی ایم اے کی بروقت ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی ہدایات کے باوجود کوئی اقدامات نہیں اٹھائے گئے ضلع سیف اللہ، پشین، قلعہ عبداللہ خان، چمن، ہرنائی، زیارت، سبی، لورالائی، موسیٰ خیل، ژوب، شیرانی، برشور، توبہ اچکزئی و دیگر علاقوں میں شدید بارش، ژالہ باری سے باغات اجڑ گئے، تیار فصلیں برباد ہو گئیں، سڑکیں بند ہیں اور کاشتکار شدید پریشانی میں مبتلا ہیں۔ یہ انتظامی نااہلی کا بھی منہ بولتا ثبوت ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ امر افسوسناک ہے کہ اس ہنگامی صورتحال میں متعلقہ ادارے خصوصاً پی ڈی ایم اے کی جانب سے نہ فوری امداد، نہ نقصانات کا درست تخمینہ، اور نہ ہی متاثرین کی بحالی کیلئے کوئی عملی اقدام نظر آرہا ہے کسان جو ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں آج بے یار و مددگار اور کروڑوں روپے نقصانات سے دوچار ہیں۔

بقیہ 50 — مولانا فضل الرحمن

صیہونی بالادستی ناگزیر ہو جائے گی، اسلامی دنیا کو سیاسی، باہمی تجارت اور دفاعی حوالے سے ایک مشترکہ معاہدہ کرنا چاہیے۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ پاکستان اس وقت خطے میں مثبت کردار ادا کر رہا ہے، اس پیچیدہ صورتحال اور فیصلوں کے حوالے سے پارلیمنٹ کو اعتماد میں لینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ایوان کو اعتماد میں لیا جائے اور ان کیمرہ اجلاس بلایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کے حوالے سے پاکستان نے میزبانی کی ہے، جو پاکستان کے لیے ایک اعزاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ مصر، ترکی اور سعودی عرب اس میں شریک ہوئے ہیں، جو کہ ظاہر ہے کہ اسلامی دنیا کے یہ بڑے ممالک ہیں، اور اتنے بڑے ممالک کے باہمی رابطے سے اسلامی دنیا کے لیے ایک متوازن سوچ انشاء اللہ پیدا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ٹرمپ نے ولی عہد محمد بن سلمان کے بارے میں جو کہا، وہ کوئی شریف آدمی دہرا بھی نہیں سکتا۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ ایران، اسرائیل اور امریکہ کا تنازع دراصل فلسطین اور اسرائیل کی جنگ کا ایک تسلسل ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ساری جنگ عرب ممالک کو عبور کرتے ہوئے ایران تک پہنچائی گئی ہے۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ اگر ایران میں انہیں کامیابی حاصل ہو جاتی ہے تو پورے خطے پر اسرائیلی اور صیہونی بالادستی ناگزیر ہو جائے گی

بقیہ 51 — عاصم کرد گیلو

بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں وفاقی حکومت ملکی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے ایندھن کے مناسب ذخائر موجود ہوں اور آئندہ کیلئے بھی انتظامات کئے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے تیل کی قیمتوں میں اضافے کی تجاویز کو بار ہا مسترد کیا جو خوش آئند اقدام ہے، جس پر ہم وزیر اعظم شہباز شریف کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ وفاقی و صوبائی حکومتیں ہر ممکن کوشش کر رہی ہیں کہ کمزور اور متوسط طبقے کے لوگوں کو مزید ریلیف فراہم کرنے کیلئے کوشاں رہیں، مشکل کی اس گھڑی میں معاشی طور پر کمزور طبقے کو اکیلا نہیں چھوڑیں گے، بحران کے باوجود بروقت فیصلوں کی بدولت اللہ کے فضل سے ایندھن کی فراہمی میں کسی قسم کا تعطل نہیں آنے دیا جا رہا ہے پاکستان خطے میں امن کے حوالے سے سفارتی محاذ پر بھرپور کوششیں کر رہا ہے انہوں نے کہا کہ محکمہ ریونیو کی بہتری کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہے ہیں اور عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ حلقہ انتخاب سمیت صوبہ بھر میں ترقیاتی کاموں کا آغاز کر دیا گیا ہے جس کی تکمیل سے عوام جلد اس سے مستفید ہوں گے۔

بقیہ 52 — قاری مہراللہ

10 بجے گیس بند کر دی جاتی ہے انہوں نے کہا کہ گیس لوڈشیڈنگ ہائیکورٹ کے حکم کی کھلی خلاف ورزی ہے۔

بقیہ 53 — امان اللہ کنرانی

ہے اس کے بغیر کوئی حکومت تشکیل نہیں پا سکتی بلکہ تعطل کا شکار ہو سکتا ہے عدم اعتماد کیلئے مطلوبہ ممبران کی طرف سے ایک ہفتے کے اندر اجلاس بلا کر اس اجلاس کو بار بار طوالت دے کر وزیر اعلیٰ کے اختیارات کو تعطل کا شکار کر سکتا ہے اور وزیر اعلیٰ کچھ دنوں کیلئے مفلوج بھی ہو سکتا ہے ویسے بھی گورنر وفاق کا نمائندہ اور وفاق میں مسلم لیگ ن کی حکومت ہے "بلتیجا" پالیسی معاملات میں صوبائی جماعت کو ترجیح کا حق ہوتا ہے یہ امر پوشیدہ نہ رہے کہ تمام گورنرز کی حیثیت مختلف ہے تینوں صوبوں میں گورنرز عطاء ہیں بلوچستان میں منفرد ہے یہاں گورنر اپنی پارٹی کی عددی اکثریت کے استحقاق پر بیٹھا ہے کسی نے محض سیاسی خانہ پری کیلئے نہیں رکھا ہوا ہے مخلوط حکومت میں ن لیگ کی عددی حیثیت برابر ہے اور آئندہ 2.6 سالہ فارمولا بھی طشت از بام ہو چکا ہے اور وہ سیاسی شراکت داری کے تحت گورنر ہیں موجودہ صوبائی حکومت ن لیگ کے حمایت کی مرہون منت ہے جبکہ دیگر صوبوں میں گورنر نسبت والی پارٹیوں کی متعلقہ صوبوں میں کوئی عددی اہمیت نہیں ہے

بقیہ 54 — عبدالرحمان رفیق

بحران کا شکار ہے۔ صوبے کے تاجر، دکاندار، کسان اور مزدور شدید مشکلات سے دوچار ہیں نوجوان طبقہ اعلیٰ تعلیم اور ڈگریاں حاصل کرنے کے باوجود باعزت روزگار کے حصول کیلئے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہے انہوں نے کہا کہ سرکاری اداروں میں میرٹ کی پامالی سنگین المیے کی صورت اختیار کر چکی ہے۔ شفاف اور منصفانہ تعیناتیوں کی بجائے ملازمتوں کی بولیاں لگنا نہایت تشویشناک امر ہے جو نوجوانوں میں مایوسی اور بداعتمادی کو فروغ دے رہا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں کاروباری سرگرمیاں تقریباً مفلوج ہو چکی ہیں جس کے باعث غربت اور بے روزگاری میں خطرناک حد تک اضافہ ہو رہا ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر موثر اور ہنگامی بنیادوں پر نوجوانوں کیلئے روزگار کے نئے مواقع پیدا کئے جائیں سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول اور تمام سرکاری تقرریوں کو مکمل طور پر میرٹ اور شفافیت کے اصولوں کے مطابق یقینی بنایا جائے انہوں نے زور دیا کہ اگر موجودہ صورتحال پر قابو نہ پایا گیا تو اس کے نہایت سنگین سماجی اور معاشی نتائج برآمد ہوں گے لہٰذا وقت کا تقاضا ہے کہ حکومت عوامی مسائل کے حل کو اپنی اولین ترجیح بنائے اور عملی اقدامات کے ذریعے عوام کا اعتماد بحال کرے۔

بقیہ 55 — پوسٹ گریجویٹ

کروانے سے قاصر رہے تھے جس کے پیش نظر انہیں مزید موقع فراہم کرنے کیلئے یہ اقدام اٹھایا گیا۔ داخلوں کی توسیع کا اطلاق میٹرک، انٹرمیڈیٹ، ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس پروگرامز، ٹیچر ٹریننگ پروگرامز، پوسٹ گریجویٹ ڈپلومہ پروگرامز اور مختلف سرٹیفکیٹ کورسز پر ہوگا۔

بقیہ 56 — واٹر سپلائی منصوبہ

مسلسل رابطوں اور فالو اپ کے نتیجے میں میرانی ڈیم سے گوادر تک پینے کے پانی کی فراہمی کا اہم منصوبہ عملی پیش رفت کی جانب بڑھ گیا ہے اور منصوبے کا پی سی ون منظوری کے لیے سی ڈی ڈبلیو پی/ ایکنک کو بھجوا دیا گیا ہے۔ میرانی ڈیم سے گوادر شہر تک واٹر سپلائی منصوبے کی پیش رفت سامنے آ گئی ہے، جس کے تحت منصوبے کا پی سی ون تیار کر کے منظوری کے لیے متعلقہ وفاقی فورمز کو ارسال کرنے کی سفارش کر دی گئی ہے۔ پی ایچ ای حکام کے مطابق پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE) ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے مجوزہ منصوبے کا پی سی ون جمع کرایا گیا ہے، جس کی تخمینی لاگت 36,109 ملین روپے رکھی گئی ہے۔

بقیہ 57 — عبدالمجید بادینی

عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی وزیر ایس اینڈ جی اے ڈی بلوچستان انجینئر عبدالمجید بادینی، بشیر احمد ماندائی، پروفیسر محمد ایوب منصور، میر مشاخان بادینی، لعل بخش کھوسہ، چیئرمین میونسپل کمیٹی بھاگ ارباب قادر بخش ابڑی، چیئرمین آل پارٹیز ایکشن کمیٹی بھاگ عبدالستار ہنگورجی، پیپلز پارٹی کے کامریڈ نکاخان کلواڑ، تحریک انصاف کے حفیظ بلوچ، کامریڈ فیاض احمد، جمعیت علماء اسلام کے حافظ خالد گویا، رئیس سلطان خان گویا، نثار احمد گویا، عطاء اللہ مستوئی، محمد ندیم ابڑی، قمر الدین ہنگورجی، فتح محمد کلواڑ، سرفراز احمد گویا، ساگر کمار، سوشل ورکر جعفر آباد لقمان کھیازئی نے خطاب کیا انجینئر عبدالمجید بادینی نے کہا کہ جماعت اسلامی اقتدار میں ہو یا اقتدار سے باہر نے ہمیشہ عوام کی بے لوث خدمت کی ہے اور یہی خدمت کا سلسلہ جاری وساری ہے

بقیہ 58 — ملزمان بری

عدالت میں زیر سماعت رہا۔ کیس کے دوران مجموعی طور پر 392 پیشیاں ہوئیں۔ فرسٹ ایڈیشنل سیشن جج/ماڈل کرمنل ٹرائل کورٹ دادو کے جج حسین کلوڑ نے ایک ماہ قبل فیصلہ محفوظ کیا تھا۔ فیصلہ سنانے سے قبل سخت سیکورٹی انتظامات کیے گئے تھے۔ ضلع بھر کے 30 تھانوں کے ایس ایچ اوز، 6 ڈی ایس پیز اور 589 پولیس اہلکار تعینات کیے گئے جبکہ عدالت کے اطراف دو کلومیٹر تک ناکہ بندی کر کے سڑکیں سیل کی گئیں۔ فیصلے پر ردعمل دیتے ہوئے مدعی ام رباب چانڈیو نے کہا کہ ان کے حوصلے بلند ہیں، دنیا حیران ہے کہ سندھ میں سرداروں اور وڈیروں کو قتل کرنے کا لائسنس دیا گیا ہے، میرے حوصلے بلند ہیں، میں عدالتی فیصلے کو ہائیکورٹ میں چیلنج کروں گی۔

بقیہ 59 — شکیل قادر خان

سیکرٹری تعلیم لعل جان جعفر، سپیشل سیکرٹری سکولز عبدالسلام اچکزئی و دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران چیف سیکرٹری نے اس امر پر زور دیا کہ ایسے بچے جو کسی وجہ سے سکول نہیں جا پا رہے ہیں، انہیں تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کیلئے خصوصی اقدامات کیے جائیں چیف سیکرٹری نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ بالخصوص دیہی اور دور دراز علاقوں میں سکول داخلہ مہم کو مزید موثر اور تیز بنایا جائے تاکہ کوئی بھی بچہ تعلیم کے حق سے محروم نہ رہے

بقیہ 60 — لیاقت لہڑی

مراد اور بی این پی (عوامی) کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر ناشناس لہڑی، حاجی فیض لہڑی، محبوب لہڑی، ملک قادر لہڑی، بابو لہڑی، مقصود محمد شہی، سعید سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر علاقائی ثقافت، ادبی ترقی اور نوجوانوں میں تعلیمی شعور اجاگر کرنے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران براہوئی ادبی سوسائٹی کے چیئرمین افضل مراد نے سوسائٹی کی جانب سے شائع شدہ ادبی اور تحقیقی کتابیں میر لیاقت علی لہڑی کو پیش کیں، جس پر انہوں نے علاقائی ادب اور ثقافت کے فروغ میں ادبی سوسائٹی کے کردار کو سراہا اور نوجوانوں کو علم و ادب کی طرف راغب کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 61 — خرم شہزاد

حات کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں۔ مشیر وزیر خزانہ کا کہنا ہے کہ زرمبادلہ کے ذخائر مسلسل 33 ہفتوں سے بڑھ کر تقریباً 21.7 ارب ڈالر کی 4 سالہ بلند سطح پر پہنچ گئے ہیں، پاکستان میں ایندھن کے ذخائر میں بہتری سے مدت دستیابی 3.5 ہفتوں سے بڑھ کر 4 ہفتوں کے قریب پہنچ گئی ہے۔ خرم شہزاد نے کہا کہ پاکستان ایشیا کے تجارتی راستوں کے لیے ایک اہم گیٹ وے کے طور پر ابھر رہا ہے، کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس ایک سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا جو بیرونی شعبے میں بہتری کی عکاسی کرتا ہے، مینوفیکچرنگ شعبے میں تیزی، ایل ایس ایم میں 12.1 فیصد ماہانہ اور 10.5 فیصد سالانہ اضافہ جبکہ مجموعی نمو 5.8 فیصد رہی۔ مشیر وزیر خزانہ کا مزید کہنا تھا کہ 5 جی آکشن میں 500 ملین ڈالر سے زائد سرمایہ کاری سرمایہ کاروں کے اعتماد کا مظہر ہے، بڑے عالمی سرمایہ کاروں کی جانب سے اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری کے اعلانات سامنے آئے ہیں

بقیہ 62 — اوگرا

تمام صوبائی حکومتوں اور ضلعی انتظامیہ کو کارروائی کی ہدایت کر دی گئی ہے۔ بیان کے مطابق ایل پی جی مارکیٹ میں اوور چارجنگ برداشت نہیں کی جائے گی، مارچ کے لیے ایل پی جی کی قیمت فی کلو 225 روپے مقرر ہے۔ مارکیٹ میں ایل پی جی کی قیمت 400 سے 450 روپے وصول کی جا رہی ہے جبکہ روپے 2665 والا گھریلو سلنڈر 5 ہزار روپے تک فروخت ہو رہا ہے۔

بقیہ 63 — مہر اللہ بادینی

صورتحال، اسمارٹ لاک ڈاؤن کے ممکنہ اثرات، اور ڈیمانڈ و سپلائی کے نظام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا حکام نے بریفنگ دیتے ہیں بتایا کہ شہر میں تاحال پٹرول کی کوئی قلت نہیں اور وافر مقدار میں دستیاب ہے اجلاس کو بتایا گیا کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں کراچی سے ایک سے دو روز کے اندر اضافی سپلائی ممکن بنائی جا سکتی ہے کہ مزید یہ کہ پاکستان اسٹیٹ آئل (PSO) کے ڈپو میں تقریباً تین لاکھ لیٹر پٹرول ذخیرہ کرنے کی گنجائش موجود ہے، جسے ضرورت پڑنے پر فوری استعمال میں لایا جا سکتا ہے شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ شہر میں ایرانی تیل کی موجودگی کے باعث بھی فی الحال کسی قسم کی کمی کا سامنا نہیں ہے اجلاس میں یہ بھی بتایا گیا کہ کوئٹہ میں روزانہ تقریباً 14 لاکھ لیٹر پٹرول کی طلب ہے

بقیہ 64 — خوشحال خان کاکڑ

مرحوم عالمگیر لالا کے گھر پر شہداء کے لواحقین سے تعزیت کے موقع پر گفتگو کر رہے تھے اس موقع پر پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان، مرکزی سیکرٹری مالیات یوسف خان کاکڑ، مرکزی سیکرٹری اللہ نور خان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری سندر نظام خان، مرکزی کمیٹی کے اراکین حاجی میر دلالا، محمود علی کاکڑ، پیر قیس اللہ سمیت دیگر ضلعی و علاقائی رہنما بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ خوشحال خان کاکڑ نے اپنے خطاب میں کہا کہ کسی کے گھر پر حملہ کرنا انسانی، پشتون روایات اور اسلامی اقدار کی صریح خلاف ورزی ہے، جو چادر اور چار دیواری کے تقدس کی بدترین پامالی کے مترادف ہے۔ انہوں نے اس واقعہ کو ایک انسانیت سوز اور دلخراش سانحہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس میں ملوث عناصر کی فوری گرفتاری اور انہیں قرار واقعی سزا دینا نہایت ضروری ہے تاکہ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام ممکن بنائی جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یارہ میں آباد مختلف قبائل ایک دوسرے کے ساتھ رشتہ داری اور اخوت کے مضبوط بندھن میں بندھے ہوئے ہیں، لہٰذا ان کے درمیان کسی بھی قسم کی تفریق یا تقسیم پیدا کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔

بقیہ 65 — عبدالمن پارٹی

نے ترجیحی بنیادوں پر بند اسکولز اور بی ایچ یوز کو کھولا جماعت اسلامی کے ارکان کارکنان اپنے دفتر کو عوامی مشکلات سے کمی کا ذریعہ بنائیں مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی ہر وقت عوامی خدمت میں پیش پیش ہے اس لئے گوادر اور جماعت اسلامی بھی عوامی کمیٹیوں کے ذریعے عوام کے اندر جائے اور ان کے مسائل حل کرے قوم کو تعلیم فراہم کرنا ہے چالیس سال میں علاقے کے مسائل حل کرنے کی بجائے ذاتی کام کئے گئے ہیں اربوں روپے فنڈز ملے لیکن عوامی مسائل کے حل پر خرچ نہیں ہوئے گوادر میں مسائل کے انبار تھے ہم نے دو سال میں بہت سارے اجتماعی کام کئے پانچ سال تک بہت سارے کام مکمل ہو جائیں گے ہمیں قوم کے فنڈز امانت سمجھ کر خرچ کرنا ہے۔ اجتماع سے جماعت اسلامی ضلع گوادر کے امیر سعید احمد بلوچ اقبال، مولا بخش نے بھی خطاب کیا۔

بقیہ 66 — بے نقاب

پراپیگنڈہ کرنا ہے۔ اطلاعات کے مطابق، بھارتی سیکیورٹی فورسز ان بے گناہ پاکستانیوں اور کشمیریوں کو اس گھناؤنی سازش میں زبردستی استعمال کرنے کی تیاری کر رہی ہیں جو غلطی سے سرحد پار کر گئے تھے اور اس وقت بھارتی جیلوں میں قید ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سینکڑوں کی تعداد میں موجود ان قیدیوں میں سے چند افراد کو مختلف جیلوں سے نکال کر ایک جگہ اکٹھا کیا جا رہا ہے۔ اس ڈرامے کو ''حقیقت'' کا رنگ دینے کے لیے جیلوں میں قید چند بھارتی شہریوں کو بھی شامل کیے جانے کی اطلاعات ہیں۔ منصوبے کے مطابق، ان قیدیوں کو کسی نام نہاد آپریشن کے ذریعے میڈیا کے سامنے پیش کیا جائے گا تاکہ بے شک وہ گنہگار اور بھارتی ''گودی میڈیا'' اسے پاکستان کے خلاف ہتھیار کے طور پر استعمال کر سکیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ بھارت یہ فرسودہ اور گھسا پٹا طریقہ کار اس لیے اپنا رہا ہے تاکہ وہ اپنی داخلی ناکامیوں اور بین الاقوامی سطح پر گرتی ہوئی ساکھ کو بچا سکے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ دنیا اب بھارت کی ان مکاریوں اور جھوٹے بیانیے سے اکتا چکی ہے۔ پلوامہ واقعے اور اس کے بعد پہلگام کے واقعے کو ایک سال گزرنے کے باوجود بھارت آج تک اپنے الزامات کے حق میں کوئی ٹھوس ثبوت پیش نہیں کر سکا، نہ ہی وہ یہ بتا سکا کہ ان مبینہ کارروائیوں میں ملوث افراد کہاں سے آئے تھے۔ تجزیہ کاروں کے مطابق، بھارت کا بے گناہ قیدیوں کو استعمال کر کے میڈیا کے ذریعے پراپیگنڈہ کرنے کا یہ نیا حربہ بھی بری طرح ناکام ہوگا۔ عالمی برادری اب بھارت کے اس ''فالس فلیگ'' پیٹرن سے بخوبی واقف ہو چکی ہے، جس کی اب کوئی سفارتی یا اخلاقی وقعت باقی نہیں رہی

بقیہ 67 — عطا تارڑ

جس میں قومی سطح کے اہم فیصلوں پر مشاورت کی گئی۔ انہوں نے اجلاس میں شرکت پر وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ کی موجودگی ایک مثبت پیشرفت ہے۔ اور وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے قومی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے اجلاس میں شرکت کی۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ موجودہ عالمی حالات کے باعث دنیا بھر میں تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے۔ تاہم وزیر اعظم شہباز شریف نے خطے کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے بروقت اور اہم اقدامات کیے ہیں۔

بقیہ 68 — مولانا عبدالقادر لونی

گٹھ جوڑ عالم اسلام کیلئے عظیم خطرے کا باعث ہے مذموم عزائم اور دہشتگردی سے خطہ کا امن برباد کیا خطے میں امن سبوتاژ کرنے کی کوششیں جاری ہیں انہوں نے کہا کہ عالم اسلام کے حکمران امریکہ اور اسرائیل کی بربریت روکنے کیلئے لائحہ عمل طے کریں اقوام متحدہ، انسانی حقوق کے عالمی ادارے اور بین الاقوامی برادری امریکہ اور اسرائیلی مظالم پر خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ امریکہ خطے میں حالات کو خراب کرنے کے لئے خطرناک ارادہ رکھتا ہے مسلم ممالک کے درمیان اتحاد اور دفاعی معاہدات استحکام اور روابط کیلئے ایک مضبوط بنیاد ثابت ہوں گے انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کی مسلم ممالک پر سفاکانہ پابندیوں کے باعث انسانی بحران کا المیہ جنم لے رہا ہے مسلم ممالک ایک دوسرے کو تنہا چھوڑنے سے مسلسل ظلم اور بربریت اور معاشی استحصالی کا سامنا کر رہے ہیں۔

بلوچستان کی سرزمین لائیو اسٹاک کیلئے زیادہ سود مند ہے، گورنر

مالداری سے ہماری کل آبادی کے ایک بڑے حصے کی روزی روٹی وابستہ ہے، خشک سالی سے لائیو اسٹاک کو نقصان پہنچا

زراعت اور لائیو اسٹاک میں ویلیو چینز اور مارکیٹ روابط کو بہتر کرنے کے مثبت نتائج مل رہے ہیں، جعفر مندوخیل کی گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان کی سرزمین لائیو اسٹاک کیلئے زیادہ سود مند ہے... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

سراج الحق آج جماعت اسلامی کوئٹہ کی عید ملن تقریب سے خطاب کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) سابق امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق آج جماعت اسلامی کوئٹہ کی عید ملن تقریب سے خطاب کریں گے... نائب امیر جماعت اسلامی... تقریب میں... مرکزی امیر... شرکت کریں گے۔

فورسز کا مقصد امن وامان کی مکمل بحالی ہے، کمانڈنٹ قلات

عوام مطمئن رہیں، مشکلات اور مسائل کا بخوبی احساس ہے، سابق وزیر اعلیٰ نواب ثناء اللہ زہری

خضدار (بیورو رپورٹ) ایف سی کمانڈنٹ قلات اسکاؤٹس عرفان بخش، ڈی آئی جی پولیس قلات رینج گزشتہ روز طلق جھالاوان خضدار پہنچے جہاں دونوں اعلیٰ حکام نے پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری اور صوبائی مشیر بلدیات نواب زادہ امیر حمزہ خان زہری سے اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں جھالاوان میں امن وامان کی صورتحال بالخصوص زہری میں امن وامان کی مخدوش صورتحال اور جاری کرفیو کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا نواب ثناء اللہ خان زہری نے سیکیورٹی حکام کو کرفیو کی وجہ سے...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

سیلاب زدگان کو رقم قسطوں میں ادا کرنا قابل مذمت ہے، جے ڈبلیو پی

اس طرح کی پالیسی متاثرین کی مشکلات میں مزید اضافے کا سبب بن رہی ہے، جواد ہزارہ

کوئٹہ (اے این این) جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی ترجمان جواد ہزارہ نے قلات کے سیلاب زدگان کیلئے امدادی رقم کی قسطوں میں ادائیگی اور این جی اوز کے ذریعے تقسیم کے عمل کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے اسے نہایت افسوسناک اور غیر موثر قرار دیا ہے اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اس طرح کی پالیسی نہ صرف متاثرین کی مشکلات میں کمی لانے میں ناکام ثابت ہو رہی ہے بلکہ پریشانیوں میں مزید اضافے کا سبب بن رہی ہے انہوں نے کہا کہ قلات کے سیلاب سے متاثرہ افراد پہلے ہی شدید مالی، معاشی اور ذہنی دباؤ کا شکار ہیں، ایسے میں...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: صوبائی مشیر برائے ایکسائز محمد خان لہڑی سے لوگ آفس میں ملاقات کررہے ہیں

خطے میں بدامنی، جنگ کے پجاری طاقت کے گھمنڈ کا شکار ہیں، اصغر اچکزئی

ذمہ داران فکر باچا خان کو وسعت دینے کیلئے اپنی توانائیاں بروئے کار لائیں، صوبائی صدر عوامی نیشنل پارٹی

من گھڑت مقدمات کے ذریعے فکر باچا خان کے متوالوں کے حوصلے پست نہیں کئے جاسکتے، چمن میں مجلس عاملہ کے اجلاس سے خطاب

چمن (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے کہا کہ اس وقت نہ صرف ہمارے پڑوس بلکہ پورے خطے کے حالات انتہائی خطرناک حدوں کو چھو رہی ہے جنگ کے پجاری اور سوداگر طاقت کے گھمنڈ میں مست ہو کر انسانیت کے قتل عام کے مرتکب ہو رہے ہیں اس نازک صورتحال میں بحیثیت سیاسی کارکنان ہم اور آپ پر لازم ہے کہ اپنی اولس اور وطن کو ان زور آوروں کے کشت وخون سے محفوظ بنائیں جس کیلئے سیاسی پلیٹ فارم سے منظم جدوجہد از حد لازمی ہو چکی مد مقابل کی گھبراہٹ و پریشانی دیکھ کر آپ کی درست...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار: پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما میر شفیق مینگل انتخابی جلسہ عام سے خطاب کررہے ہیں

ایران پر حملے اسرائیلی امریکی دہشتگردی ہے، سراج الحق

ایران کی بہادری نے امت کا سر فخر سے بلند کردیا، دیگر مسلم حکمرانوں کو بھی جرات وہمت اور یکجہتی کا عملی مظاہرہ کرنا ہوگا

مسلم ممالک سے امریکی اڈے ختم کرنے ہونگے، پاک، افغان تعلقات میں بہتری وقت کی ضرورت ہے، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی پاکستان کے سابق امیر و سابق سینیٹر سراج الحق کی زیر صدارت جماعت اسلامی بلوچستان کے صوبائی سیکرٹریٹ کوئٹہ میں علماء ومشائخ کا ایک اہم مشاورتی کنونشن ہوا جس میں ملک بھر بالخصوص بلوچستان سے تعلق رکھنے والے جید علمائے کرام اور دینی جماعتوں کے قائدین ادارہ امور اسلامی کے مولوی عبدالرحمان نورزئی، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مولانا انوار الحق حقانی، جمعیت اتحاد العلماء کے مولانا عبدالکبیر شاکر، جماعت اسلامی کے ڈاکٹر عطاء الرحمان، جمعیت علمائے اسلام ف کے مفتی روزی خان...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: سینئر سیاستدان حاجی لشکری رئیسانی، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو اور ملک ہاشم خان مبترزئی کے درمیان جاری تنازعہ کے تصفیے کیلئے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

این اے 256، حکومت نے انتخابات سے راہ فرار اختیار کی، آغا محمود شاہ

تمام راستے بند ہونے کے بعد حکمران بوکھلاہٹ کا شکار ہو کر غیر جمہوری اقدامات پر اتر آئے

خضدار میں فوری شفاف وغیر جانبدارانہ انتخابات کرائے جائیں، صوبائی رہنما جمعیت

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ نے این اے 256 خضدار کے الیکشن ملتوی کرنے کے فیصلے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب دھاندلی اور بدنیتی کے تمام راستے بند ہو گئے تو حکومت نے الیکشن سے راہ فرار اختیار کرلی انہوں نے الزام عائد کیا کہ جمعیت علماء اسلام کی اکثر نشستوں پر قبضہ...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کو سنگین معاشی چیلنجز کا سامنا ہے، محمد عبدالقادر

عالمی سطح پر ایندھن کی قیمتوں میں اضافہ ایک نیا بحران بن کر سامنے آیا ہے، سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ امریکہ، اسرائیل اور ایران کے درمیان جاری جنگ نے عالمی معیشت کو غیر یقینی کی کیفیت سے دوچار کردیا ہے جس کے براہ راست اثرات پاکستان پر مرتب ہو رہے ہیں پاکستان پہلے ہی مہنگائی، قرضوں کے بوجھ اور زرمبادلہ کے ذخائر کی کمی جیسے سنگین معاشی چیلنجز کا سا...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

تعلیمی اداروں کو نشانہ بنانا قوانین کی خلاف ورزی ہے، ایرانی قونصل جنرل

پاکستان کی جنگ بندی کیلئے کوششیں کامیابی سے ہمکنار ہوں گی، عطاء رؤف ایڈووکیٹ

کوئٹہ (آن لائن) ایرانی قونصل جنرل نے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر میاں محمد رؤف عطاء کی رہائش گاہ پر ان کے والد محترم کے انتقال پر گہرے رنج وغم اور دلی افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے خصوصی دعا کی اور سوگوار خاندان سے بھرپور یکجہتی اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ایرانی قونصل جنرل نے موجودہ نازک اور حساس علاقائی صورتحال میں پاکستان کے کردار کو نہایت اہم...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

این اے 256 کی نشست پر مقابلے سے دستبردار نہیں ہونگے، شفیق الرحمن مینگل

میرے بھائی میر عطاء الرحمان مینگل ودیگر قریبی ساتھیوں نے شہادت قبول کی مگر ہندوستان کے ایجنٹوں کے سامنے ہتھیار نہیں ڈالے، رہنما پی پی

ہم سب ملکر اپنے وطن کی حفاظت کیلئے میدان میں اترے ہیں، الیکشن کا میدان بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے، امیدوار این اے 256

طاغوتی قوتیں روز اول سے ہی ملک کے خلاف سرگرم، ہمارے مخالفین کا تعلق بھی انہی سازشی عناصر سے ہے، وڈھ باڑی میں انتخابی جلسے سے خطاب

خضدار (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و این اے 256 سے پارٹی کے امیدوار میر شفیق الرحمان مینگل نے کہا ہے کہ این اے 256 پر مقابلہ امیدواروں کے درمیان نہیں بلکہ دو نظریات کے درمیان ہے ایک نظریہ ہندوستان کی حمایت یافتہ گروہ اور دوسرا نظریہ کلمہ طیبہ کی بنیاد پر بننے والی ریاست پاکستان سے محبت کرنے والوں کی ہے مخالفین یاد رکھیں ہمارے درمیان مقابلہ...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ڈاکٹر عطاء الرحمن کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

حکومت نے اپنی شکست دیکھ کر الیکشن ملتوی کروایا، جمعیت

این اے 256 کے انتخابات ملتوی کرنا حکومتی بوکھلاہٹ کا واضح ثبوت ہے، مولانا قمر الدین

صوبائی حکومت امن وامان قائم رکھنے میں ناکام ہو چکی ہے، بی این پی رہنماؤں کیساتھ پریس کانفرنس

خضدار (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سرپرست اعلیٰ و امیدوار این اے 256 مولانا قمر الدین، بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری، جنرل سیکرٹری مولانا عنایت اللہ رودینی، سردار علی محمد قلندرانی اور بلوچستان نیشنل پارٹی کے تحصیل صدر میر سفر خان مینگل نے خضدار پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے الیکشن...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

بارشوں وژالہ باری سے باغات اجڑ گئے، پشتونخوامیپ

ہنگامی صورتحال میں متاثرین کی بحالی کیلئے عملی اقدامات نظر نہیں آرہے، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں حالیہ طوفانی بارشوں اور ژالہ باری کے باعث جنوبی پشتونخوا کے مختلف اضلاع وعلاقوں ہونے والے نقصانات اور حکومت و پی ڈی ایم اے کی عدم توجہی پر انتہائی دکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ محکمہ ماحولیات وموسمیات، این ڈی ایم...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

خطے کی صورتحال اور فیصلوں پر پارلیمنٹ کو اعتماد میں لیا جائے، مولانا فضل الرحمن

ایران، اسرائیل اور امریکہ کا تنازع دراصل فلسطین اور اسرائیل کی جنگ کا تسلسل ہے، پاکستان خطے میں مثبت کردار ادا کررہا ہے

اگر ایران میں انہیں کامیابی حاصل ہو جاتی ہے تو پورے خطے پر اسرائیلی اور صہیونی بالادستی ناگزیر ہو جائے گی، سربراہ جے یو آئی

موجودہ صورتحال کے پیش نظر اسلامی دنیا کو سیاسی، باہمی تجارت اور دفاعی حوالے سے ایک مشترکہ معاہدہ کرنا چاہیے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت خطے میں مثبت کردار ادا کررہا ہے، پیچیدہ صورتحال اور فیصلوں کے حوالے سے پارلیمنٹ کو اعتماد میں لینا چاہیے، ایران، اسرائیل اور امریکہ کا تنازع دراصل فلسطین اور اسرائیل کی جنگ کا ایک تسلسل ہے، اگر ایران میں انہیں کامیابی حاصل ہو جاتی ہے تو پورے خطے پر اسرائیلی اور...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی ایم جمالی، فلیجی میں متحارب قبائل کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ جاری

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد فلیجی میں دو متحارب قبائل کے درمیان گزشتہ دو روز سے فائرنگ کا سلسلہ جاری پندرہ بکریاں دو بیل فائرنگ سے ہلاک دو افراد زخمی جبکہ دو بورنگ ٹیوب ویل سولر پلیٹس اور مشینری تباہ فائرنگ سے علاقے میں شدید خوف و ہراس متعدد علاقائی مکینوں نے نقل مکانی شروع کردی پولیس کے مطابق نصیر آباد کی تحصیل چھتر کے پولیس تھانہ فلیجی کی حدود موضع کوراں میں کھیری اور ساوند قبائل کے درمیان گزشتہ دو روز سے ایک دوسرے پر وقفے وقفے سے بھاری ہتھیاروں سے فائرنگ کا سلسلہ جاری ہے

کمزور طبقے کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، عاصم کرد گیلو

محکمہ ریونیو کو جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے جس سے عوام جلد مستفید ہوں گے، صوبائی وزیر ریونیو

حلقہ انتخاب سمیت صوبے بھر میں ترقیاتی منصوبے جاری ہیں، وفود سے بات چیت

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما، وصوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو نے کہا ہے کہ وفاقی وصوبائی حکومتوں کی کوشش ہے کہ مشکل کی اس گھڑی میں معاشی طور پر کمزور طبقے کو اکیلا نہیں چھوڑیں گے، کمزور اور متوسط طبقے کو مزید ریلیف فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہیں محکمہ ریونیو کو جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے جس سے عوام جلد مستفید ہوں گے حلقہ انتخاب سمیت صوبہ بھر میں ترقیاتی منصوبے جاری ہیں جو جلد پایہ تکمیل تک پہنچیں گے، یہ...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

کمپنی بلاتعطل گیس کی فراہمی یقینی بنائے، قاری مہر اللہ

رمضان المبارک گزرتے ہی عوام پر 10 بجے گیس بند کردی جاتی ہے، حبیب اللہ صافی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی مولانا خدائے نظر مولانا محمد ابراہیم مولانا رحمت اللہ حقانی حاجی نادر خان اچکزئی مولانا صالح محمد نے کہا کہ سوئی سدرن گیس نے ہائیکورٹ کے حکم کی دھجیاں اڑادی ہائیکورٹ نے حکم دیا کہ 12 بجے گیس بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنائے سوئی سدرن گیس نے نہ صرف رمضان المبارک تک حکم برقرار رکھا رمضان المبارک گزرتے ہی...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی کابینہ کی تشکیل گورنر کی منظوری کے تابع ہے، امان اللہ کنرانی

بلوچستان میں حکومت ن لیگ کی مرہون منت ہے، سابق صدر سپریم کورٹ بار

کوئٹہ (این این آئی) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر امان اللہ کنرانی نے صوبے میں گورنر و وزیر اعلیٰ کے اختیارات کے استعمال اور قوانین کے ذریعے اطلاق اور آئین کے روح ومنشاء کی تکمیل سے متعلق تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریاست کے اندر گورنر کو وفاق نمائندہ آئینی حیثیت حاصل ہوتا ہے جو صوبائی حکومت کا اعلیٰ اختیار کا منصب دار ہوتا ہے جو وزیر اعلیٰ سمیت صوبائی حکومت کی کابینہ کی تشکیل گورنر کی منظوری اور حلف کے تابع ہوتا...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان سنگین معاشی بحران کا شکار ہے، مولانا عبدالرحمان رفیق

نوجوان ڈگریاں حاصل کرنے کے باوجود روزگار کیلئے ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں، مین اللہ شمس

صوبے میں غربت وبیروزگاری میں خطرناک حد تک اضافہ ہو رہا ہے، مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی مین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد نورزئی، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، میر حشمت لہڑی، سیٹھ اجمل بازئی، سالار مولوی علی جان، مولانا سید سعد اللہ آغا، مولوی نقیب اللہ ملاخیل اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ بلوچستان شدید کاروباری جمود اور سنگین معاشی...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ اللہ یار، ٹریفک حادثہ، 1 شخص جاں بحق، 4 بچوں سمیت 2 خواتین زخمی

حادثہ رکشہ اور ٹریکٹر میں خوفناک تصادم کے باعث پیش آیا، پولیس مزید تحقیقات کررہی ہے

اوستہ محمد (آن لائن) ڈیرہ اللہ یار میں حادثہ کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق اور 4 بچوں سمیت 2 خواتین زخمی، تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ایری لاڑہ کے قریب مین ڈیرہ اللہ یار روڈ پر رکشہ اور ٹریکٹر میں خوفناک تصادم کے نتیجے میں رکشہ ڈرائیور نذیر حسین مستوئی موقع پر جاں بحق ہو گیا جبکہ چار بچوں سمیت دو خواتین شدید زخمی ہو گئے زخمیوں کو فوری طور پر تحصیل ہسپتال پہنچایا گیا جہاں انہیں طبی امداد دی گئی مزید علاج کے لئے زخمیوں کو لاڑکانہ ریفر کردیا گیا۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، داخلوں کی تاریخ میں 15 اپریل تک توسیع

فیصلہ موصول درخواستوں اور عید الفطر کے باعث طلبہ کو درپیش مصروفیات کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا، حکام

اسلام آباد (شاکر رحمان) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے طلبہ کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے میٹرک سے لے کر پوسٹ گریجویٹ سطح تک مختلف او ڈی ایل پروگرامز میں داخلوں اور انرولمنٹ کی آخری تاریخ میں 15 اپریل 2026 تک توسیع کردی ہے۔ یہ فیصلہ ملک بھر سے موصول ہونے والی درخواستوں اور عید الفطر کے باعث طلبہ کو درپیش مصروفیات کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا۔ یونیورسٹی انتظامیہ کے مطابق متعدد طلبہ بروقت داخلہ فارم جمع...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

36 ارب سے زائد گوادر واٹر سپلائی منصوبہ منظوری کے مرحلے میں داخل

36,109 ملین روپے کے منصوبے سے گوادر کو میرانی ڈیم سے پانی فراہم کرنے کی راہ ہموار

گوادر (این این آئی) 36 ارب سے زائد کا گوادر واٹر سپلائی منصوبہ منظوری کے مرحلے میں داخل، 36,109 ملین روپے کا تاریخی منصوبہ سے میرانی ڈیم سے گوادر کو پانی فراہمی کی راہ ہموار، گوادر کے لئے 36 ارب کا پینے کے پانی کا میگا پراجیکٹ، پی سی ون منظوری کو ارسال، اربوں روپے کی لاگت سے میرانی ڈیم کا پانی گوادر پہنچانے کا منصوبہ آگے بڑھ گیا تفصیلات کے مطابق ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کے دور ایم پی اے شپ کی ایک اور بڑی کامیابی سامنے آگئی ہے۔ صوبائی ووفاقی حکومت سے ان کے...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

قومی اسمبلی کا جاری اجلاس 10 اپریل تک جاری رہے گا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی کی ہاؤس بزنس ایڈوائزری کمیٹی کا اہم اجلاس سپیکر سردار ایاز صادق کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں قومی اسمبلی کے رواں 26 ویں اجلاس کے ایجنڈے اور دورانیے کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

سہولت آج عوام کی دہلیز تک پہنچانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے، عبدالمجید بادینی

جماعت اسلامی نے ہمیشہ عوام کی بے لوث خدمت کی اور یہ سلسلہ جاری رہے گا، پارلیمانی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی

بعد میں وجود میں آنے والے علاقوں کو ضلع کا درجہ دیا گیا لیکن بھاگ شہر اس سہولت سے تاحال محروم جو ظلم کے مترادف ہے

مسائل تب حل ہوں گے جب تک عوام اپنا نمائندہ خود منتخب کرکے اسمبلی نہ بھیجے، بھاگ شہر میں جلسہ عام سے خطاب

بھاگ (آن لائن) جماعت اسلامی ضلع بولان بھاگ کے زیر اہتمام بھاگ شہر میں جلسہ عام منعقد ہوا جلسہ عام کے مہمان خاص صوبائی وزیر برائے پارلیمانی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی بلوچستان انجینئر عبدالمجید بادینی تھے اعزازی مہمان جماعت اسلامی بلوچستان کے نائب امیر بشیر احمد ماندائی، جلسہ کی صدارت ضلعی امیر ضلع بھاگ قادر بخش گولہ نے کی جلسہ عام کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جلسہ...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

ڈھاڈر، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 1 شخص ہلاک

کوئٹہ (آن لائن) ڈھاڈر کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ڈھاڈر کے علاقے کوٹ فیض بخش چوک پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا نعش ہسپتال منتقل کردی

کوئٹہ: صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، سردار عمر گورگیج، ایم این اے خوشحال خان کاکڑ کو رکن اسمبلی منتخب ہونے پر مبارکباد دے رہے ہیں

تہرے قتل کیس میں 2 ایم پی ایز سمیت تمام ملزمان بری

سردار احمد خان چانڈیو، برہان چانڈیو سمیت کسی ملزم پر جرم ثابت نہیں ہو سکا

دادو (م ڈ) میں ام رباب چانڈیو کے دادا، والد اور چچا کے قتل کے ہائی پروفائل کیس کا محفوظ فیصلہ سنا دیا گیا۔ ماڈل کرمنل ٹرائل کورٹ نے پیپلز پارٹی کے دو ایم پی ایز سمیت تمام 8 نامزد ملزمان کو بری کر دیا۔ عدالت کے مطابق سردار احمد خان چانڈیو اور برہان خان چانڈیو سمیت کسی بھی ملزم پر جرم ثابت نہیں ہو سکا، اس لیے تمام ملزمان کو باعزت بری کرتے ہوئے رہا کرنے کا حکم دیا گیا۔ یہ مقدمہ میہڑ کے تہرے قتل کیس سے متعلق تھا جو تقریباً 8 سال 3 ماہ تک...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

محکمہ تعلیم، منتخب نمائندے ملکر سکول داخلہ مہم کو کامیاب بنائیں، چیف سیکرٹری

ایسے بچے جو کسی وجہ سے سکول نہیں جا پا رہے، انہیں تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کیلئے خصوصی اقدامات کئے جائیں، شکیل قادر خان

دور دراز علاقوں میں سکول داخلہ مہم کو مزید موثر بنایا جائے تاکہ کوئی بچہ تعلیم کے حق سے محروم نہ رہے، حکام کو ہدایت

محکمے نے 2026 کیلئے 261,012 بچوں کے صوبائی اندراج کا ہدف مقرر کیا ہے، سیکرٹری تعلیم لعل جان جعفر کی بریفنگ

کوئٹہ (آن لائن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت سکول داخلہ مہم سے متعلق اجلاس منعقد ہوا... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی ودیگر کا گروپ فوٹو

ہرنائی، کوئلہ کان میں مٹی کا تودہ گرنے سے کانکن جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) ہرنائی میں مٹی کا تودہ گرنے سے کانکن جاں بحق ہو گیا تفصیلات کے مطابق... طالب لیویز... گرنے... واقعہ کے... کراش...

عوامی اعتماد ہماری سب سے بڑی طاقت ہے، میر لیاقت لہڑی

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے حقوق کیلئے ہر فورم پر جدوجہد کی، پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ

ترقی کیلئے سیاسی قیادت اور اداروں کے اشتراک کو فروغ دینا ضروری ہے، وفود سے گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا ہے کہ عوام کا اعتماد ہماری سب سے بڑی طاقت ہے اور اس اعتماد پر پورا اترنے کیلئے عملی اقدامات جاری رکھے جائیں گے، پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی جماعت ہے جس نے ہمیشہ عوام کے حقوق کیلئے ہر فورم پر جدوجہد کی ہے یہی وجہ ہے کہ پارٹی عوام کے دلوں میں بستی ہے۔ یہ بات انہوں نے براہوئی ادبی سوسائٹی کے صدر افضل...... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پشتون آباد میں موبائل چھیننے کی واردات، مزاحمت پر 1 شخص زخمی

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) کوئٹہ کے علاقے پشتون آباد کی حدود میں ایک سنگین واردات پیش آئی ہے، جس میں مسلح چوروں کی فائرنگ سے ایک شخص شدید زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق گلی بادیزئی کے رہائشی نصیب اللہ ولد نیاز محمد بادیزئی سے تین موٹر سائیکل سوار چوروں نے موبائل فون چھیننے کی کوشش کی۔ اس دوران جب نصیب اللہ نے ہمت دکھاتے ہوئے مزاحمت کی، تو ملزمان نے بے دریغ فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں وہ گولی لگنے سے زخمی ہو گیا۔

معاشی اصلاحات کے مثبت نتائج مل رہے ہیں، خرم شہزاد

زرمبادلہ کے ذخائر بڑھ کر 21.7 ارب ڈالر کی بلند سطح پر پہنچ گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستانی معیشت میں اصلاحات اور کامیاب سفارتکاری کے مثبت آثار نمایاں نظر آنے لگے۔ کامیاب سفارتکاری اور پائیدار معاشی اصلاحات کے باعث پاکستان ایک بااعتماد اور مضبوط قوت بن چکا ہے، مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد کے مطابق پاکستان عالمی سطح پر اہم سفارتی کردار ادا کرتے ہوئے امریکا، ایران اور خلیجی ممالک کے ساتھ کشیدگی کم کرنے میں متحرک ہے، آئی ایم ایف پروگرام کامیابی سے جاری ہے اور معاشی اصلا...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

چمن اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے

چمن (یو این اے) بلوچستان کے سرحدی ضلع چمن اور اس کے گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے ہیں، جس کے باعث پورے علاقے میں شدید خوف وہراس پھیل گیا۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت ریکٹر اسکیل پر 3.1 ریکارڈ کی گئی، جبکہ اس کی گہرائی زیر زمین 14 کلومیٹر تھی۔ زلزلے کا مرکز چمن شہر سے تقریباً 120 کلومیٹر جنوب مغرب میں واقع تھا۔ جھٹکے محسوس ہوتے ہی شہری کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے اپنے گھروں، دکانوں اور دیگر عمارتوں سے کھلے مقامات کی جانب نکل آئے۔

اوگرا کا ایل پی جی کی اضافی قیمت کی وصولی کا نوٹس

کمپنیوں کو سرکاری ریٹ لسٹ کی خلاف ورزی پر ایکشن کا عندیہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اوگرا نے ملک میں ایل پی جی کی اضافی قیمت کی وصولی کا نوٹس لے لیا اور تمام کمپنیوں کو سرکاری ریٹ لسٹ کی خلاف ورزی پر ایکشن کا عندیہ دیدیا۔ ترجمان اوگرا کے مطابق ایل پی جی سیکٹر کی مانیٹرنگ سخت کردی ہے، اوگرا نے ملک بھر میں فیلڈ انسپکشنز شروع کردی ہیں، مارچ 2026 کی مقررہ قیمتوں پر فروخت یقینی بنائی جائے...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ شہر میں پیٹرولیم مصنوعات کی دستیابی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

حکومت پیٹرولیم مصنوعات کی بلاتعطل دستیابی ہر صورت یقینی بنائیگی، کمشنر کوئٹہ

سپلائی، ذخیرہ کرنے کی گنجائش، ایڈوانس اسٹاک اور ڈپوز کی صورتحال سے متعلق رپورٹ پیش کی جائے، شاہزیب خان کاکڑ

کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے پیشگی اقدامات مکمل رکھے جائیں گے، پٹرول پمپس مالکان کے نمائندوں کے اجلاس سے خطاب

پی ایس او کے ڈپو میں تقریباً 3 لاکھ لیٹر پیٹرول ذخیرہ کرنے کی گنجائش موجود، جسے ضرورت پڑنے پر استعمال میں لایا جا سکتا ہے، افسران کی بریفنگ

کوئٹہ (آن لائن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت شہر میں موجودہ حالات کے پیش نظر پٹرولیم مصنوعات کی دستیابی سے متعلق ایک اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی، اسسٹنٹ کمشنر (ریونیو) کوئٹہ ڈویژن بہادر خان کاکڑ، پٹرول پمپس مالکان اور مختلف آئل کمپنیوں کے نمائندوں نے شرکت کی اجلاس کے دوران کوئٹہ شہر میں پٹرولیم مصنوعات کی موجودہ...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور سے کراچی جانے والی پی آئی اے کی پرواز سے پرندہ ٹکرا گیا

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور سے کراچی جانے والی پی آئی اے کی پرواز پی کے 305 سے پرندہ ٹکرا گیا۔ ذرائع کے مطابق پرندہ ٹیک آف کے فوری بعد طیارے کے انجن سے ٹکرایا۔ واقعے کے بعد پائلٹ نے بروقت فیصلہ کرتے ہوئے طیارے کو محفوظ طریقے سے واپس لاہور ایئرپورٹ پر اتار لیا۔ پرواز میں 200 سے زائد مسافر سوار تھے۔

کوئٹہ: جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع حاجی بشیر آغا کی عیادت کررہے ہیں

سانحہ یارو میں ملوث عناصر کو قرار واقعی سزا دینا ناگزیر ہے، خوشحال کاکڑ

ظلم وجبر کیخلاف ہر صورت جدوجہد اور مظلوم کی آواز بننا پارٹی کی بنیادی ذمہ داری ہے، چیئرمین پشتونخوا نیپ

ہمیں ذاتی، قبائلی اور خاندانی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر حق، انصاف اور مظلوم کا ساتھ دینا ہوگا، شہداء کے لواحقین سے تعزیت کے موقع پر گفتگو

پشین (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین اور رکن قومی اسمبلی خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ ظلم وجبر کی ہر شکل کے خلاف جدوجہد جاری رکھنا اور مظلوم کا ساتھ دینا پارٹی کی بنیادی ذمہ داری ہے، جس سے کسی بھی صورت میں پیچھے نہیں ہٹا جائے گا انہوں نے واضح کیا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی متاثرہ اور مظلوم خاندان کے لواحقین کے ساتھ ہر مرحلے پر کھڑی رہے گی اور انصاف کے حصول تک ان کی مکمل سیاسی، اخلاقی اور قانونی حمایت جاری رکھے گی وہ پشین کے علاقے یارو میں پشتون قومی سیاسی تحریک کے بزرگ رہنماء...... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

اسپیشل مجسٹریٹ سریاب عزت اللہ بھوسہ منڈی میں غیر قانونی ریڈنیک کے ذریعے پانی ذخیرہ کرنے والی واٹر سپلائی کو سیل کرتے ہوئے جبکہ مالک کو گرفتار کیا جا رہا ہے

گوادر، کارکنوں کیلئے عید ملن پارٹی، مولانا ہدایت الرحمان خصوصی طور پر شریک

گوادر کو درپیش مسائل مستقل بنیادوں پر حل کریں گے، صوبائی امیر جماعت اسلامی

جماعت اسلامی کے اراکین وکارکنان اپنے دفتر کو عوامی مشکلات میں کمی کا ذریعہ بنائیں، خطاب

کوئٹہ (این این آئی) جماعت اسلامی گوادر کے زیر اہتمام ارکان وکارکنان کے اعزاز میں عید ملن پارٹی کا انعقاد کیا گیا جس سے امیر جماعت اسلامی بلوچستان و ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے خصوصی شرکت کی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ ضلع گوادر کے تمام اجتماعی کاموں کو اپنے وقت میں مکمل کریں انہوں نے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ گوادر کے بنیادی ایشوز کو مستقل بنیادوں پر حل کئے جائیں تاکہ آئندہ عوام مشکلات کا شکار نہ ہوں۔ ہم...... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

ملک بھر سے مشرق وسطیٰ کیلئے دوطرفہ 40 پروازیں منسوخ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک بھر کے ایئرپورٹس سے مشرق وسطیٰ کے لیے 40 دوطرفہ پروازیں منسوخ ہو گئیں۔ تفصیلات کے مطابق کراچی سے دوحہ، کویت، بحرین، ایران، عراق، دبئی اور ریاض کی 15 پروازیں منسوخ کردی گئیں۔ اسلام آباد سے دبئی، دوحہ، بحرین، شارجہ اور کویت کی 6 پروازیں منسوخ ہو گئیں۔

بھارت کی ایک اور 'فالس فلیگ' سازش بے نقاب

بے گناہ پاکستانی اور کشمیری قیدیوں کو مہرے کے طور پر استعمال کرنے کا منصوبہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بھارت کی جانب سے پاکستان کے خلاف ایک اور خطرناک "فالس فلیگ" آپریشن کی سازش بے نقاب ہوئی ہے۔ مصدقہ ذرائع کے مطابق، بھارتی خفیہ ایجنسی "را" اور وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے مل کر ایک ایسی اسکیم ترتیب دی ہے، جس کا مقصد عالمی سطح پر بھارت کو ملنے والی حالیہ سفارتی ہزیمت سے توجہ ہٹانا اور پاکستان کے خلاف جھوٹا...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

کرپشن الزامات پر نیتن یاہو کی معافی کی درخواست واپس

تل ابیب (م ڈ) اسرائیلی صدر آئزک ہرزوگ نے کرپشن الزامات پر وزیر اعظم نیتن یاہو کی معافی کی درخواست وزارت انصاف کو واپس بھجوا دی۔ صدر آئزک ہرزوگ نے درخواست پر فیصلے کے لیے مزید مواد طلب کرلیا۔

لاک ڈاؤن، اور ریلیف دینے جیسے آپشنز زیر غور ہیں، عطا تارڑ

حکومت نے عوام کو پہلے 24، پھر 57 اور اب 50 ارب کی سبسڈی فراہم کی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ موجودہ حالات کے پیش نظر لاک ڈاؤن، تیل کی قیمتوں میں اضافے اور مخصوص طبقوں کو ریلیف دینے جیسے آپشنز زیر غور ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صدر آصف علی زرداری کی زیر صدارت ہونے والا حالیہ اجلاس غیر معمولی اہمیت کا حامل تھا...... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

زیارت: بارشوں اور برفباری سے سردی کی شدت میں اضافہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں مارچ کے مہینے میں زیارت اور دیگر علاقوں میں شدید بارشوں، برفباری اور ژالہ باری سے سردی کی شدت میں اضافہ ہو گیا جبکہ چیری، سیب اور دیگر باغات سمیت کھڑی فصلوں کو شدید نقصان پہنچا۔

امریکہ واسرائیل کی جارحیت امن وسلامتی کیلئے خطرے کی گھنٹی ہے، جمعیت نظریاتی

امریکہ واسرائیل کی خطے میں امن سبوتاژ کرنے کی کوششیں جاری ہیں، مولانا عبدالقادر لونی، مفتی شفیع الدین

اقوام متحدہ، انسانی حقوق کے ادارے امریکہ واسرائیلی مظالم پر خاموش تماشائی کا کردار ادا کررہے ہیں، مولانا عبدالرؤف، نجیم خان ایڈووکیٹ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجیم خان ایڈووکیٹ نائب امیر مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ حکمران او آئی سی سربراہ اجلاس طلب کرکے مشترکہ لائحہ عمل طے کریں امریکہ اور اسرائیل کی مسلسل جارحیت امن وسلامتی کیلئے خطرے کی گھنٹی ہے امریکہ واسرائیل...... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر